کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | پیر 20 جمادی الثانی 1446ھ 23 دسمبر 2024ء، صفحات 08 | شمارہ 176
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

حکومت اور پی ٹی آئی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات کا پہلا راؤنڈ آج اسپیکر چیمبر میں ہوگا

امید ہے قومی مفاد کو مقدم رکھا جائیگا، وزیراعظم

وزیراعظم کا اقدام خوش آئند، دونوں کمیٹیوں کے اراکین سے اپنے چیمبر میں ملاقات کروں گا، نیک نیتی سے مذاکرات کی دعوت دی، بات چیت اور مکالمے سے ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے، سردار ایاز صادق

حکومتی کمیٹی میں اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، خالد مقبول صدیقی اور چوہدری سالک حسین شامل، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی جانب سے بھی حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم

مطالبات نہ مانے گئے تو سول نافرمانی تحریک میں زرمبادلہ بند کرنے کا کہیں گے، عمر ایوب، حکومت کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی کا قیام خوش آئند ہے، شیر افضل کی پارٹی کو سول نافرمانی تحریک موخر کرنیکی تجویز

عمران خان کی رہائی مذاکرات کے ایجنڈے میں شامل نہیں ہوگی، بیرسٹر عقیل ملک، مذاکرات کا ایجنڈا سیٹ کرنے اور ٹی او آرز طے کرنے کے بعد بات آگے چل سکتی ہے، مشیر وزیراعظم برائے قانون و انصاف

اسلام آباد (شاکر رحمان) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اپوزیشن سے مذاکرات کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کمیٹی بنانے کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے حکومت اور اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹیوں کو ملاقات کی دعوت بھی دیدی ہے، دونوں کمیٹیوں کا پہلا اجلاس آج اسپیکر چیمبر میں دن 11 بجے ہوگا۔ سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ مسائل مذاکرات سے حل کرنے کیلئے وزیراعظم کا اقدام خوش آئند ہے، دونوں کمیٹیوں کے اراکین سے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنے چیمبر میں ملاقات کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ نیک نیتی سے حکومت اور اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی، بات چیت اور مکالمے سے ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف سے مذاکرات کے لیے کمیٹی تشکیل دی ہے جس میں اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، خالد مقبول صدیقی اور چوہدری سالک حسین شامل ہیں۔ پاکستان تحریک۔۔۔۔۔۔ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

رواں مالی سال کوئی منی بجٹ نہیں لا رہے، ارشد لنگڑیال

جو لوگ ٹیکس نہیں دے رہے ان سے ٹیکس اکٹھا کرنا ہوگا، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے واضح کیا ہے کہ رواں مالی سال میں کوئی منی بجٹ نہیں لا رہے۔ راشد محمود لنگڑیال کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹ بڑھ جانے سے وصولیوں میں کامیابی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر ائیرپورٹ روڈ پر پل کی مرمت کروا رہے ہیں

ملٹری کورٹس سے سزا یافتہ آرمی چیف کے روبرو اپیل دائر کرسکیں گے، آئینی ماہرین

سزائیں بحال رہتی ہیں تو صدر پاکستان کے روبرو آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت رحم کی اپیل دائر کی جاسکتی ہے

سپریم کورٹ بھی ملٹری کورٹ کی جانب سے دی گئی سزاؤں کو ریویو کرے گی، ذرائع، وکلاء، سویلین کورٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئینی ماہرین نے کہا ہے ملٹری کورٹ سے سزایافتہ افراد آرمی چیف کے روبرو اپیل دائر کرسکیں گے اگر سزائیں بحال رہتی ہیں تو صدر پاکستان کے روبرو آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت مجرم رحم کی اپیل دائر کرسکیں گے، جی ایچ کیو کی جیگ برانچ کے قریبی ذرائع اور سویلین کورٹس کے وکلاء نے اپنے نام صیغہ راز میں رکھنے کی شرط پر بتایا سپریم کورٹ بھی ملٹری کورٹ کی جانب سے دی گئی سزاؤں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بی ایم سی ہاسٹل کی بندش کے خلاف طلباء و طالبات نے گولی مار چوک پر دھرنا دے رکھا ہے

کرم میں راستے بدستور بند، علاج کی سہولیات ختم، 50 بچے جاں بحق

شہر میں اشیائے خورونوش، ادویات، تیل، لکڑی، ایل پی جی کی قلت، شہریوں کا پریس کلب کے باہر شدید سردی میں احتجاجی دھرنا

بحرانی کیفیت سے دوچار ہیں، مظاہرین کی دہائی، مسافر گاڑیوں پر حملوں و جھڑپوں کے بعد سکیورٹی خدشات پر راستے بند کیے، انتظامیہ

کرم (بیورو رپورٹ) ضلع کرم میں پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ سمیت آمدورفت کے راستوں کی بندش 75 ویں روز بھی جاری رہی، شہر میں اشیائے خوردونوش، ادویات، تیل، لکڑی، ایل پی جی کی شدید قلت ہوگئی جبکہ آمدورفت کے راستوں کی بندش کیخلاف شہریوں نے گزشتہ روز سے پریس کلب کے باہر شدید سردی میں احتجاجی دھرنا دیا، مظاہرین نے کہا مرکزی شاہراہ اور افغان بارڈر سمیت راستوں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

جنوبی وزیرستان، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر وانا کے دورے کے موقع پر پاک فوج کے جوانوں سے خطاب کررہے ہیں

قوم کی پرعزم حمایت سے پاک فوج، قانون نافذ کرنیوالے ادارے اکٹھے ملکر پائیدار امن و استحکام کی بحالی یقینی بنائیں گے، جنرل سید عاصم منیر

ریاست مخالفین اور انکے سہولت کاروں کا خاتمہ کیا جائیگا، آرمی چیف

ہر قسم کی انتہا پسندی اور دہشتگردی کے خاتمے اور ملک میں امن و استحکام یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے، فتنہ الخوارج کے سہولت کاروں، مالی امداد دینے والوں اور کارروائیاں کرنے والوں کا تعاقب کرینگے

پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوان جنہوں نے بھرپور بہادری اور بے لوث جذبے کا اظہار کیا ہے قوم کے ہیرو، شہداء پاکستان کا فخر ہیں، ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا

پاکستان کی مسلح افواج کی جرات، لچک اور غیر متزلزل عزم ملکی خودمختاری کا سنگ بنیاد ہے، جنرل سید عاصم منیر کا جنوبی وزیرستان کا دورہ، دہشتگردی اور انتہا پسندی کی تمام شکلوں کو ختم کرنے کا اعلان

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے ریاست کیخلاف مذموم سرگرمیوں میں ملوث افراد، سہولت کاروں اور مالی معاونت کرنے والوں کا خاتمہ کیا جائے گا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف آرمی سٹاف نے جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا کا دورہ کیا، موجودہ سکیورٹی صورتحال۔۔۔۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی ناقابل معافی جرم ہے، سربراہ کو سزا ضرور ہوگی، عطا تارڑ

پی ٹی آئی والوں نے ملکی دفاع اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کی گئی، وزیر اطلاعات

پاکستان ہے تو سب ہیں، سیاسی دہشت گردی نہیں چلے گی، معیشت بہتری کی جانب گامزن، سٹاک مارکیٹ اوپر جا رہی ہے، خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے 9 مئی کے سربراہ کو سزا ضرور ہوگی، ناقابل معافی جرم ہے، لاہور میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ہمیشہ ملک میں ترقی ہوئی، دوست ممالک کے سرمایہ کار پاکستان آرہے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الخوارج کے حملے میں شہید جوانوں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

قربانیاں دہشتگردی کیخلاف جاری جنگ میں عزم و حوصلے کو دوام بخشتی ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ضلع جنوبی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے حملے میں شہید ہونے والے جوانوں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 21 دسمبر 2024 کو ضلع جنوبی وزیرستان کے علاقے مکین میں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے جنوبی افریقا کو تیسرے ون ڈے میں وائٹ واش کردیا

پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے جنوبی افریقا کو جیت کے لیے 308 رنز کا ہدف دیا تھا

جنوبی افریقہ کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 272 رنز پر ڈھیر، صائم کی شاندار سنچری

جوہانسبرگ (م ڈ) پاکستان اور جنوبی افریقہ کے مابین تیسرے ون ڈے میں بارش کے باعث ٹاس تاخیر کا شکار ہوا۔ بارش رکنےکے بعد ٹاس ہوا تو جنوبی افریقی کپتان نے ٹاس جیت کر مہمان ٹیم کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ میچ شروع ہونے کے بعد دوبارہ بارش کے باعث میچ روکنا پڑا اور 3 اوورز کم کردیے گئے۔ قومی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے صائم ایوب۔۔۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے مطالبات کا ڈرافٹ تیار کرلیا، سول نافرمانی کے عملی اقدامات روک لئے

5 ہزار سے زائد سیاسی قیدیوں کی رہائی فہرست تیار، سیاسی قیدیوں کی لسٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا نام پہلے نمبر پر

مذاکرات کے دوران 9 مئی اور 26 نومبر واقعات کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قیام کے مطالبات رکھے جائیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے مطالبات کا ڈرافٹ تیار کرلیا، سول نافرمانی کے عملی اقدامات روک لئے، ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کی مذاکراتی ٹیم نے آپس میں غیر رسمی مشاورت کی، 5 ہزار سے زائد سیاسی قیدیوں کی رہائی فہرست تیار کر لی گئی، سیاسی قیدیوں۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

یونان کشتی حادثے میں ملوث انسانی سمگلر سمیت 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزم نے متاثرین کو یورپ بھجوانے کے نام پر لاکھوں روپے ہتھیائے، ایف آئی اے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) یونان کشتی حادثے میں ملوث انسانی سمگلر سمیت 2 ملزموں کو گرفتار کرلیا گیا، ترجمان ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اسٹیبلشمنٹ کے سامنے کٹھ پتلی ہے، حامد خان

اسلام آباد (م ڈ) پی ٹی آئی رہنما سینیٹر حامد خان نے کہا ہے کہ اصل قوت اسٹیبلشمنٹ ہے جو کسی صورت پی ٹی آئی کو رعایت دینے کو تیار نہیں، یہ ملٹری کورٹس کے فیصلے سے بھی نظر آتا ہے، حکومت اسٹیبلشمنٹ کے سامنے کٹھ پتلی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے رہنما علی مدد جتک اور رکن قومی اسمبلی جمال رئیسانی کے ہمراہ نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کا گروپ فوٹو

چہرے کی شناخت کا نیا نظام 15 جنوری کو نافذ العمل ہوگا، نادرا

اسلام آباد (م ڈ) نادرا کی جانب سے پنشنرز اور بزرگ شہریوں کے لیے چہرے کی شناخت کا نیا نظام، شناخت کی نئی ٹیکنالوجی 15 جنوری 2025 سے متعارف ہوگی۔ نادرا کی جانب سے نیا نظام انگلیوں کے مدہم۔۔۔۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے امن و امان کے اقدامات پر اظہار اطمینان کردیا

وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات، ملکی سیاسی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں امن و امان کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کردیا، وزیراعظم۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان اسٹیبلشمنٹ کا پراڈکٹ تھا، اب امریکہ کی مدد سے اقتدار چاہتے ہیں، وزیر دفاع

9 مئی کو حساس مقامات پر حملے کیے گئے، ہندوستان میں بھی ایسی للکار نہیں ہوئی، حساس معاملے پر فوری فیصلوں کی ضرورت تھی

ملٹری کورٹ سے 9 مئی کے مجرموں کو سزا سنگ میل، کوئی بیرونی ہاتھ پی ٹی آئی کی مدد کو آیا تو پاکستان اپنی حفاظت کریگا، خواجہ آصف

لندن (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے عمران خان اسٹیبلشمنٹ کا پراڈکٹ تھا اور اب امریکہ کے کاندھوں پر بیٹھ کر اقتدار میں آنا چاہتے ہیں اگر کوئی بیرونی ہاتھ پی ٹی آئی کی مدد کو آیا تو پاکستان اپنی حفاظت کرے گا، لندن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا 9 مئی میں سب سے بڑی رکاوٹ تھی جبکہ حساس معاملے پر فوری فیصلوں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کرم میں کشیدگی کے باعث پشاور آمدورفت کیلئے ہیلی کاپٹر سروس شروع

پروازوں کے ذریعے پاراچنار سے 53 افراد کو پشاور منتقل کیا گیا، پریس سیکرٹری وزیر اعلیٰ

پشاور (بیورو رپورٹ) ضلع کرم میں جاری کشیدگی کے باعث آمدورفت میں لوگوں کو درپیش مشکلات کے پیش نظر پشاور آمدورفت کیلئے صوبائی حکومت نے ہیلی کاپٹر سروس شروع کردی، پریس سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ضلع کرم میں جاری کشیدگی کے باعث آمدورفت میں لوگوں کو درپیش مشکلات کیلئے وزیر اعلیٰ علی امین۔۔۔۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کے جذبے کو ہتھیار بنا کر بی بی شہید کا مشن پورا کرینگے، علی مدد جتک

پیپلز پارٹی نے نوجوانوں کو نئے جوش کیساتھ ملکی ترقی میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کیا، نوابزادہ جمال خان رئیسانی

صدر آصف زرداری، بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق بلوچستان کی تعمیر و ترقی کیلئے کوشاں ہیں، جتک ہاؤس میں شمولیتی پروگرام سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی اور سابق صوبائی وزیر حلقہ پی بی 45 کے امیدوار حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے نوجوانوں کو نئے جوش اور۔۔۔۔۔۔ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

چہرے بدلنے سے حالات ٹھیک نہیں ہوں گے، نظام بدلنا ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

ملک پر نااہل لوگ مسلط ہیں پاکستان مسائل کا گڑھ بنتا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

امریکا اسرائیل مل کر فلسطین میں مسلمانوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں، تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (م ڈ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت 10 کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ تقریب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

یونان کشتی حادثے کا ملزم فرار، پولیس کا ایف آئی اے کا لاعلم رکھنے کا بیان مسترد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سیالکوٹ نے یونان کشتی حادثے کے مرکزی ملزم عثمان بجر کی رہائی سے متعلق ایف آئی اے کو لاعلم رکھنے کا بیان مسترد کردیا، ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا ایف آئی اے کو صورتحال۔۔۔۔۔۔ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کے قرضوں میں 3 ہزار 919 ارب کا اضافہ

نومبر اور دسمبر 2024 کے 2 مہینوں کے حکومتی قرضوں کا ڈیٹا ابھی آنا باقی ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) 2024 میں وفاقی حکومت کے قرضوں میں مجموعی طور پر 3 ہزار 919 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ مرکزی حکومت کے غیر ملکی قرضوں میں کمی دیکھنے میں آئی، سٹیٹ بینک کی دستاویز کے مطابق 2024 میں وفاقی حکومت کے مقامی قرضوں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

مردان میں فائرنگ سے میاں، بیوی اور بیٹا قتل

مردان (بیورو رپورٹ) تخت بائی کے علاقے عیسیٰ خان کلی میں فائرنگ نے 3 افراد کی جان لے لی، پولیس کے مطابق مرنے والوں میں میاں، بیوی اور بیٹا شامل ہے، پولیس کے مطابق واقعہ فریقین میں مکان کی ملکیت۔۔۔۔۔۔ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے، خورشید شاہ

دہشت گرد اور سرپرست اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

اسلام آباد (شاکر رحمان) پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے امن کیلئے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے، دہشت گرد اور سرپرست اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب۔۔۔۔۔۔ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

خرم دستگیر، جاوید لطیف کو اپنی جماعت میں نہیں لے سکتا، شاہد خاقان

کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے سیاسی طور پر بانی پی ٹی آئی کو عوام کی حمایت حاصل ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر و سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے خرم دستگیر اور میاں جاوید لطیف کو اپنی جماعت میں نہیں لے سکتا تاہم اگر سعد رفیق چاہیں تو خیر مقدم کیا جائے گا، خرم دستگیر اور میاں جاوید لطیف کو صرف اس وجہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

قوم شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی، بلاول بھٹو

دہشتگردی انسانیت دشمنی، پیپلز پارٹی دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

شہید اہلکاروں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، چیئرمین پی پی، سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

کراچی (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی، پی پی چیئرمین بلاول بھٹو نے خیبر پختونخوا میں سکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت کی اور جوابی فائرنگ میں 8 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا، بلاول بھٹو نے ضلع جنوبی وزیرستان مکین میں سکیورٹی فورسز کے 16 بہادر جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ کا فوری پل کی خستہ دیوار کی تعمیر کا حکم

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات کا پل کے متاثرہ حصے کا معائنہ، افسران بھی ہمراہ تھے

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر فوری مرمت کا آغاز کردیا گیا ہے، لعل جان جعفر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ نے جوائنٹ روڈ پر موجود خستہ حال پلر کی ویڈیو کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت کردی ہے جس پر اتوار کے روز سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران نے سائٹ کا دورہ کیا اور متاثرہ بلاک کی فوری تعمیر و مرمت کے لیے احکامات جاری کیے سیکرٹری مواصلات۔۔۔۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی واقعات پر مزید کچھ لوگوں کے فیصلے ہوں گے، رانا ثناء

پی ٹی آئی رہنماؤں کیساتھ بیک چینل رابطے برقرار ہیں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے 9 مئی واقعات پر مزید کچھ لوگوں کے فیصلے ایک 2 دن میں ہوں گے، انہی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

عمران نے ترجمان کے پی حکومت بیرسٹر سیف کو اہم ٹاسک سونپ دیا

حکومت کے غیر جمہوری اقدامات کے خلاف اپوزیشن کو متحد کیا جائے گا، ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے ترجمان کے پی حکومت بیرسٹر سیف کو اپوزیشن جماعتوں کو متحد کرنے کا اہم ٹاسک دیدیا۔۔۔۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کے نتیجے میں سزا سے چھوٹ نہیں ملے گی، بلال اظہر کیانی

کسی کا خیال ہے مذاکرات کے نتیجے میں سزا سے چھوٹ مل جائے گی تو ایسا نہیں ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) چیئرمین قومی پارلیمانی ٹاسک فورس برائے ترقیاتی اہداف بلال اظہر کیانی نے کہا ہے قومی مسائل پر جو بھی بات کرنا چاہے ان کی ابھی رکاوٹ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

سول نافرمانی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ ابھی تبدیل نہیں کیا، شیخ وقاص

جب تک بانی فیصلہ واپس نہیں لیتے تب تک کال موجود ہے، سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی

مذاکراتی کمیٹی ملاقات کے بعد اڈیالہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی خواہش رکھتی ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص نے کہا ہے پارٹی کی جانب سے اعلان کردہ سول نافرمانی کی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ ابھی تبدیل نہیں کیا گیا، اعلان اب بھی برقرار ہے، حتمی فیصلہ عمران خان کریں گے، پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا بانی پی ٹی آئی کی جانب سے سول نافرمانی کی کال۔۔۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا 24 نومبر کا احتجاج ملکی جمہوریت کا ایک اور سیاہ باب

احتجاج و عوامی مظاہروں کو مسلسل سیاسی چالبازی کے آلے کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کا 24 نومبر کا احتجاج ملکی جمہوریت کا ایک اور سیاہ باب ہے، احتجاج اور عوامی مظاہروں کو مسلسل سیاسی چالبازی کے ایک آلے کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا، 24 نومبر کا احتجاج عمران خان کے اقتدار سے نکالے جانے کے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

عمران، بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ موخر، آج نہیں سنایا جائیگا

عدالتی عملے کی جانب سے پی ٹی آئی وکلا کو آگاہ کردیا گیا، احتساب عدالت اسلام آباد 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر فیصلے کی نئی تاریخ دے گی

سماعت آج اڈیالہ جیل کی بجائے احتساب عدالت اسلام آباد میں ہوگی، ریفرنس کا فیصلہ جنوری کے پہلے ہفتے میں سنایا جائے گا، ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ آج نہیں سنایا جائے گا، گزشتہ دنوں احتساب عدالت۔۔۔۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سے ملاقات تک تنقید پر کوئی تبصرہ نہیں کرسکتا، فواد چوہدری

لاہور (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان نے خود انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ پارٹی کے موجودہ عہدیداروں کی جانب سے ان پر کی جانے والی کسی بھی تنقید کا جواب نہ دیں۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سائبیریا سے چلنے والی تیز ہوائیں آج بلوچستان میں داخل ہوں گی

ہواؤں کے سبب آئندہ چند روز تک سردی میں مزید اضافہ کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ زیارت، کان مہترزئی، خانوزئی، مسلم باغ اور بالائی علاقوں میں شدید سردی ریکارڈ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے اکثر اضلاع میں خشک سردی بڑھنے کا امکان ہے جبکہ سائبیریا سے چلنے والی تیز ہوائیں آج بلوچستان میں داخل ہوں گی، محکمہ موسمیات کے مطابق سائبیریا کی ہواؤں کے سبب آئندہ چند روز تک سردی میں مزید اضافہ کا امکان۔۔۔۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

برآمدات بڑھائے بغیر معاشی مسائل حل نہیں ہو سکتے، وزیر خزانہ

طورخم بارڈر کے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی، محمد اورنگزیب

اسلام آباد/لاہور (م ڈ) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد نے طورخم بارڈر کے گھمبیر مسائل اور اسٹیٹ بینک کے سرکلر ایف ای۔۔۔۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور سردارزادہ میر ظفر اللہ ساسولی ملاقات کررہے ہیں

کارکنوں کو ملٹری کورٹس سے سزایافتہ قرار دینا زیادتی ہے، عاطف خان

وفاقی حکومت بے بس، مذاکرات بااختیار لوگوں سے کرینگے، نجی ٹی وی سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما اور ممبر قومی اسمبلی عاطف خان نے کہا ہے مذاکرات میں وفاقی حکومت کی سنجیدگی ہے نہ ہی نیت، وفاقی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت پاکستان سے امریکا کے ذریعے بات کررہا ہے، مسعود خان

امریکا نے پاکستان کیلئے منظور کیے گئے 35 ملین ڈالر اس لیے روک دیے کیونکہ ہمارے پاس شکیل آفریدی ہے

چیلنج ہے کہ ہم چین کے ساتھ تعلقات کو درست کریں، سیاسی عدم استحکام کے معیشت پر منفی اثرات پڑ سکتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر مسعود خان نے کہا کہ بھارت پاکستان سے بات نہیں کر رہا ہے، بھارت امریکا کے ذریعے پاکستان سے بات کر رہا ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ ادب فیسٹیول میں گفتگو کرتے ہوئے سابق سفیر مسعود خان نے کہا کہ امریکا نے پاکستان کیلئے منظور کیے گئے 35 ملین ڈالر اس لیے روک دیے کیونکہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر کے پی نے صوبائی حقوق کیلئے سیاسی و تکنیکی کمیٹیاں قائم کردیں

آل پارٹیز کانفرنس کے متفقہ فیصلے کی روشنی میں 11 رکنی سیاسی اور 12 رکنی تکنیکی کمیٹی تشکیل دی گئی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبائی حقوق کیلئے سیاسی و تکنیکی کمیٹیاں قائم کردیں، پہلی گورنر خیبر پختونخوا آل پارٹیز کانفرنس کے متفقہ فیصلے کی روشنی میں گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے سیاسی و تکنیکی کمیٹیوں کے ممبران کا اعلامیہ جاری کردیا، فیصل کریم کنڈی کے دستخطوں سے جاری اعلامیے کے مطابق 11 رکنی سیاسی کمیٹی تشکیل۔۔۔۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں امن کا قیام شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہے، گورنر بلوچستان

دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانا ہونگے، جعفر خان مندوخیل

وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی شہادت پر افسوس، سوگوار خاندانوں سے یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیرستان میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران سیکورٹی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

تربت میں ایل پی جی کے بوزر پر فائرنگ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے 2 ایل پی جی گیس بوزر پر فائرنگ کردی جس سے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ہیومن رائٹس کمیشن کا پاراچنار میں انسانی المیہ پر نوٹس

لاکھوں افراد محاصرے میں ہیں، 300 سے زائد مریض جان کی بازی ہار گئے

وزیراعظم اور آرمی چیف سنگین صورتحال حل کرنے کیلئے صوبائی حکومت پر دباؤ ڈالیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس کمیشن نے پاراچنار میں انسانی المیہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم اور آرمی چیف سے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ن لیگ سندھ کے سینئر رہنما رانا احسان پیپلز پارٹی میں شامل

مجھے عمران نیازی سے اچھے کی امید نہیں، مذاکرات کے موقع پر گلا بھی مار سکتا ہے، سعید غنی

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے مجھے عمران نیازی سے اچھے کی امید نہیں، مذاکرات کے موقع پر گلا بھی مار سکتا ہے، جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے درخواست ہے شہریوں کے مسائل کیلئے بات کریں، شہریوں کیلئے مزید مسائل۔۔۔۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اندرون بلوچستان فائرنگ، حادثات 6 جاں بحق، 3 زخمی

پنجگور میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار خاتون جاں بحق جبکہ بچہ زخمی ہوگیا

چمن میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل اور ایک زخمی کردیا، کوئٹہ سے نعش برآمد، مردہ خانے منتقل

مسلم باغ کے علاقے میں ٹرک اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے، مقدمات درج

کوئٹہ، اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نمائندے) پنجگور کے علاقے چتکان قلم چوک پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ سے صوبے سندھ کے رہائشی ثمن علی سکنہ دادو صوبے سندھ موقع پر جاں بحق ہوئے پولیس ذرائع کے مطابق مقتول چتکان قلم چوک کے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور، ذاتی دشمنی پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کردیا گیا

3 زخمی افراد ہسپتال منتقل، ملوث ملزموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، پولیس

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں ذاتی دشمنی پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کردیا گیا، رپورٹ کے مطابق واردات پشاور کے علاقے چمکنی میں پیش آئی، فائرنگ کا واقعہ پرانی دشمنی اور جائیداد کے تنازع پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، 3 زخمی افراد۔۔۔۔۔۔ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

”آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کیچ تھیلیسیمیا سنٹر کا دورہ“

نسیم الحق زاہدی

جنوبی بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے سے لے کر عوام کی خدمت تک ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں ۔اگر راقم اس کی تفصیل لکھنے بیٹھ گیا تو عین ممکن ہے کہ صفحات تنگ دامانی کی شکایت کریں۔ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اپنی دفاعی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ دیگر معاشی وسماجی محاذوں پر بھی اپنا کلیدی کردار نبھا رہی ہے ۔ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا قیام 2017ء میں عمل میں لایا گیا جس کا مقصد جنوب مغربی حصے میں افغانستان اور ایران کے ساتھ ملک کی سرحدوں کی نگرانی اور جنوبی بلوچستان میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ داخلی اور سرحدی سلامتی کے علاوہ قومی اور عسکری اہمیت کے منصوبوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے ۔ان سات سال کے قلیل عرصے میں اس نئی قائم ہونے والی فورس نے نہ صرف خود کو منظم کیا بلکہ اپنی افرادی قوت کو پیشہ ورانہ تربیت دی ،اپنی تعیناتی کے علاقے میں سرحدی حفاظت اور امن وامان کی بحالی سے لے کر عوامی خدمت تک اپنی بنیادی ذمہ داریوں کو انتہائی بہترین اور موثر انداز میں نبھایا ہے۔گذشتہ دنوں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان ،جو (ساؤتھ) بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے ،ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے دن رات سرگرم عمل ہیں ،نے کیچ تھیلیسیما سنٹر کا دورہ کیا ۔جہاں انہوں نے اس خطرناک مرض کے شکار بچوں سے اور ان کے والدین سے ملاقات کی ،ان کے ساتھ وقت گزارا ،اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے جدید الیکٹرومیڈیکل آلات کی خریداری کے لیے 10 لاکھ روپے کا عطیہ پیش کیا جبکہ کورکمانڈر بلوچستان کی طرف سے 28 لاکھ روپے کا اضافی عطیہ پیش کیا گیا۔ اس وقت پاکستان میں تھیلیسیمیا کے 40 مراکز ہیں جن میں سے ایک کیچ تھیلیسیمیا مرکز ہے جو 2019ء سے اپنی مدد آپ کے تحت کام کر رہا ہے جس میں اس وقت 450 مریض رجسٹرڈ ہیں ،سنٹر کے تقریباً 40 لاکھ روپے ماہانہ اخراجات ہیں جن سے ضلع کیچ میں تھیلیسیمیا کے مریضوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے ۔ان عطیات کی فراہمی پر سنٹر کے سربراہ ارشاد عارف نے آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور کورکمانڈر بلوچستان کا خصوصی شکریہ ادا کیا ،جبکہ متاثرہ بچوں کے والدین نے آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا انتہائی جذباتی انداز میں ،پرنم آنکھوں کے ساتھ تشکر کا اظہار کیا کہ ان کے عطیات کی وجہ سے خون کی بوند بوند کے طلب گار ان کے بچوں میں زندگی کی نئی امید پیدا ہوئی ہے ۔قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ جس نے ایک شخص کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا ہے ۔اللہ تعالیٰ کے قرب کی منزلیں اس کی مخلوق سے محبت اور رحمدلی کے راستوں سے ہی ہو کر گزرتی ہیں ۔عبادات اور سخت مجاہدہ بھی بندے کو وہ مقام نہیں دلا سکتے جو تنہا انسانیت کا جذبہ دلا سکتا ہے کیونکہ انسان کو پیدا ہی ایک دوسرے کی خیر خواہی اور دردمندی کے لیے کیا گیا ہے ۔اللہ تعالیٰ کو اپنی بندگی سے زیادہ اپنے بندوں سے انسانیت اور رحم دلی مرغوب ومطلوب ہے ۔آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور کورکمانڈر کوئٹہ نے خدمت انسانیت کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ تھیلیسیمیا ایک موروثی اور خطرناک مرض ہے ۔ایک اندازے کے مطابق دنیا بھر میں 100 ملین افراد تھیلیسیمیا کے لیے موروثی عنصر رکھتے ہیں ،اور سالانہ 300,000 سے زیادہ نئے پیدا ہونے والے بچے اس بیماری سے متاثر ہوتے ہیں ۔پاکستان میں تقریباً 98 لاکھ افراد تھیلیسیمیا کا شکار ہیں جبکہ ہر برس نو ہزار بچے اس بیماری کے ساتھ پیدا ہو رہے ہیں ۔طبی ماہرین کے مطابق اس کی ایک بڑی وجہ خاندانوں میں شادیاں ہیں ۔یہ مہلک مرض والدین سے بچوں میں منتقل ہوتی ہے اور ان خاندانوں میں زیادہ ہوتی ہے جن خاندانوں میں یہ بیماری پہلے سے پائی جاتی ہے اور آپس میں خاندانی شادیوں کا رواج زیادہ ہوتا ہے ۔ اس بیماری میں انسانی جسم خون کے سرخ خلیوں کے لیے ناکافی ہیموگلوبن بنانے لگتا ہے ۔اس طرح جسم میں سرخ خلیوں کی تعداد کم ہونے لگتی ہے اور مریض کو ہر ماہ ایک یا دو بار مرتبہ خون لگوانا ضروری ہوتا ہے ۔اس بیماری کی دو بڑی اقسام ایلفا اور بیٹا تھیلیسیمیا ہیں ۔پاکستان میں زیادہ تر کیسز بیٹا تھیلیسیمیا کے ہیں جسے میجر اور مائنر کی سب کیٹیگری میں تقسیم کیا گیا ہے ۔مائنر تھیلیسیمیا میں والدین میں سے کوئی ایک اس مرض کا شکار ہو تو پیدا ہونے والا بچہ تھیلیسیمیا مائنر کا شکار ہوگا ۔یہ قسم زیادہ خطرناک نہیں ہوتی ۔میجر تھیلیسیمیا میں والدین آپس میں قریبی رشتہ دار اور اس مرض کا شکار ہوں تو ان کے بچے میجر تھیلیسیمیا کا شکار ہوں گے جن میں متاثرہ بچوں کو ہر ماہ ایک سے دو مرتبہ خون لگانے کی ضرورت ہوتی ہے ۔پاکستان میں ایسے بچوں کی اوسط عمر 10 سے 12 سال ہے ۔2022ء میں پری میرج تھیلیسیمیا ٹیسٹ کا قانون منظور کروانے کے لیے کوشش کی گئی ۔2021ء میں نیچر سائنس جرنل میں شائع ہونے والے مقالے میں بتایا گیا تھا کہ پاکستان میں عام افراد تھیلیسیمیا ٹیسٹ سے خاندان والوں کی مخالفت کی وجہ سے کتراتے ہیں ،جنہیں قائل کرنا ایک بڑا چیلنج ہے ۔اس حوالے سے طبی ماہرین کے مطابق سعودی عرب ،ایران اور متحدہ عرب امارات کی مثالیں موجود ہیں ،جہاں شادی سے پہلے تھیلیسیمیا ٹیسٹ کو لازمی قرار دے کر اس مرض پر قابو کیا گیا ہے ۔2016ء میں پاکستان سینیٹ میں خاندانی قوانین میں ترمیم کا ایک بل پیش کیا گیا تھا ،جس کے مطابق ایڈز ،تھیلیسیمیا ،ہیپاٹائٹس اور خون سے متعلقہ دیگر موروثی /جینیاتی امراض کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے شادی سے قبل خون کی سکریننگ لازمی قرار دیا تھا ۔اس سلسلہ میں ایک ماہر قانون کا کہنا ہے کہ اگر یہ قانون نافذ کر بھی دیا جائے تو بعض علاقوں میں اس پر عمل درآمد بہت مشکل ہوگا کیونکہ بعض قبائل خاندان سے باہر شادیاں کرتے ہی نہیں ہیں ۔نہ ہی یہاں شادی شدہ کیریئر جوڑوں کو مزید بچوں کی پیدائش سے روکنا ممکن ہے ۔ایک تحقیق کے مطابق بعض خاندانوں میں 75 فیصد کزن میرج ہوتی ہیں جن کے باعث 71 فیصد خاندانوں میں کوئی ایک فرد تھیلیسیمیا کا شکار ہوتا ہے جبکہ ایک قابل ذکر تعداد غیر سکرین شدہ خون کی منتقلی کے باعث تھیلیسیمیا کے ساتھ ہیپاٹائٹس بی اور سی کا شکار بھی ہو چکی ہے ۔تھیلیسیمیا کے خلاف جنگ میں آگاہی پھیلانا ہی واحد طریقہ ہے ،جس کے ذریعے پاکستان میں اس پر قابو پایا جا سکتا ہے ۔ہمیں لوگوں کو آگاہ کرنا ہوگا کہ صحت مند بچے خاندانی رسم ورواج سے زیادہ اہم ہیں ۔لہٰذا شادی سے پہلے ٹیسٹ ضرور کروائیں اور کیریئر والدین مزید بچوں کی پیدائش کا رسک نہ لیں ۔واضح رہے کہ ملک کی سلامتی ہو یا دہشت گردی کے سائے ہوں یا پھر کسی بھی قسم کی قدرتی آفات ،ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے انسانیت کی خدمت کی اعلیٰ مثالیں قائم کی ہیں۔

ضلعی انتظامیہ نے پوست کے بیج سے لدا ہوا ٹرک ضبط کرلیا

1.8 ٹن پوست کے بیج کاشت کے لیے لے جائے جا رہے تھے

لورالائی (خ ن) صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایات اور کمشنر لورالائی کی احکامات پر عمل کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی نے لیویز فورس کے ذریعے ایک کامیاب کارروائی میں ایک ٹرک ضبط کیا ،جس میں 1.8 ٹن پوست کے بیج لدے ہوئے تھے (گاڑی نمبر NAE-Mazda-763)۔ یہ بیج غیر قانونی طور پر پوست کی کاشت کے لیے لے جائے جا رہے تھے ۔اس حوالے سے ایف آئی آر نمبر 13/24 درج کی جا چکی ہے۔ ضلعی انتظامیہ منشیات کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے ۔اس مہم کے دوران لیویز فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 100 ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت شدہ پوست اور بھنگ کے کھیتوں کو تلف کیا ۔اس کے ساتھ ساتھ سولر پینلز اور پانی کے بائپ لائنز کو بھی تباہ کر دیا گیا ،جو ان غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہو رہے تھے ،اور ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی ۔یہ عوام کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ حکومت منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہے ۔منشیات کی کاشت میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ،جس میں آلات کی ضبطگی ،غیر قانونی کھیتوں کی تباہی ،زمین کی ضبطگی اور دیگر قانونی کارروائیاں شامل ہیں ۔اس کامیاب کارروائی میں حصہ لینے والے لیویز اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈپٹی کمشنر نے نقد انعام بھی دیا ۔انتظامیہ عوام کو منشیات کے نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنی کوششوں میں پرعزم ہے۔

اے این پی کے مرکزی رہنما، پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی و دیگر پارٹی رہنما حاجی مولا داد عرف طورہ کا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

... سے ن لیگ کوئٹہ کے ضلعی صدر سردار بحر گل خلجی، امیر محمد مینگل اور پارٹی کے دیگر عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

کلی شیخان میں گیس پائپ لائن بچھانے کا عمل خوش آئند ہے۔اہلیان علاقہ

جی ایم سوئی سدرن اور نواب ایاز جوگیزئی اور نیاز بڑیچ کی کاوشوں کے شکر گزار ہیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) تنظیم انجمن فلاح وبہبود اتحاد نوجوانان نواب رئیسانی روڈ کلی شیخان کے صدر علی محمد بڑیچ نائب صدر نصیر بلوچ جنرل سیکرٹری کرم خان بڑیچ پریس صد خان بڑیچ اور اہلیان علاقہ نے علاقے میں گیس پائپ لائن بچھانے کا عمل کو خوش آئند قرار دیا علاقے میں گیس پریشر کا مسئلہ گھمبیر تھا ہم اہلیان علاقہ جی ایم سوئی سدرن اور پشتونخوامیپ کے مرکزی رہنما نواب ایاز جوگیزئی اور پشتونخوامیپ تحصیل سریاب کے سیکرٹری نیاز بڑیچ کی بدولت یہ ڈیڑھ کلومیٹر گیس پائپ لائن بچھانے کا عمل جاری ہیں جس میں مختلف اسٹریٹ۔ بڑیچ اسٹریٹ ون۔حاجی تاج محمد بڑیچ اسٹریٹ اور اندرون شیخان اسٹریٹ مشوانی اسٹریٹ میں یہ گیس پائپ لائن بچھانے کا عمل جاری ہے ہم اہلیان علاقہ ایک مرتبہ پر نیاز بڑیچ کی اس اقدام سراہتے ہیں اور اپنے تنظیم کی جانب سے ہر ممکن خدمات سرانجام دینے کی یقین دہانی کراتے ہیں انہوں نے کہا کہ علاقے میں بجلی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کا مسئلہ بھی گھمبیر ہے امید ہے یہ سیاسی رہنما انہیں بھی حل کرنے میں دلچسپی لینگے اور مسئلے کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرینگے کیونکہ یہاں کے حقیقی سیاسی رہنما یہی لوگ ہے نہ کہ پیراشوٹ کے ذریعے آنے والے رہنما، جو آج کل دور بین میں بھی نظر نہیں آ رہے ہیں۔

خوارج دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہیں، حافظ محمد امجد اسلام

پاک فوج کے جوانوں نے بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صدر حافظ محمد امجد اسلام نے جنوبی وزیرستان میں خوارج دہشت گردانہ حملے کی ... فوج کی قربانیاں پاکستان کی سلامتی کی ضمانت ہے خوارج دہشت گردوں کی شکست قوم کے اتحاد سے ممکن ہے اور دہشت گردوں کے خلاف پاک فوج ...

اینٹی نارکوٹکس سیل اوست محمد کی کامیاب کارروائی 250 گرام چرس برآمد

منگوچر میں چوری، راہزنی کیخلاف آج شٹرڈاؤن ہڑتال ہوگی

میر عبدالصمد گورگیج کو صوبائی کابینہ میں شامل کیا جائے، سائیں زبیر

گیس غائب ہونے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، حافظ احمد جان

بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے آواز اٹھاتی جارہی ہے، زاہد اختر بلوچ

صوبائی کابینہ بلوچستان کی خدمت کرے گی، علاؤالدین ترین

سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان کی تقریب حلف برداری 28 دسمبر کو ہوگی

منگوچر پولیس نے چوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا

تعلیم و تحقیق کا چولی دامن کا ساتھ چلا آرہا ہے، ڈاکٹر ظہور احمد خان بازئی

خواتین کو ہنر سے بااختیار بنا کر ترقی کا خواب پورا ہوسکتا ہے۔ سلیم رضا ایڈووکیٹ

سابق ناظم شہید طالب حسین آغا کی برسی

حاجی نادر خان آغا کے انتقال پر اظہار تعزیت

سیدنا ابو بکر صدیقؓ کے یوم وفات پر تعطیل کا اعلان کیا جائے، سنی علما کونسل

کمرشل سینٹر کو سوچی سمجھی سازش کے تحت ناکام بنایا جارہا ہے، ترجمان

بینک کالونی میں دو ہفتوں سے بجلی بند ہے، مکینوں کو پریشانی کا سامنا

وسطی، شمالی اور شمال مغربی اور پہاڑی علاقوں میں سردی کی شدت برقرار

بھائی کو قتل اور بہن، بھانجے کو زخمی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے، وڈیرہ شاہین

حاجی مولاداد عرف طورہ کا کے انتقال پر اظہار تعزیت



حاجی گل زمان کاکڑ کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

کچلاک اور گردونواح میں بجلی بحران شدت اختیار کر گیا، شہری

قبائلی شخصیت محمد صدیق شاہوانی انتقال کر گئے

پاک فوج اور ایف سی کی کوششوں سے بلوچستان میں نمایاں ترقی ہوئی ہے

پانامہ کینال کا انتظام چین کے پاس نہیں ہونا چاہیے کنٹرول واپس لے لیں گے، ٹرمپ کی دھمکی

پانامہ کینال کے استعمال کے لیے زیادہ فیس وصول کی جارہی ہے، اگر کینال کا انتظام قابل قبول انداز میں نہ چلایا گیا تو وہ پانامہ سے کینال کا کنٹرول واپس دینے کا مطالبہ کریں گے

امریکی صدر کی جانب سے خودمختار ملک سے علاقہ واپس لینے کی دھمکی، ٹرمپ کے دور میں امریکی سفارتکاری میں متوقع تبدیلیوں کی بھی عکاسی ہوتی ہے، فارم ٹروتھ سوشل

واشنگٹن (م ز) ڈونلڈ ٹرمپ نے الزام عائد کیا ہے کہ پاناما کی جانب سے کینال کے استعمال کے لیے زیادہ فیس وصول کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کینال کا انتظام قابل قبول انداز میں نہ چلایا گیا تو وہ پاناما سے کینال کا کنٹرول واپس دینے کا مطالبہ کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ وہ پاناما کینال کو غلط ہاتھوں میں جانے نہیں دیں گے، انہوں نے چین کے اثر و رسوخ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا کہ کینال کا انتظام چین کے پاس نہیں ہونا چاہیے۔ خبر ایجنسی کے مطابق یہ بیان کسی امریکی رہنما کی جانب سے کسی خودمختار ملک سے علاقہ واپس لینے کی دھمکی دینے کی نادر مثال ہے اور اس سے ٹرمپ کے دور میں امریکی سفارتکاری میں متوقع تبدیلیوں کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ امریکا نے پاناما کینال کی تعمیر اور اس سے منسلک علاقے کا انتظام کئی دہائیوں تک سنبھالے رکھا تاہم 1999 میں مکمل طور پر اس کا کنٹرول پاناما کو سونپ دیا گیا تھا۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ پاناما کی جانب سے وصول کی جانے والی فیس مضحکہ خیز ہے، خاص طور پر یہ جانتے ہوئے کہ امریکا نے پاناما کے ساتھ غیر معمولی سخاوت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کینال دوسروں کے فائدے کے لیے نہیں دی گئی تھی اگر اس فراخدلی کے اخلاقی اور قانونی اصولوں کی پاسداری نہیں کی گئی تو ہم مطالبہ کریں گے کہ کینال کو مکمل طور پر ہمارے حوالے کیا جائے۔ امریکی میڈیا کے مطابق دنیا کی مجموعی بحری آمد و رفت کا 5 فیصد اسی کینال کے ذریعے ہوتا ہے

امریکا نے غلطی سے بحیرہ احمر میں اپنا ہی طیارہ مار گرایا

واشنگٹن (م ز) امریکا نے غلطی سے بحیرہ احمر میں اپنا ہی طیارہ مار گرایا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ غلطی سے گرائے گئے امریکی طیارے کے دونوں پائلٹ بچ گئے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کا کہنا ہے کہ ایف اے 18 ہارنیٹ طیارہ بحیرہ احمر میں امریکی جہاز کے قریب سے گزر رہا تھا، انہوں نے کہا کہ میزائل کروز گیٹس برگ نے میزائل مار کر طیارہ غلطی سے مار گرایا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے یہ بھی کہا کہ غلطی سے گرائے گئے امریکی طیارے کا ایک پائلٹ معمولی زخمی ہوا ہے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

قدرتی گیس کے ذخائر میں کمی، سوئی سدرن کمپنی کو چیلنجز کا سامنا

سات سالوں کے دوران 465 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، رپورٹ

فرنچائز علاقوں میں لوڈ شیڈنگ نہیں کی جا رہی، سالانہ تنزلی سے گیس کی کمی کا سامنا ہے

لوڈ پورا کرنے کیلئے رات 10 بجے سے صبح 5:00 بجے تک گھریلو شعبے میں گیس کی بندش ہوتی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قدرتی گیس کے ذخائر میں سالانہ کمی کی وجہ سے سوئی سدرن کو چیلنجز کا سامنا ہے۔ فرنچائز علاقوں میں لوڈ شیڈنگ نہیں کی جا رہی۔ سوئی سدرن کو ملکی قدرتی گیس کے ذخائر میں ہونے والی سالانہ تنزلی کے باعث اپنے سسٹم میں گیس کی فراہمی میں مسلسل کمی کا سامنا ہے۔ مالی سال۔ سے سوئی سدرن کو حاصل ہونے والی گیس کی فراہمی میں 40 فیصد کمی ہوئی ہے۔ درج ذیل گراف میں دیکھا جا سکتا ہے کہ گزشتہ سات سالوں کے دوران تقریباً 465 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ گیس کی سالانہ فراہمی اور اس میں ہونے والی کمی کی شرح ذیل ہیں۔ چارٹ یہاں دکھایا جائے گا جو میڈیا ریلیز کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ECC) کے منظور شدہ لوڈ مینجمنٹ پلان کے مطابق، گھریلو، تجارتی اور عام صنعتی شعبوں کو گیس کی فراہمی کے لیے سب سے زیادہ ترجیح دی گئی ہے۔ اس امر کا اعادہ ضروری ہے کہ سوئی سدرن کے فرنچائز علاقوں میں، خاص طور پر گھریلو شعبے میں، کوئی گیس لوڈ شیڈنگ نہیں کی جاتی ہے۔ تاہم، گیس لوڈ مینجمنٹ کی حکمت عملی (جو بین الاقوامی سطح پر نافذ العمل ہے) کے تحت، رات 10:00 بجے سے صبح 5:00 بجے تک گھریلو شعبے میں گیس کی بندش اپ روفائلنگ کی جاتی ہے

بلوچستان میں آبی ذخائر کے نئے منصوبوں پر جلد کام شروع ہوگا، سمیع اللہ بلوچ

نئے آبی ذخائر کے منصوبوں کا سہرا صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے سر ہے۔ صوبائی کوآرڈینیٹر آبپاشی

ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف پانی کی فراوانی ہوگی۔ بلکہ مختلف شعبوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں پانی کے ذخائر کی کمی اور زرعی ترقی میں حائل رکاوٹوں کے پیش نظر محکمہ آبپاشی نے نئے ڈیمز کی تعمیر کا عمل تیز کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی کوآرڈینیٹر محکمہ آبپاشی بلوچستان اور منگچر ڈیم کے پروجیکٹ ڈائریکٹر "سمیع اللہ بلوچ" نے صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں متعدد نئے ڈیمز کی تعمیر جلد شروع کی جائے گی، جو صوبے میں آبی ذخائر کی فراہمی اور زراعت کے فروغ کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس کا سہرا صوبائی وزیر آبپاشی "میر محمد صادق عمرانی" کے سر ہے۔ جن کی قیادت اور وژن کی بدولت بلوچستان آبی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ آبپاشی، صوبائی سیکرٹری حافظ عبدالماجد کی قیادت میں نئے آبی ذخائر کی تعمیر کے لیے متحرک ہے۔ اور حافظ عبدالماجد کی سربراہی میں محکمہ نہ صرف پانی کے مسائل حل کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہا ہے بلکہ صوبے کی زراعت اور معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھی نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔

ملازمین کو سرکاری کوارٹر سے بلاوجہ نہیں نکالا جا سکتا، حسن بلوچ

سریاب روڈ سرکاری کالونی میں پی ایچ ای کے ملازمین 40 سے رہ رہے ہیں

متعلقہ افسران کیخلاف قانون کے مطابق قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ورکرز فیڈریشن کے صدر حسن بلوچ سینئر نائب صدر حضرت خان جنرل سیکرٹری عبدالحکیم نائب صدر گلاب خان چیئرمین محمد حسین لہڑی مراد علی منظور احمد سلیم خان انور لہڑی شاہ محمد لہڑی اور دیگر رہنماؤں نے بیان میں کہا ہے کہ محکمہ ایریگیشن کی سریاب روڈ کالونی میں پی ایچ ای کے ملازمین اور دیگر چہار مزدور ایک عرصے سے حکومتی اداروں کے معاہدے کے تحت رہ رہے ہیں، محکمہ کی انتظامیہ کالونی سے قبضہ مافیا کا خاتمہ کرے، کالونی میں رہائش پذیر ملازمین قانون کے تحت کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور متعلقہ افسران کو اچھی طرح علم ہے سرکاری کالونی میں رہائش پذیر ملازمین کی تنخواہوں سے ہاؤس رینٹ کٹ کر حکومت کے خزانے میں جمع ہو رہا ہے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں محکمہ ایریگیشن اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کی سرکاری رہائشی کالونیاں مشترکہ ہیں۔ بلکہ چند شہروں میں صرف محکمہ پی ایچ ای کی رہائشی کالونیاں ہیں، ملازمین کو بلاوجہ ان کے کوارٹر سے بے دخل نہیں کیا جا سکتا۔

حب: ایف سی حب کے لیفٹیننٹ کرنل مقصود آتش زدگی سے متاثرہ کسان خاندان کو نقد مالی امداد دے رہے ہیں

پاور سیکٹر کو مزید 50 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی دینے کا فیصلہ

رواں مالی سال اب تک پاور سیکٹر کو سبسڈی کی مد میں 159 ارب روپے جاری کیے جا چکے، پہلی سہ ماہی میں پاور سیکٹر سبسڈی کیلئے 128 ارب روپے جاری کیے گئے

دوسری سہ ماہی میں 31 ارب روپے سبسڈی کیلئے جاری کیے جا چکے، مزید 50 ارب روپے کے بعد جاری شدہ سبسڈی 209 ارب روپے سے بڑھ جائے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومت نے پاور سیکٹر کیلئے مزید 50 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال اب تک پاور سیکٹر کو سبسڈی کی مد میں 159 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں، مزید 50 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی کا اجراء پائپ لائن میں ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاور سیکٹر سبسڈی کیلئے 128 ارب روپے جاری کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق دوسری سہ ماہی میں اب تک 31 ارب روپے سبسڈی کیلئے جاری کیے جا چکے ہیں، مزید 50 ارب روپے کے بعد جاری شدہ سبسڈی 209 ارب روپے سے بڑھ جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف سے دسمبر 2024 تک طے شدہ ہدف کے مقابلے میں سرکلر ڈیٹ کا فلو بہت کم ہے۔

دہشتگردی کیخلاف جاری جنگ، قوم پرعزم ہے، علی حسن زہری

وقت دور نہیں جب پاکستان سے دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے ان کے وجود سے دھرتی کو پاک کر دیا جائے گا

پاک افواج اور دیگر سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کو ناکام بنانے کے لئے پختہ عزم رکھتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و رکن صوبائی اسمبلی و مشیر برائے صنعت و حرفت میر علی حسن زہری نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے سیکیورٹی چیک پوسٹ پر حملے میں 16 سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور غصے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لئے پوری قوم پرعزم ہے۔ میر علی حسن زہری نے حملے میں شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں کو جذبہ شہادت کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء قوم کے ہیرو ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملاتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور ان کو جلد جہنم واصل کر دیا جائے گا اور پاکستانی قوم، پاک افواج اور دیگر سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کو ناکام بنانے کے لئے پختہ عزم رکھتی ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ پاک افواج اور دیگر سیکیورٹی فورسز وطن کی حفاظت میں دن رات چوکنا اور دہشتگردوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں اور کسی بھی ایسی کارروائی کا بھرپور جواب دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد عناصر جان لیں کہ ان کا سامنا ایک بہادر قوم سے ہے، جس نے پہلے بھی دہشتگردی کو شکست سے دوچار کیا ہے آئندہ بھی دشمنوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا اور دہشت گردوں کا آخری حد تک پیچھا کرتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے حملے میں شہداء اور زخمیوں کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے

نوشکی: مینگل بادینزئی قبیلے کے معتبرین و سفید ریش کے جرگہ سے حاجی میر امیر بخش مینگل، میر عالم مینگل و دیگر قبیلے کے معززین خطاب کر رہے ہیں

کرسمس کے موقع پر اسلام آباد میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات

پولیس مسیحی عبادتگاہوں میں منعقد ہونے والی مذہبی اجتماعات کے لئے فول پروف سکیورٹی فراہم کرے گی، پری گل ترین

اسلام آباد پولیس سکیورٹی کے لئے ہمہ وقت موجود، ہم عوام کے سامنے جواب دہ ہیں، مسیحی کمیونٹی کے وفد سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایس پی سٹی زون کی مسیحی کمیونٹی کے وفد سے ملاقات کی ایس پی سٹی زون نے مسیحی کمیونٹی کے مسائل سنے اور ان کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی، اسلام آباد پولیس مسیحی کمیونٹی اور ان کی عبادتگاہوں کو مکمل سکیورٹی فراہم کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سٹی زون پری گل ترین نے مسیحی کمیونٹی کے وفد سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس مسیحی کمیونٹی کی سکیورٹی کے لئے تمام تر اقدامات عمل میں لا رہی ہے اور مستقبل میں بھی مسیحی عبادتگاہوں میں منعقد ہونے والی مذہبی اجتماعات کے لئے فول پروف سکیورٹی فراہم کرے گی، انہوں نے مزید کہا کہ اس ملاقات کا مقصد مسیحی کمیونٹی کو یہ احساس دلانا ہے کہ اسلام آباد پولیس ان کی سکیورٹی کے لئے ہمہ وقت موجود ہے اور ہم اس کے لئے اپنے آپ کو جواب دہ سمجھتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ مسیحی کمیونٹی پہلے بھی اسلام آباد پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی اسی طرح کے تعاون کی امید رکھتی ہے۔ ملاقات میں ایس پی سٹی زون نے مسیحی کمیونٹی کے مسائل بھی سنے انہیں مکمل تعاون کی یقینی دہانی کروائی اور انہیں یقین دلایا کہ وہ بھی ہر سطح پر اسلام آباد پولیس کے ساتھ کھڑے ہیں۔

گوادر: ڈپٹی کمشنری کی فری ایمبولینس سروس کے ذریعے مریضوں کو منتقل کیا جا رہا ہے

مکران میں سرکاری مداخلت کو بند کیا جائے، جان محمد بلیدی

پسنی فش ہاربر کی موجودہ حالت حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سیکرٹری جنرل اور سینیٹر جان محمد بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ گوادر آل پارٹیز دھرنے کی حمایت کرتے ہوئے مکران میں سرکاری مداخلت کو بند کیا جائے اور عوام کو آزادانہ کاروبار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تلار چیک پوسٹ اور دیگر چیک پوسٹ پر گاڑی مالکان کو تنگ کرنا بند کیا جائے اور بھتہ وصولی کے نظام کا خاتمہ کیا جائے۔ سینیٹر جان محمد بلیدی نے مکران بھر میں بھتہ وصولی کے چیک پوسٹوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ پسنی فش ہاربر کے ملازمین کی تنخواہوں کی بندش افسوسناک ہے، کیونکہ چھ ماہ سے ملازمین بغیر تنخواہوں کے ڈیوٹی دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پسنی فش ہاربر کی موجودہ حالت حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے اور بلوچستان فنانس ڈپارٹمنٹ دانستہ طور پر ملازمین کی تنخواہوں کے اجراء میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔ بلیدی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر اس مسئلے کا حل نکالے اور مکران میں عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرے

قوم پاک فوج کے شہیدوں کی قرض دار ہے، امجد فاروق امجد

وطن عزیز پر جان نچھاور کرنیوالے بہادر جوانوں کو پوری قوم خراج عقیدت پیش کرتی ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے صدر، افواج پاکستان لورز کونسل کے بانی چیئرمین اور سابق ممبر کنٹونمنٹ بورڈ شور کوٹ کینٹ امجد فاروق امجد نے جنوبی وزیرستان کے علاقے مکین میں سکیورٹی چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے اور دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے 16 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امجد اینڈ سنز نٹ ویئر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو امجد فاروق امجد کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہے ہیں، وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں اور آفیسرز کو پوری قوم سیلوٹ کرتی ہے، شہداء کی عظیم قربانیاں سنہری حروف میں لکھی جائیں گی، تمام ریاستی ادارے یکجہتی کے ساتھ پاکستان کو لاحق چیلنجوں کا مقابلہ کر رہے ہیں، پوری قوم افواج پاکستان کے شہیدوں کی قرض دار ہے، قوم پاک فوج اور اپنے سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔ پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے صدر امجد فاروق امجد کا کہنا تھا کہ جذبہ ایمانی اور شوق شہادت سے سرشار افواج پاکستان کے آفیسرز اور سپاہی دہشت گردی کے خاتمے کے مشن پر گامزن ہیں پاک فوج قوم کی بھرپور حمایت سے جلد ہی دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے پاکستان کو امن کا گہوارہ بنا دیں گے۔

بھارت: مندر کے چندہ باکس میں شہری کا گرا آئی فون بھگوان کی ملکیت قرار

تامل ناڈو (م ز) بھارت میں شہری کی لاپرواہی اس کے لیے مہنگی بنا دی گئی۔ بھارت کی ریاست تامل ناڈو کے مندر میں ایک شخص کا آئی فون غلطی سے مندر کے چندہ باکس میں گر گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اب شہری کو اس کا فون بھی واپس نہیں ملے گا۔ ریاستی محکمہ اوقاف نے شہری کی فون واپسی کی درخواست کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا ہے کہ اب یہ مندر کی ملکیت بن گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حکام نے کہا ہے کہ چندہ باکس قانون کے مطابق چندہ باکس میں جانے والی کوئی بھی چیز اس کے مالک کو واپس نہیں کی جا سکتی۔ مندر کے حکام نے کہا کہ فون کو چندے کے طور پر لیا گیا ہے، آئی فون کا مالک صرف ڈیٹا واپس لے سکتا ہے

تل ابیب میں حوثیوں کے میزائل حملے میں 30 اسرائیلی زخمی

یمن سے فائر کیا گیا میزائل ایک عوامی پارک میں گرا، 16 افراد زخمی

تل ابیب (م ز) اسرائیل کے شہر تل ابیب میں حوثیوں کے میزائل حملے میں 30 اسرائیلی زخمی ہوگئے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ ہفتے کو یمن سے داغے گئے ایک میزائل کو مار گرانے کی کوششیں ناکام ہوگئی تھیں اور یہ ایک عوامی پارک میں گرا تھا۔ اسرائیل کی ایمرجنسی میڈیکل سروس میگن ڈیوڈ ایڈوم کے مطابق 16 افراد قریبی عمارتوں کی ٹوٹی ہوئی کھڑکیوں کے شیشے لگنے سے معمولی زخمی ہوئے جبکہ محفوظ علاقوں میں جاتے ہوئے مزید 14 افراد کو معمولی چوٹیں آئیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں اسرائیل نے یمنی دارالحکومت صنعا میں بندرگاہوں اور توانائی کی تنصیبات پر کئی حملے کیے تھے۔ اسرائیلی حملوں میں صلف کی بندرگاہ اور راس عیسیٰ کے آئل ٹرمینل میں 9 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ 7 اکتوبر 2023 کے بعد سے اب تک یمن سے ملک پر 400 کے قریب میزائل اور ڈرون داغے جا چکے ہیں جن میں سے بیشتر کو مار گرایا گیا۔ حوثی فوج کے ترجمان نے کہا کہ گروپ نے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل کا استعمال کرتے ہوئے ایک فوجی ہدف کو نشانہ بنایا، حوثیوں نے غزہ میں جنگ ختم ہونے تک اپنے حملے جاری رکھنے کا عزم کیا ہے

لاہور میں 5 کلو کوکین ضبط کر کے 2 اسمگلرز گرفتار کر لیے گئے

لاہور (م ز) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کی بڑی کارروائی کے دوران لاہور میں 5 کلو کوکین ضبط کر کے 2 اسمگلرز گرفتار کر لئے گئے۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کا جنوبی امریکہ سے کوکین اسمگل کرنے والے گروہ کے خلاف بڑا آپریشن کیا گیا ہے جس کے دوران بحریہ ٹاؤن لاہور میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دو بڑی کارروائیاں کی گئی جن میں 5 کلو کوکین ضبط کی گئی۔ چھاپے کے دوران گاڑی میں چھپائی گئی کوکین برآمد کر کے ملزم موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ اطلاع پر بحریہ ہومز میں اے این ایف کا چھاپہ مار کر مزید کوکین برآمد کر لی، اسمگلرز کے نیٹ ورک کی نگرانی کے لیے خفیہ اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔ اے این ایف افسر نے فرضی لین دین کے ذریعے نیٹ ورک کے راز فاش کیے اور لاہور میں کوکین سپلائی کے نیٹ ورک کی تمام سرگرمیاں ناکام بنا دی گئیں۔ کارروائی میں دو ملزمان اور دو لگژری گاڑیاں تحویل میں لے لی گئیں۔ منشیات کی سپلائی روکنے میں اے این ایف انٹیلیجنس کی اہم کامیابی ہے، جس میں لاہور کے مختلف ٹھکانوں پر چھاپوں سے اسمگلنگ کا نیٹ ورک مکمل طور پر بے نقاب کئے گئے اور اے این ایف ملک سے منشیات کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے پرعزم ہے

حب: ایس ایچ او سٹی سعود درانی کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی

7 ملزمان گرفتار، گن پوائنٹ پر چھینے گئے موٹر سائیکلیں زیورات رقم اور منشیات برآمد کرلی

حب (یو این اے) ایس ایس پی حب معروف عثمان کی ہدایات پر ڈی ایس پی عارف بلوچ کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی سعود درانی کی اپنی ٹیم غلام حیدر حنیف روجھہ کے ہمراہ بڑی کارروائی کراچی سے پہنچی گ۔ ہنڈا 150 cc موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم محمد بلال ولد گدا حسین کو گرفتار کر لیا دوسری کارروائی میں ملزم ملا دین ولد پائندہ خان سے 1050 چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ایک اور کارروائی میں ملزم کامران اور عامر کو گرفتار کر لیا اور قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے سونا کیش رقم اور قیمتی سامان برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گن پوائنٹ پر موبائل فون ڈکیتی کرنے والا ملزم نیک محمد ولد غلام سرور چانڈیہ بھی گرفتار جبکہ جام کالونی میں گھروں میں گھس کر چوری ڈکیتی کرنے والا ملزم اصغر عرف ہلو کو گرفتار کر لیا ملزمان کے خلاف سٹی تھانہ میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے

امریکی پابندیاں جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں، جوانان پاکستان نظریاتی

پاکستان کی دفاع سلامتی اور حفاظت پر کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے، ڈاکٹر احسان کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ، صوبائی سیکرٹری جنرل عطاء اللہ خان سرحانڈ عنایت خان اچکزئی نذیر خان ساحل ضلع چمن کے صدر محمد حنیف اچکزئی قلعہ سیف اللہ کے صدر عبداللہ کاکڑ ضلع پشین کے صدر عبدالجبار پٹھان، ضلعی سینئر نائب صدر ظریف خان، ضلع زیارت کے صدر اجمل خان دومڑ نوشکی چاغی کے صدور اور دیگر صوبائی رہنماؤں نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا کہ ہم امریکہ کے ناجائز پابندیوں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں جوانان نظریاتی پاکستان کی دفاع سلامتی اور حفاظت پر کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے پاکستان افواج پاکستان کی حفاظت اپنے خون کے آخری قطرے تک کریں گے پوری دنیا اور پاکستان کے اندر اغیار کے دشمن یہ بات کان کھول کر سن لے کہ بس اب تم لوگوں کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہونگے پاکستان کی حفاظت کرنا عبادت سے کم نہیں ہے ہم امریکی سازش کا شکار نہیں ہونگے پاکستان ہماری آن ہماری شان ہے پاکستان ہم کسی نے خیرات میں نہیں دیا ہے، ہم 9 مئی کے مجرموں کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہیں تاکہ آئندہ کسی کو پاکستان کی سلامتی اور دفاع کو نقصان پہنچانے کی جرات نہ کریں 25 کروڑ عوام اپنے بہادر سپوت اور پاک فوج کے جوانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہے ہمارے ملک کے انٹیلی جنس ادارے اپنے آپ کو ایکلامت سمجھے پوری قوم اپنی بال بچے اپ لوگوں پر نچھاور کریں گے پاکستان کسی کا کالونی نہیں ہے اور نہ ہی ہم کسی دشمن منفی پروپیگنڈے اور انتشار پھیلانے کی اجازت دیں گے ہم آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو اور پاک فوج کے جوانوں کو بھرپور تعاون کی یقین دلاتے ہیں پاک فورسز کے گزشتہ دنوں خوارج سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انشاء اللہ پاک فوج کے جوانوں کی شہادت رائیگاں ضائع نہیں ہوگا۔

صوبائی منتخب نظر بلوچ پر حملہ نظام انصاف پر حملہ ہے، سید صادق آغا

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق صوبائی سینئر نائب صدر اور ممتاز قبائلی رہنما "سید صادق آغا" نے "صوبائی منتخب بلوچستان نظر بلوچ ایڈووکیٹ پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے انصاف، قانون اور معاشرتی امن پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ نہ صرف ایک انسانیت سوز عمل ہے بلکہ یہ بلوچستان کے عوام کے جذبات، قانون کی عملداری اور عدل و انصاف کے اصولوں کے ساتھ کھلی دشمنی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نظر بلوچ ایڈووکیٹ ایک دیانت دار اور باصلاحیت شخصیت ہیں جو معاشرے میں عدل و انصاف کے قیام کے لیے شب و روز کام کر رہے ہیں۔ ان پر ہونے والا حملہ ان لوگوں کی سازشوں کا حصہ ہے جو نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن و امان، ترقی اور خوشحالی کا خواب پورا ہو۔ ایسے واقعات معاشرتی امن کو برباد کرنے کی منظم سازش کا حصہ ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے تمام ادارے فوری طور پر اس واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کر کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائے جو معاشرتی امن اور قانون کی بالادستی کو چیلنج کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مزید اقدامات کرنے ہوں گے اور خاص طور پر ان شخصیات کی سیکیورٹی کا بندوبست کرنا ہوگا جو عدل و انصاف کے نظام کا حصہ ہیں۔ ایسے واقعات روکنے کے لیے سخت قوانین اور ان کے مؤثر نفاذ کی ضرورت ہے۔ سید صادق آغا نے بلوچستان کے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اس واقعے پر خاموش نہ رہیں بلکہ متحد ہو کر انصاف کے لیے آواز بلند کریں

پاکستان جاپان بزنس کمیونٹی روابط بڑھائیں، سید ندیم عالم شاہ

جاپانی سرمایہ کار پاکستان میں موجود کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھائیں، میاں ابوذر شاد

کوئٹہ (اے این این) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد کی ملاقات ہوئی۔ اس دوران تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے دوطرفہ تعاون کے معاملات سمیت جدید حکمت عملی پر مبنی روڈ میپ پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ دوطرفہ تجارت و سرمایہ کاری کو بڑھایا جا سکے۔ اس موقع پر جاپان اور پاکستان کے مابین تجارتی وفود کے تبادلے، بزنس ٹو بزنس میٹنگز کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور جاپان کے بزنس مین ایک دوسرے کے ساتھ روابط بڑھائیں اور روایتی شعبوں سے ہٹ کر تجارت کی نئی راہیں تلاش کریں تاکہ جاپان اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت کو فروغ دیا جا سکے، پاکستان اور جاپان کے پاس مختلف شعبوں میں دوطرفہ تجارت بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے دونوں ملک زرعی تحقیق، لائیو سٹاک اور ویلیو ایڈڈ ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ جاپان نہ صرف پاکستان کا انتہائی مخلص دوست ہے بلکہ عطیات دینے والا ایک اہم ملک ہے جس نے گزشتہ سات دہائیوں میں پاکستان کو 14 ارب ڈالر سے زائد دیے ہیں، پاکستان جاپان کی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں ہونے والی ترقی سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ دونوں ملکوں میں تجارت کے وسیع مواقع موجود ہیں البتہ جاپانی سرمایہ کار پاکستان میں موجود کاروبار کے بے شمار مواقعوں خصوصاً زراعت، آٹو موبائل، انفارمیشن اور کپڑے کی صنعت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ ہم جاپان کے ساتھ دوطرفہ تجارت بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، میاں ابوذر شاد نے کاروباری افراد پر زور دیا کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں اضافے اور دوطرفہ تعلقات کے استحکام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

شجر کاری سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکتا ہے، ڈی جی ماحولیات

بلوچستان میں آلودگی کے خاتمہ کے لئے پرعزم ہیں، محمد ابراہیم بلوچ کی بات چیت

کوئٹہ (اے این این) ڈائریکٹر جنرل ماحولیات محمد ابراہیم بلوچ نے کہا ہے کہ شجر کاری سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جا سکتا ہے بلوچستان میں آلودگی کے خاتمہ کے لئے پرعزم ہیں ہمارا مقصد سرسبز پاکستان ہے جس کے لئے رات دن کوشاں ہے بلوچستان کے ہر ضلع ہر شہر میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے حصے کا پودا لگا کر ماحول کو سرسبز بنانے میں کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت پوری دنیا کو مسئلہ آلودگی ہے جس کو حل کرنے کے لئے ہم سب نے مل کر اپنا رول پلے کرنا ہے بلوچستان کو آلودگی سے پاک کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں اور صفائی کی صورت حال کو بہتر بنانے میں عوام میں شعور و آگہی پیدا کریں بلوچستان کے عوام اپنے اپنے علاقوں میں اپنے حصے کا پودا لگائیں اور شجر کاری مہم سمیت سرسبز بلوچستان کے خواب کو پورا کرنے میں اپنا رول پلے کریں۔

ورکنگ ویمن ملکی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں، چیف الیکشن کمشنر

اسلام آباد (م ز) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ ملکی سیاست میں خواتین کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ورکنگ ویمن ملکی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں الیکشن کمیشن انتخابات میں خواتین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گا۔ ورکنگ ویمن کے قومی دن کے موقع پر جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پاکستانی خواتین کی جمہوریت کے استحکام اور سیاسی استحکام میں انمول خدمات کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ خواتین جو ملک کی آدھی سے زیادہ آبادی پر مشتمل ہیں۔

ہندو قوم پرستوں کی وجہ سے بھارت میں مساجد شدید خطرات سے دوچار

مودی سرکار میں مساجد اور مقدس مقامات پر قبضے کرنے کی رفتار میں اضافہ

نئی دہلی (م ز) ہندو قوم پرستوں کی وجہ سے بھارت میں مساجد شدید خطرات سے دوچار ہیں اور مودی سرکار کے دور میں مسلمانوں کی مساجد اور مقدس مقامات پر قبضے کرنے کی رفتار میں اضافہ ہوا ہے۔ حال ہی میں بھارتی ریاست سنبھل میں صدیوں پرانی تاریخی مسجد بھی انتہا پسند ہندوؤں کے نشانے پر آگئی اور انتہا پسند ہندوؤں نے مسجد کو مندر پر تعمیر کرنے کا ایک جھوٹا دعویٰ کیا اور ہندو قوم پرست اپنے دعوے کو سچ ثابت کرنے کیلئے عدالت پہنچ گئے۔ ہندو قوم پرستوں کی تاریخی مسجد کی حفاظت پر مامور مسلمانوں پر تشدد اور ظلم کی انتہا، 4 نمازی بھی شہید کئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں نے مسجد پر قبضے کی کوشش پر مودی سرکار کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے اسے متعصبانہ سوچ قرار دیا۔ اپوزیشن رہنما نے کہا کہ مسجد پر قبضے کی کوشش مذہبی نہیں بلکہ مودی سرکار کا سیاسی ایجنڈا ہے، مسجد تنازع کو بڑھا کر مودی سرکار آئندہ انتخابات میں یہاں سے ہندو ووٹوں کی تعداد بڑھانا چاہتی ہے

بارکھان: ڈپٹی کمشنر وقار خورشید عالم پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دنیا کے سب سے بڑے یوٹیوبر کا اہرام مصر کرائے پر لینے کا دعویٰ

حکومت کے طوطے اڑ گئے مسٹر بیسٹ کے اس بیان نے مصریوں کو آگ بگولہ کر دیا

قاہرہ (م ز) دنیا کے کامیاب اور مالدار ترین یوٹیوبر جمی سٹیلن ڈونلڈسن جنہیں "مسٹر بیسٹ" کے نام سے جانا جاتا ہے، کے حالیہ اعلان نے مداحوں کو حیرت میں مبتلا کر دیا۔ انہوں نے اپنے دوستوں کے گروپ کیلئے رازوں سے پردہ اٹھانے کے لیے گیزا کے اہرام "خوفو، خفرع، منقرع" کو 100 گھنٹے کے لیے کرائے پر لیا تھا۔ اس بیان کے بعد مصری وزارت نوادرات کو معاملے کی وضاحت کے لیے بیان جاری کرنا پڑا ہے۔ مشہور نوجوان نے یوٹیوب پر ایک ویڈیو میں وضاحت کی کہ وہ اور ان کی ٹیم 100 گھنٹے تک اہراموں کی فلم بندی کریں گے اور چیمبرز تلاش کریں گے۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ وہ اور ان کے دوست اہراموں کے اندر سوئیں گے اور ان کے ساتھ ایک ٹور گائیڈ بھی ہوگا جو انہیں تاریخی معلومات فراہم کرے گا۔ وہ ان کمروں تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بھی ہوں گے جنہیں کبھی عوام نے نہیں دیکھا ہوگا۔ مسٹر بیسٹ کی ویڈیو نے مصریوں کو چونکا دیا جس کے بعد سوشل میڈیا پر بڑے پیمانے پر ہنگامہ برپا ہو گیا۔ مصریوں کی ایک بڑی تعداد نے اہراموں کو کرائے پر لینے کی خیال کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ وہیں مصر کے ماہر آثار قدیمہ زاہی حواس نے اہراموں کو کرائے پر لینے کی خبروں کی تردید کر دی۔ انہوں نے کہا مصری قوانین میں "اہراموں کو کرائے پر دینا" نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا بلاگر کے بیانات کو زبان کی پھسلن یا مبالغہ آرائی سمجھنا چاہیے۔ ماہر آثار قدیمہ نے وضاحت کی ہے کہ "مسٹر بیسٹ" نے ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کے بعد 4 دن تک اہرام کے علاقے میں ویڈیو شوٹ کی۔ انہوں نے زور دیا کہ مشہور بلاگر نے قدیم مصری تہذیب اور جادو میں دلچسپی رکھنے والوں کے سامنے اپنے نئے مواد کی تشہیر کے میدان میں اہرام کے حوالے سے اپنے بیان میں دھوکہ دیا ہے۔ ماہر آثار قدیمہ زاہی نے اس بات کی تردید کی کہ "مسٹر بیسٹ" اہرام کے اندر سوئے تھے یا سوئیں گے۔ انہوں نے کہا اہرام کے ساتھ والے صحرا میں ان کے سونے کے لیے ایک خیمہ تیار کیا گیا تھا۔ معروف ماہر آثار قدیمہ نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ نوجوان یوٹیوبر، جسے دنیا بھر میں کروڑوں لوگ فالو کرتے ہیں، اس دورے کی سیاحتی اہمیت پر زور دیتے ہوئے مصر میں سیاحت کے لیے زبردست پروپیگنڈہ کریں گے۔ مصر کی وزارت سیاحت و نوادرات نے جمعرات کو جاری کردہ ایک بیان میں کہا جس میں تصدیق کی گئی کہ امریکی بلاگر کی جانب سے "اہرام کے علاقے کو کرائے پر لینے" کا موضوع مکمل طور پر بے بنیاد ہے۔ علاقے کو کرائے پر دینا غیر منطقی اور ناقابل تصور ہے۔

چھتر: اوچ پاور لمیٹڈ ڈیرہ مراد جمالی کا ایک خوبصورت منظر

اسلام آباد کے 3 حلقوں کیلئے نیا الیکشن ٹریبونل 24 دسمبر کو سماعت کریگا

اسلام آباد (م ز) اسلام آباد کے 3 حلقوں کیلئے نئے الیکشن ٹریبونل 5 ماہ بعد کام کا آغاز کرتے ہوئے 24 دسمبر کو سماعت کریگا۔ ٹریبونل نے فریقین نوٹس جاری کر کے ان کو دلائل کے لیے طلب کر رکھا ہے تاہم اسلام آباد ہائیکورٹ نے قومی اسمبلی کے حلقہ جات این اے 47 اور 48 میں حکم امتناع جاری کر رکھا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس طارق جہانگیری سماعت کرتے رہے ہیں۔ جسٹس ریٹائرڈ شکور پراچہ نے بطور نئے الیکشن ٹریبونل نے فریقین کو نوٹس جاری کیے۔

قومی اسمبلی کی میری ٹائم افیئرز کمیٹی کا اجلاس کل چیئرمین عبدالقادر پٹیل کی سربراہی میں ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی میری ٹائم افیئرز کمیٹی کا اجلاس کل منگل کو چیئرمین عبدالقادر پٹیل کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوگا اجلاس میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن میں ویسلز کی خریداری سمیت اکاؤنٹس کی تفصیلات اور دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی اجلاس میں کمیٹی کی جانب سے دی جانے والی سفارشات پر عمل درآمد سمیت پورٹ قاسم اتھارٹی کے ملازمین کو گذشتہ ایک سال کے دوران دیئے جانے والے اعزازیے کی تفصیلات بھی پیش کی جائیں گی۔

حسن نصراللہ کے صاحبزادے شہید والد کا عمامہ پہنے منظر عام پر

سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی رہنمائی میں اپنے والد کا سیاہ عمامہ پہنا

قم (م ز) حزب اللہ کے شہید سیکرٹری جنرل حسن نصراللہ کے صاحبزادے محمد مہدی ملنگی کی شام ایران کے شہر قم میں دیکھے گئے اور انہوں نے اپنے والد سے منسوب سیاہ عمامہ پہنا ہوا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی میڈیا نے رپورٹ کیا کہ محمد مہدی کئی دنوں سے ایران میں موجود ہیں۔ خبر رساں ایجنسی تسنیم نے بتایا کہ انہوں نے ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی رہنمائی میں سیاہ عمامہ پہنا۔ ان کے بھائی محمد جواد نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں تصدیق کی کہ والد کا عمامہ محمد مہدی کے پاس ہے۔ خیال رہے کہ سیاہ عمامہ شیعہ روایت میں مذہبی تعلیم کی تکمیل کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ محمد مہدی شہید حسن نصراللہ کے 5 بچوں میں سے چوتھے نمبر پر ہیں، حزب اللہ کے شہید سربراہ کے دیگر بچوں میں زینب، محمد جواد، محمد مہدی، اور محمد علی شامل ہیں۔ حزب اللہ کی قیادت کرنے والے حسن نصراللہ 27 ستمبر کو بیروت کے جنوبی مضافات میں تنظیم کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ اسرائیلی فضائی حملے میں شہید ہو گئے تھے۔ ان کے بڑے صاحبزادے ہادی 1997 میں 18 سال کی عمر میں جنوبی لبنان میں اسرائیلی افواج کے ساتھ لڑائی میں شہید ہوئے تھے

حاجی مولاداد نے ایمانداری کے ساتھ خدمت خلق کو ترجیح دی، احمد خان

ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکے گا، سربراہ اے کیو ایم

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان عبدالصادق خان حاجی جلیل خان لالا خان کلیم اللہ صورت خان سلام خان اور دیگر رہنماؤں نے حاجی مولاداد عرف طور کاکا کے انتقال پر گہرے رنج و غم و تعزیت کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے تعزیت اور دلی صبر جمیل کا دعا کیا گیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ مرحوم نے قبائلی و علاقائی بلاتفریق خدمات کے ذریعے اور ایک سیاسی سماجی شخصیت بننے تک تمام زندگی قوم و ملت کے ساتھ انتہائی اخلاص اور ایمانداری کے ساتھ قوم کو زندگی وقف کر کے خدمت خلق کو ترجیح دی تھی اللہ سبحان تعالیٰ سے مرحوم سے ایصال ثواب اور درجات بلند کرنے اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی ہے

غزہ میں اسرائیلی بمباری جنگ نہیں ظلم ہے، پوپ فرانسس

پوپ کا بیان مایوس کن، اس کا سچ سے تعلق نہیں، اسرائیلی ردعمل

ویٹی کن سٹی (م ز) عیسائیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس نے غزہ میں اسرائیلی بمباری کو جنگ نہیں ظلم قرار دے دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غزہ میں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں بچوں کو ایک ہی خاندان کے 7 بچوں سمیت 10 افراد شہید ہوگئے تھے۔ اس حوالے سے ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پوپ فرانسس نے کہا کہ بچوں پر بمباری کی گئی، یہ ظلم ہے، یہ جنگ نہیں ہے۔ دوسری جانب اسرائیل نے پوپ فرانسس کے اس بیان کو نشانے پر رکھ لیا اور ان پر دوہرے معیار کا الزام عائد کر دیا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹر وپبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 23 دسمبر 2024ء

سیاسی منظرنامہ اور ملک وقوم کو درپیش چیلنجز، اتحاد ویکجہتی ناگزیر!!

قومی سیاسی منظرنامے پر چل رہے حالات بھلا کس سے مخفی وپوشیدہ ہیں سبھی جانتے ہیں ایک عرصے سے چلی آرہی سیاسی مخاصمت نے بحیثیت قوم ہماری معیشت ومعاشرت کو نت نئے چیلنجز سے دوچار کیا ہے جبکہ پہلے سے ہم اپنی تاریخ کے ایک مشکل اور کٹھن دور سے گزر رہے ہیں ہمیں قوی یقین ہے کہ سیاسی وعسکری قیادت کے دوٹوک فیصلوں اور عملی اقدامات سے ہم بحیثیت قوم نہ صرف دہشت گردی کے ناسور کو شکست فاش دینے میں کامیاب ہوں گے بلکہ ترقی وخوشحالی کے مدارج ومنازل طے کریں گے تاہم سیاسی منظرنامے پر جو مخاصمت وطوفان بدتمیزی مچا ہوا ہے اس کے خاتمے کے لئے مذاکرات گفت وشنید اور احساس ذمہ داری کی ضرورت ہے اور اس بابت تازہ پیشرفت یہ ہے کہ گزشتہ کچھ دنوں سے حکومت اور پی ٹی آئی کے مابین مذاکرات کی جو صدائے بازگشت جاری تھی وہ عملی صورت میں متشکل ہونے لگی ہے اور گزشتہ روز وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپیکر قومی اسمبلی کی تجویز پر حکومتی اتحاد کے ممبران پر مشتمل مذاکراتی کمیٹی تشکیل دے دی ہے کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ خان، سینیٹر عرفان صدیقی شامل ہوں گے۔ کمیٹی میں راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، علیم خان، نوابزادہ خالد مگسی اور چوہدری سالک حسین شامل ہوں گے۔ گزشتہ رات چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے سپیکر قومی اسمبلی سے مذاکرات کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی استدعا کی تھی، بیرسٹر گوہر نے تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش پر زور دیا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سپیکر قومی اسمبلی کی تجویز مانتے ہوئے حکومتی اتحاد کی مذاکراتی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ملکی سلامتی اور قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا، پاکستان ہے تو ہم سب ہیں تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے حکومت کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیرمقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم حکومت کی جانب سے کمیٹی کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہیں، یہ خوش آئند بات ہے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات جامع اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں۔ امید ہے کم سے کم وقت میں تمام مسائل کا نتیجہ خیز حل نکل آئے گا۔ ادھر پی ٹی آئی کے رہنما اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ دیکھنا ہوگا حکومت کتنی سنجیدہ ہے اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی کتنی بااختیار ہے۔ سپیکر ایاز صادق نے بھی مسائل کو مذاکرات سے حل کرنے ...

تبدیلی کے مراحل

تاریخ کی شہادت — ڈاکٹر مبارک علی

تصویر بول رہی ہے


جلسہ عام — مجیب الرحمان شامی

شام 53 سالہ اقتدار کی ''شام'' کے بعد

گرداب — عارف بہار — Arifbahar@hotmail.com

وزیراعظم کی سیاسی بصیرت کا امتحان

وفاق نامہ — رشید صافی

طاقت کے مراکز میں سیاسی طوفان؟

تجزیہ — سلمان عابد

بے یقینی کیسے ختم ہوگی؟

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

تاریخ کیوں قابل بھروسا نہیں؟

خورشید ندیم

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اوور لاننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 602-31-263260 بنام حاجی دوست محمد ولد ملا خیر محمد اخندزادہ چمن میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03141018889 پر اطلاع کریں
...... نمائندہ چمن

مولانا عبدالولی اچکزئی کی یاد !!

ملک اور صوبے کی سطح پر اور بھی بہت ساری نامور شخصیات گزری ہیں جن کی یادیں تاقیامت باقی رہیں گی ایسی ہی شخصیات میں مولانا عبدالولی اچکزئی بھی شامل ہیں جن کی گزشتہ روز (بائیس دسمبر) کو برسی تھی۔ مولانا عبدالولی اچکزئی مرحوم ایک عالم دین تھے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ عوامی شخصیت کے بھی مالک تھے معاشرے کی تعمیر و ترقی اور بہتری کے لئے

تحریر: عبدالباری اچکزئی

انہوں نے ہمیشہ اپنا نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کے لاتعداد شاگرد اس وقت بھی موجود ہیں اور مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں مولانا عبدالولی اچکزئی کا بنیادی تعلق توبہ اچکزئی سے تھا انہوں نے بلوچستان کے مختلف قابل ذکر مدارس میں تعلیم حاصل کی حصول علم کے لئے انہوں نے پاکستان سے باہر بھی سفر کیا دہلی سے فارغ التحصیل ہوئے اور بلوچستان واپس آ کر انہوں نے دین کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھا آپ نے مختلف مساجد و مدارس میں امامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ چمن پشین قلعہ عبداللہ کوئٹہ اور دیگر علاقے جہاں انہوں نے امامت کی وہاں آج بھی لوگ ان کا ذکر عزت واحترام کے ساتھ کرتے ہیں زندگی کے آخری ایام انہوں نے کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں گزارے انہوں نے اپنے بیٹوں کو اعلیٰ تعلیم دلائی اور ان کی بہتر تعلیم و تربیت ہی کا نتیجہ ہے کہ ان کے تمام بیٹے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوئے مولانا عبدالولی اچکزئی 1991 میں اس دنیا سے کوچ کر گئے اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو گل و گلزار کرے بائیس دسمبر کو ان کی برسی منائی گئی۔

رحیم بخش مری نے جان کا نذرانہ دیکر پولیس ڈیپارٹمنٹ کا نام روشن کیا، ایس ایچ او گنداخہ

شہید رحیم بخش مری کو ان کی ساتویں برسی کے موقع پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، محمد پنجل جمالی

گنداخہ (اے این این) پولیس اسٹیشن گنداخہ میں ایس ایچ او محمد پنجل خان جمالی کی جانب سے گنداخہ تھانہ کے ایس ایچ او شہید پولیس آفیسر رحیم بخش مری کی ساتویں برسی کے موقع پر قرآن خوانی کروائی گئی اور خیرات فی سبیل اللہ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر دعا مولانا خوشی محمد چاوڑا نے کی ساجد حسین جمالی اے ایس آئی فاروق جمالی پریس کلب کے سینیئر صحافی سلیم گوپانگ، میجر جمالی، نور حسن جمالی سمیت دیگر پولیس افسران اور لوگوں نے شرکت کی اس موقع پر ایس ایچ او گنداخہ انسپکٹر محمد پنجل جمالی نے کہا کہ شہید رحیم بخش مری نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر پولیس ڈیپارٹمنٹ کا نام روشن کیا رحیم بخش مری کو ان کی ساتویں برسی کے موقع پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں یاد رہے کہ رحیم بخش مری آج سے سات سال قبل 22 دسمبر 2017 کو گنداخہ تھانہ کے حدود میں ڈاکوؤں سے مقابلے کے دوران شہید ہو گئے تھے

ڈی سی گوادر کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، عوامی حلقے

ایمبولینس سروس صحت کے شعبے میں اور مستحق افراد کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ایک نمایاں قدم ہے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن کے دفتر سے جاری رپورٹ کے مطابق گزشتہ چند روز کے دوران ڈپٹی کمشنر فری ایمبولینس سروس کے تحت چھ شدید بیمار (کریٹیکل) مریضوں کو بہتر علاج اور تشخیص کے لیے کراچی کے بڑے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ یہ فری ایمبولینس سروس ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن کی جانب سے ضلع گوادر کے غریب، مستحق، اور نادار مریضوں کے لیے ایک اہم اقدام ہے، جس کا مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طبی امداد فراہم کرنا اور ایسے مریضوں کو سہولت فراہم کرنا ہے جن کا علاج مقامی ہسپتالوں میں ممکن نہیں۔ فری ایمبولینس سروس کے انچارج جمال رحیم کے مطابق، اس سہولت سے استفادہ کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ ریفرل فارم کی ضرورت ہوگی۔ یہ ریفرل فارم درج ذیل ہسپتالوں کے سی ای اوز یا مجاز حکام کی جانب سے جاری کیے جا سکتے ہیں

پشین، جمعیت کے اجلاس کی صدارت مولانا کمال الدین کر رہے ہیں

میر سلیم احمد خان کھوسہ کی کارکردگی کی تعریف

صحبت پور (نمائندہ مشرق) ضلع صحبت پور کے معروف سیاسی وسماجی شخصیت ٹکری عبدالرحمن پرکانی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر تعمیرات مواصلات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے صوبہ بھر کی طرح ضلع صحبت پور میں روڈز کے جال بچھا کر ترقی کی راہ ہموار کر دی ہے آج میر سلیم احمد خان کھوسہ کی بدولت گاؤں شہر شہر بلیک ٹاپ روڈز کے کام ہو رہے ہیں اور جگہ جگہ لنک تانگر کے روڈز صحت کے سہولت کے لیے Bhu، دیگر کام ترقیاتی کام ہو رہے ہیں انشاء اللہ صحبت پور شہر مثالی ضلع بننے جا رہا ہے کشمور روڈز بننے سے ہماری عوام سندھ پنجاب سے کنیکٹ ہو جائیں گا جس سے صحبت پور کے عوام کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہو گی اس سے علاقے میں خوشحالی آئی گی۔

یونین کونسل سرل میں بچوں اور بچیوں میں کوٹ، جرسی، گرم جیکٹس تقسیم کیے

ل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نوشکی کے ضلعی ترجمان وسماجی ورکر حافظ عبداللہ گورگیج کی یونین کونسل سرل آمد اس موقع پر انہوں نے یونین کونسل سرل میں موسم سرما کے لیے بچوں اور بچیوں میں کوٹ، جرسی، گرم جیکٹس اور گرم سوئٹرز تقسیم کیے جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولوی محمد خالد گورگیج اور محمد صدیق گورگیج بھی اس موقع پر موجود تھے۔

نصیر آباد، تشنج اور خناق سے بچاؤ کی ویکسی نیشن کے حوالے سے ڈی سی منیر احمد ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی تفصیلات بتا رہے ہیں

طالبعلم مصور خان کاکڑ کو جلد از جلد بازیاب کرایا جائے، حاجی محمد رمضان

بصورت دیگر معصوم طالب علم کے ساتھ جو ظلم ہوا صرافہ یونین بلوچستان اس اغوا کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) صرافہ یونین بلوچستان کی جنرل سیکرٹری حاجی محمد نعیم رمضان ضلع اوستہ محمد محب علی مغیری جنرل سیکرٹری مظہر علی لاشاری نیاز لاشاری ظہور احمد عباس جویا ادریس ابو محمد ندیم سومرو دیوان لعل ارشد محمود و دیگر نے نمائندہ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ماہ قبل کوئٹہ میں 9 سالہ طالب علم مصور علی کاکڑ کو صبح سکول جاتے ہوئے ظالم درندوں نے دن دیہاڑے سرعام اغوا کر لیا یہ واقعہ بلوچستان حکومت کیلئے ایک چیلنج سے کم نہیں معصوم بچے کی اس طرح اغوا تاریخ کی بدترین واقعہ میں شمار ہوتا ہے اس واقع کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے مزید انکا کہنا تھا کہ بچے کی بازیابی کیلئے حکومت کو سنجیدہ ہونا چاہیے تاکہ عوام الناس کا غصہ ٹھنڈا اور والدین کی پریشانی ختم ہو جائے انہوں نے کور کمانڈر بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکریٹری و آئی جی بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ جلد سے جلد معصوم بچے مصور علی کاکڑ کو جلد سے جلد بازیاب کرایا جائے بصورت دیگر معصوم طالب علم کے ساتھ جو ظلم ہوا صرافہ یونین بلوچستان اس اغوا کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی تاکہ کل ایسا دوسرا واقع رونما ہو سکے۔

ماضی میں بے شمار ترقیاتی منصوبے تکمیل تک پہنچائے، پشتونخوامیپ ہرنائی

سات پل بنائے گئے جو کہ پشتونخوامیپ کا ایک تاریخی کارنامہ ہے ضلع کے تمام سرکاری اداروں میں نئے بلڈنگ بنائے گئے

پشتونخوامیپ کے چیئرمین ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمین اور ممبران اپنے ضلع کے غیور عوام کی خدمت جاری رکھیں گے، بیان

ہرنائی (اے این این) پشتونخوامیپ ہرنائی کے ضلعی سیکرٹریٹ سے جاری ایک بیان میں صوبائی وزیر کے ترجمان کی جانب سے پشتونخوامیپ کے حقیقت پر مبنی پریس کانفرنس پر ردعمل کو بوکس اور سچائی سے کوسوں دور قرار دیتے ہوئے سوال کیا کہ عرصہ چھ سات سال سے حلقے پر حکمرانی کرنے والے وزیر نے زلزلہ زدگان کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا جو آج بھی کریک شدہ مکانات میں رہائش پذیر ہیں اور منظور شدہ رقم کا چار سال گزرنے کے باوجود کوئی پتہ نہیں ہے اور نہ ہی شدید بارشوں میں موصوف نے کوئی ہمت دکھائی پشتونخوامیپ کے گورنمنٹ کے بعد ضلع ہرنائی میں ایک اینٹ کا ترقیاتی کام دکھایا جائے بجلی کا بحران عرصہ چھ سال سے جاری ہے جس کیلئے ایک ٹرانی کی ضرورت ہے وہ بھی اس حکومت سے آج تک نہ ہو سکا جس کی وجہ سے ہرنائی مکمل طور پر اندھیرے میں ڈوب چکا ہے۔ ہمارے ضلع چیئرمین پر کرپٹ ہونے کا الزام لگانے والوں زرا یہ تو بتا دو کہ ضلع کونسل تک کتنا فنڈ پہنچ چکا ہے اور اگر پہنچیں تو اس میں رکاوٹ کون ہے۔؟ ترقیاتی کام تو وہ تھے جو پشتونخوامیپ کے دور حکومت میں ہوئے۔ گرلز کالج کا قیام۔ انٹر کالج کو ڈگری کا درجہ دے کر دو بسیں منظور ہوئی۔ ضلع کے ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو اپ گریڈ کر کے ایمبولینس منظور کروائے گئے۔ ضلع کے تمام مڈل سکولوں کو ہائی کا درجہ پشتونخوامیپ کے دور میں دیا گیا۔ گھر گھر بلڈوزر گھنٹے دیئے گئے ہر گاؤں کو بجلی دی گئی۔ ہرنائی تو کوئٹہ۔ ہرنائی تو سنجاوی روڈ کیلئے فنڈز منظور کروایا گیا جسے بعد میں موجودہ گورنمنٹ کی ہٹ دھرمی سے تہہ و بالا کر دیا گیا جو آج تک سرد خانے کے سپرد ہے۔ یہی ہرنائی ٹرین کی بحالی پشتونخوامیپ کے دور حکومت ہرنائی کے عوام کیلئے ایک تحفہ ہے۔ ضلع کے تمام سرکاری اداروں میں نئے بلڈنگ بنائے گئے۔ اور تمام ڈسپنسریوں کو اپ گریڈ کر کے ادویات کے کوٹے کو بڑھایا گیا۔ ہر ضرورت مند کی مالی مدد کی گئی۔ فائر بریگیڈ گاڑی پشتونخوامیپ کے دور کی منظور شدہ ہے۔ ہر گاؤں میں کھیتوں کے بیچوں بیچ نالے پختہ کروائے گئے۔

یوم وفات سیدنا ابوبکر صدیق پر عام تعطیل کا اعلان کیا جائے، خالد گجر

تمام اہل اسلام سے اپیل ہے کہ جلوسوں میں شرکت کر کے صحابہ کرام سے دوستی کا ثبوت دیں

ڈیرہ مراد جمالی/ نامہ نگار) 22 جمادی الثانی یوم وفات خلیفہ بلافصل جانشین پیغمبر افضل البشر بعد الانبیاء سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عام تعطیل کا اعلان کر کے سرکاری سطح پر منایا جائے۔ آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر خالد گورسی گجر وصوبائی سینئر نائب صدر عرفان احمد گجر نائب صدر میر محمد گجر نے حکومت جنرل سیکرٹری ابرار احمد گجر انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر مقبول گجر و دیگر نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ 22 جمادی الثانی 25 دسمبر کو خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یوم وفات ہے عوام اہلسنت کا دیرینہ مطالبہ ہے کہ یوم وفات خلیفہ بلافصل سسر مصطفیٰ امام الصحابہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عام تعطیل کا اعلان کر کے سرکاری سطح پر منایا جائے یہ مطالبہ جائز بھی ہے اور آئینی بھی ہے عوام اہلسنت کا حق بھی ہے حکومت پاکستان بالخصوص بلوچستان حکومت بلا تاخیر یار غار و یار مزار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم پر تعطیل کا اعلان کریں اس مطالبہ پر عمل درآمد کرنے کے خاطر سنی علماء کونسل ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی مدح صحابہ و مطالباتی جلوس نکالتے ہیں۔ لہذا تمام اہل اسلام سے اپیل ہے کہ جلوسوں میں شرکت کر کے صحابہ کرام سے دوستی کا ثبوت دیں۔

سیاسی مخالفین لیگ کی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں، عمر فاروق زرکون

ضلع میں میرٹ کی بحالی پر مخالفین کی پروپیگنڈا کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے میرٹ کی بحالی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے

غیور عوام میں اب سیاسی شعور بیدار ہو چکا ہے وہ ان نام نہاد سیاسی مداریوں کے فریب اور دھوکے میں ہرگز نہیں آئیں گے، ضلعی صدر ن لیگ

کوہلو (یو این اے) ہمارے سیاسی مخالفین پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں اس لئے وہ مسلم لیگ (ن) کے خلاف بے بنیاد اور گمراہ کن پراپیگنڈے پھیلا رہے ہیں لیکن ضلع کے غیور عوام میں اب سیاسی شعور بیدار ہو چکا ہے وہ ان نام نہاد سیاسی مداریوں کے فریب اور دھوکے میں ہرگز نہیں آئیں گے ضلعی صدر مسلم لیگ (ن) عمر فاروق زرکون تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر عمر فاروق زرکون نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ضلع میں میرٹ کی بحالی پر مخالفین کی پروپیگنڈا کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے ممبر صوبائی اسمبلی نواب مری کی خصوصی کاوشوں سے میرٹ کی بحالی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے میرٹ کی بحالی سے کچھ عناصر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ سابقہ ادوار میں تمام سرکاری اداروں کو تباہ کیا گیا تعلیم صحت اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل پر کوئی توجہ نہیں دی گئی میرٹ کا جنازہ نکالا گیا ہے انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر پروپیگنڈا کرنے والے کسی بھی سیاسی جماعت کے پاس غریب عوام کیلئے کوئی پروگرام نہیں۔ ان تمام سیاسی جماعتوں نے کبھی بھی اپنے منشور پر عمل نہیں کیا ان کا منشور صرف انتخابی نعروں اور وعدوں تک محدود ہے انہوں نے کہا کہ ممبر صوبائی اسمبلی نے کوہلو کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے اور نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لئے میرٹ کو ترجیح دی ہے چند مخالفین کی طرف سے محکمہ صحت میں ٹیکنیکل اسٹاف کی بھرتیوں سے متعلق پراپیگنڈہ بے بنیاد اور خلاف حقائق ہے ان کو اوٹ پٹانگ بیان داغنے سے پہلے حقائق معلوم کر لینے چاہیے تھے ممبر صوبائی اسمبلی نواب مری نے میرٹ کی بحالی میں کوشاں ہے لیکن ریاست اور عوام کے دشمن انکی راہ میں روڑے اٹکانے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں ان کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت میں میرٹ پر بھرتیوں سے کچھ عناصر بوکھلاہٹ کا شکار ہے محکمہ صحت میں بھرتیوں کے لیئے مثالی ریکروٹمنٹ پالیسی ترتیب دی گئی ہے اس پالیسی کا ہر محب وطن شہری نے خیر مقدم کیا ہے لیکن لکیر کے فقیر آج بھی مخالفت کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ماضی میں نوکریاں فروخت کی جاتی رہیں ماضی کے وزرا اپنے محکموں میں بھرتیوں کے دوران اپنی من پسند ممبران سے انٹرویوز لیتے رہے

پولیو ٹیموں کی حفاظت کیلئے سکیورٹی پلان بھی جاری کر دیا گیا، کمشنر لورالائی

یو سی ایم اوز کی ٹریننگ ہو چکی ہے ڈیٹا لرز اور فیلڈ ٹیموں کی ٹریننگ کل سے شروع ہوگی، سعادت حسن

بارکھان (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن کی خصوصی ہدایت پر آج ڈپٹی کمشنر بارکھان وقار خورشید عالم کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں 30 دسمبر 2024 کو ہونے والی پولیو مہم کی تیاری کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈی ایچ او بارکھان ڈاکٹر ماجد امین اور ڈی ایس او WHO ڈاکٹر مجیب اور نئے تعینات ہونے والے یو سی ایم اوز نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے یو سی ایم اوز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ماتحت ایریا انچارج اور فیلڈ ٹیموں کو اچھی طرح ٹرینڈ کریں تاکہ تیس دسمبر 2024 سے شروع ہونے والی پولیو مہم کو اچھے انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ پولیو ٹیموں کی حفاظت کے لیے پولیس اور لیویز سکیورٹی پلان بھی جاری کر دیا گیا ہے اور پولیو ٹیموں کے کام کی مانیٹرنگ کے حوالے سے لائن ڈیپارٹمنٹ کے افسران کو بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈی ایچ او نے بتایا کہ انہوں نے پلان ہی کے مطابق تمام یو سی ایم اوز یا ایریا انچارج اور موبائل ٹیموں کو تعینات کر دیا ہے

خضدار مہنگائی کا جن بوتل سے باہر، گراں فروشوں نے نرخنامہ کی دھجیاں اڑا دی

خضدار میں مافیاز کی دن بدن بڑھنا تشویشناک امر ہے شہر بھر میں مہنگائی عروج کو پہنچ چکی ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مہنگائی کا جن بوتل سے باہر گراں فروشوں ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے نرخنامہ کی دھجیاں اڑا دی ہے منافع خوروں نے عوام کو لوٹنے میں مصروف عمل ہے شہر میں ہر جگہ مختلف ریٹس چل رہی ہے ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی حلقوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا خضدار میں مافیاز کی بھرمار ہے عوام کو ہر جگہ دونوں لوٹ رہے ہیں مہنگائی کیا ہو پر مہنگائی کر کے زرا بھی خوف و خدا نہیں آتے ہیں خضدار میں ہر جگہ مافیاز کا کنٹرول ہے کسی کی بس کی بات نہیں ہے نرخنامہ پرانی ہو چکی ہے کسی بھی تاجر، دکاندار سبزی فروٹ اور قصابوں نے کہیں بھی انکو چسپاں نہیں کی ہے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں خضدار میں مافیاز کی دن بدن بڑھنا تشویشناک امر ہے شہر بھر میں مہنگائی عروج کو پہنچ چکی ہے پرچون کے دکانداروں نے ہر چیز کے ریٹ میں دوگنا ریٹ لینا شروع کر دی ہے تاجروں گھی، چاول، گھی والوں کو روزانہ کے حساب پر بڑھائی جا رہی ہے ہر چیز کی خریداری کیلئے جیب اجازت نہیں دی جاتی ہے عوام کو بیدردی سے لوٹا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشوں ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت ایکشن لیکر عوام کو لوٹنے سے نجات دلائی جائے۔

نوکنڈی، مڈل بوائز سکول میں سالانہ اعلان نتائج کی تقریب

حنیف خان سنجرانی اور امام مسجد مولوی علاء الدین نوتیزئی نے انعامات تقسیم کیے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) کلی ملک عید محمد موسیٰ زئی حمل آب کے مڈل بوائز سکول میں سالانہ اعلان نتائج کی تقریب منعقد ہوئی جس میں پوزیشن ہولڈرز طلباء و طالبات میں کلی کے سیاسی وسماجی رہنماؤں سردار نصر اللہ موسیٰ زئی اور سپورٹس مین فرزاد علی سالاتی کے جانب سے سماجی رہنما حنیف خان سنجرانی اور امام مسجد مولوی علاء الدین نوتیزئی نے انعامات تقسیم کئے اس کے علاوہ طلباء طالبات کو ٹرافی میڈلز اور نقدی انعامات بھی دیئے گئے تقریب سے سکول ٹیچر مولا بخش بلوچ حنیف خان سنجرانی اور مولوی علاء الدین نوتیزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن بچوں نے محنت کی وہ پاس ہو کر آگے گئے اور جو بچے فیل ہو گئے ہیں انہیں ایک نئے عزم کے ساتھ اگلے سال میں نمایاں پوزیشن لینے کے لئے پہلے سے بھی زیادہ محنت کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی نہیں کر سکتی ضلع چاغی میں چونکہ سینڈک ریکوڈک اور دیگر بڑے بڑے پروجیکٹس موجود ہیں اس کے لئے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے دن رات محنت کرنی ہوگی تاکہ وہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد بڑے بڑے عہدوں کو سنبھال کر اپنے لوگوں کی خدمت کر سکیں انہوں نے مزید کہا کہ آج ہمارے علاقوں میں ڈاکٹرز ٹیچرز و دیگر شعبوں کے لئے ٹیکنیکل لوگ نہیں ہے اسکے لئے ہمیں خود اپنے آپکو تیار کرنا ہوگا آخر میں مہمانوں کے اعزاز میں کلی کے نوجوانوں احمد علی شیر زئی نظر محمد شیر زئی اور حضور بخش اسجبازی کی جانب چائے پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

قلعہ عبداللہ + میزئی اڈہ، جمعیت کے اجلاس سے ضلعی امیر مولانا فتح محمد حاجی عبدالشکور خان اچکزئی مولوی سراج الدین حاجی روز الدین کاکڑ حاجی عبدالعلی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

محکمہ زراعت صوبہ میں جدت لانے میں بری طرح ناکام

حکومت کسانوں کو جدید زرعی منصوبوں سے متعلق آگاہی فراہم کریں، کسانوں کی گفتگو

خضدار (بیورو رپورٹ) جھالاوان کے زمینداروں اور کسانوں کے زمہ دار تنظیموں نے کہا ہے کہ حکومتی عدم توجہی کے باعث دور جدید میں بھی صوبے کے کاشتکار محکمہ زراعت کی جانب سے مناسب رہنمائی نہ ملنے کے باعث روایتی کاشت تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ اس ضمن میں محکمہ زراعت صوبہ بلوچستان کے حکام کی عدم دلچسپی کے باعث صوبہ میں ان پڑھ کسانوں کی عملی تربیت اور رہنمائی کے لئے موثر اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے زرعی منصوبہ فائلوں میں دب کر رہ گیا جبکہ دوسری جانب ترقی پسند کاشتکار اپنی مدد آپ کے تحت انٹرنیٹ پر دیگر ممالک کی زرعی ٹیکنالوجی اپناتے ہوئے تجربات تک محدود ہو کر رہ گئے صوبہ میں تمام اضلاع پر جدید ایڈوائزری سروس نہ ہونے کے برابر ہے جس کے نتیجہ میں محکمہ زراعت صوبہ میں جدت لانے میں بری طرح ناکام ہو کر رہ گئی ہے ان خیالات کا اظہار خضدار جھالاوان کے زمینداروں اور کسانوں کے نمائندوں نے مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا بلوچستان کے زمینداروں اور کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے متعارف کروانے کے بیشتر پروگرام بھی آج سے 30 سال پرانے طریقوں کے مطابق سکھائے جا رہے ہیں جس سے اس جدید ترین دور میں بھی زراعت افسران پر انحصار کیا جا رہا ہے حالانکہ حکومت کی جانب سے اعلان کردہ زراعت کی ترقی اور ترویج کے لئے جدید طرز زراعت انتہائی مفید ہے جس کو تاحال شروع نہیں کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے زرعی اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے صوبے میں جدید زرعی ٹیکنالوجی اور حکومتی مراعات سے کاشتکاروں اور کسانوں کو بے خبر رکھا جاتا ہے جس سے فی ایکڑ پیداوار حاصل نہیں کی جا رہی ہے اس ضمن میں کاشتکار کسانوں اور زمینداروں کے حلقوں نے حکومتی ارباب اختیار اداروں سے مذکورہ صورتحال کے بارے فوری اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے جھالاوان کے کاشتکاروں اور کسانوں نے مطالبہ میں کہا ہے صوبائی حکومت صوبہ بھر خصوصاً جھالاوان کے کسانوں کو جدید زرعی منصوبوں کے متعلق اگاہی فراہم کریں صوبہ کے دیگر اضلاع کی نسبت جھالاوان کے کسان کاشتکار اور زمیندار بہت پیچھے ہیں موجودہ حکومت سے امیدیں وابستہ ہے کہ جھالاوان کے زمینداروں کو زراعت کے جدید سہولتوں کے بارے میں مفید آگاہی فراہم کئے جائیں

اوستہ محمد، جتک قومی اتحاد کے چیئرمین میر اکرم جتک و دیگر جتک قومی اتحاد کے ساتویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

ہندوؤں کے روحانی پیشواء مہاراج کرشنا داس کی 27ویں برسی کی تقریبات پرامن طور پر گزشتہ روز اختتام پذیر

جھل مگسی (خ ن) ہندوؤں کے روحانی پیشواء مہاراج کرشنا داس کی 27ویں برسی کی تقریبات پرامن طور پر گزشتہ روز اختتام پذیر ہو گئیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے ہندو برادری کے روحانی پیشوا آنجہانی مہاراج کشن داس کی 27ویں برسی کی تین روزہ تقریبات کے اختتام پر ہندو پنچایت کے صدر جیتو مل سے انکے ڈیرے پر ملاقات کیں۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ جھل مگسی کی جانب سے برسی کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا گیا ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے ہندو یاتریوں کو نوتال تا گنداواہ کانوائی کی صورت میں سخت حفاظتی انتظامات کر کے انکی منزل مقصود تک پہنچایا گیا اور سہ روزہ انکی مذہبی تقریبات بخیریت سے اختتام پذیر ہو گئیں اس موقع پر ہندو پنچایت کے صدر جیتو مل و دیگر نے صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ جھل مگسی ایف سی، پولیس، لیویز فورس اور اسپیشل برانچ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے برسی کے موقع پر فراہم کی گئی بہترین سیکورٹی اور انتظامات پر تمام متعلقہ اداروں کی کوششوں کو سراہا۔ تقریبات کے دوران امن وامان کی صورتحال مثالی رہی، اور تمام شرکاء نے برسی کی رسومات پرسکون و پرامن ماحول میں ادا کیں۔ ہندو برادری نے امید ظاہر کی کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے آئندہ بھی اسی طرح تعاون کی امید ظاہر کیں۔

ماڑہ کی جانب سے آتشزدگی کے متاثرہ شخص کو تین لاکھ 10 ہزار روپے امداد فراہم کردی

وفد نے متاثرہ دکاندار کی صحت دریافت کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

اور ماڑہ (یو این اے) انجمن تاجران اور ماڑہ نے رواں ماہ پٹرول پمپ میں آتشزدگی کے واقعے میں زخمی ہونے والے دکاندار مزمل اسماعیل کی کاروبار کی بحالی کے لیے مالی امداد فراہم کی۔ تاجر برادری کے تعاون سے تین لاکھ دس ہزار روپے کی امداد پیش کی گئی۔ انجمن تاجران کے صدر فہیم ناصر کی سربراہی میں انجمن کا وفد مزمل اسماعیل کے بھائی سے ملاقات کے لیے پہنچا۔ وفد نے متاثرہ دکاندار کی صحت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر فہیم ناصر نے کہا کہ تاجر برادری کی طرف سے دی جانے والی امداد کاروبار کے دوبارہ آغاز میں مددگار ثابت ہوگی اور یہ تاجروں کی یکجہتی کا ایک بہترین مظہر ہے۔ مزمل اسماعیل کے بھائی نے مالی امداد پر انجمن تاجران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس امداد سے نہ صرف ان کے بھائی کو مالی مدد ملی ہے بلکہ تاجروں کی اس یکجہتی نے ان کے حوصلے کو مزید بڑھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں نے مشکل وقت میں ان کا ساتھ دے کر ثابت کیا ہے کہ تاجر برادری ایک دوسرے کے لیے مضبوط سہارا ہے۔ یاد رہے کہ 9 دسمبر کو اور ماڑہ کے ذیلی زرروڈ پر واقع پٹرول پمپ میں آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا تھا، جس میں مزمل اسماعیل سمیت دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے تھے۔ پٹرول پمپ، دو دکانیں اور ایک کار کو رکشہ بھی مکمل طور پر جل کر خاکستر ہو گئے تھے۔ انجمن تاجران کے سینئر نائب صدر نسیم سلیم، جونیئر نائب صدر عرفان غلام رسول، انفارمیشن سیکریٹری ندیم آدم اور فنانس سیکریٹری طارق خدا گنج بھی اس ملاقات میں موجود تھے۔

شہداء پٹ فیڈر نے قربانی دیکر تمام کسانوں کو روشن راہ دکھائی ہے، کامریڈ امداد قاضی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل کامریڈ امداد قاضی نے کہا ہے کہ شہداء پٹ فیڈر نے جاگیردارانہ نظام اور اپنے حقوق کے لیے قربانی دیکر تمام کسانوں کو روشن راہ دکھائی ہے کہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے کسی بھی طاقتور جاگیردار کے سامنے سرنگوں ہونے کی بجائے لڑنے کو ترجیح دیں، آج جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام نے 25 کروڑ عوام کو غلام بنا کر انکے حقوق غصب کیے ہیں، عوام غربت کی چکی میں پستے ہوئے انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان بزگر کمیٹی اور کمیونسٹ پارٹی بلوچستان کمیٹی کے زیر اہتمام نکالی گئی ریلی اور ضلع کونسل ہال میں منعقدہ شہداء پٹ فیڈر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، کانفرنس سے کمیونسٹ پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری پروفیسر نیک محمد کاکڑ، سندھ ہاری کمیٹی کے صدر پروفیسر میر منور تالپور، کامریڈ اقبال، بلوچستان بزگر کمیٹی کے مرکزی صدر کامریڈ فرحاد رند، ضلعی سیکریٹری غلام محمد جمالی، کسان اتحاد کے رہنما میر نصیب اللہ کھوسہ و دیگر نے بھی خطاب کیا، انڈیا میں کارپوریٹ فارمنگ کے خلاف عوام سراپا احتجاج ہیں، پاکستان میں کارپوریٹ فارمنگ کے نام پر نہ صرف عام کسانوں کی زمینیں ہتھیانے کی کوشش کی جا رہی ہیں بلکہ عرب سرمایہ داروں کے ذریعے طاقتور قوتیں سندھ دریا سے نئے کینالز نکال کر چولستان کی ریگستانی زمینوں کو آباد کرنے کے لیے پہلے ہی زیر کاشت لاکھوں ایکڑ اراضی کو بنجر بنانے کے درپے ہیں،

ڈیرہ مراد جمالی میں امن امان کی مخدوش ہے، میر محمد رحیم لہڑی

عوام کی جان و مال محفوظ نہیں موٹر سائیکلیں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے

ڈیرہ مراد جمالی/ نامہ نگار) شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی ضلع نصیر آباد کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت چیئرمین شہری ایکشن کمیٹی میر محمد رحیم لہڑی منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری عبدالرزاق بنگلزئی۔ سینئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انقلابی دیگر عہدیداروں ممبران وزیرہ عاشق علی عمرانی۔ حافظ سعید احمد بنگلزئی۔ میر سعد اللہ زہری۔ مولانا احمد الدین بخاری علی گل لانگو۔ محبوب علی کھوسہ۔ غلام مصطفیٰ کورار۔ مولانا عابد علی۔ حامد خان گولہ سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی میں گیس پریشر کی کمی۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ۔ قبرستان کے لیے اراضی بائی پاس کی تعمیراتی کام میں سستی روی شہر میں ٹریفک جام۔ اور پینے کے پانی امن و امان سمیت دیگر مسائل پر غور خوص کیا گیا اجلاس کے شرکاء نے شہری اور عوامی بنیادی مسائل کے حل کے لیے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین میر محمد رحیم لہڑی جنرل سیکرٹری عبدالرزاق بنگلزئی علامہ عبدالحکیم انقلابی سمیت رہنماؤں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کئی مسائل حل طلب ہیں شہر میں گیس پریشر کی کمی اور لوڈشیڈنگ قبرستان کی اراضی بجلی کی لوڈشیڈنگ سیوریج سسٹم کی عدم فراہمی پرانے بس اڈے کی نئے بس اڈے منتقلی شہر میں صفائی ستھرائی سمیت دیگر عوامی مسائل ہیں جن کو حل کرنے کے لیے آواز بلند کی جائے گی مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں گیس کی پریشر بالکل نہ ہونے کے باعث مکینوں کو درپیش مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شرقی اور غربی کے کئی وارڈز میں گیس کی فراہمی کا تو نام و نشان نہیں ہے۔ جس سے عوام کی مشکلات میں کمی ہونے کی بجائے ان میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے سخت سردی میں عوام کی مشکلات کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں

نصیر آباد، شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد رحیم لہڑی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار نال میں ساجدی ہاؤس میں زمینی تنازعہ پر دو فریقین کے درمیان تصفیہ

سردار عبدالحکیم رودینی، چیئرمین گلزار سمالانی نے دونوں فریقین کو بغل گیر کرا کر شیر و شکر کر دیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار نال میں ساجدی ہاؤس میں زمینی تنازعہ پر دو فریقین کے درمیان تصفیہ ہوا، تفصیلات کے مطابق تحصیل نال میں سردار عبدالحکیم رودینی اور چیئرمین میر گلزار سمالانی کی سربراہی میں دو فریقین کے درمیان زمینی تنازعہ پر تصفیہ ہوا، جس میں سردار عبدالحکیم رودینی، چیئرمین میر گلزار سمالانی، میر محمد جان رودینی، مولوی محمد اشرف، پنجگور کچک کے نوجوان سیاسی وسماجی رہنما چیئرمین علی جان سمالانی، میر عبدالرشید ساجدی، میر ہاشم سیاہ پاد اور دیگر علاقائی معززین وسفید ریش شامل تھے واضح رہے کہ فریق اول میر قادر بخش ساجدی اور فریق دوئم عبدالرزاق رودینی کے دیرینہ زمینی تنازع کو علاقائی معتبر شخصیات سردار عبدالحکیم رودینی، چیئرمین میر گلزار سمالانی، پنجگور کے سیاسی وسماجی شخصیت میر محمد جان رودینی، مولو محمد اشرف، میر عبدالرشید ساجدی، چیئرمین علی جان سمالانی، میر محمد ہاشم سیاہ پاد نے خضدار گریشہ کے دیرینہ زمینی تنازع کو قرآن وسنت کی روشنی اور علاقائی روایات کے مطابق حل کیا گیا اور سردار عبدالحکیم رودینی، چیئرمین گلزار سمالانی نے دونوں فریقین کو بغل گیر کرا کر شیر وشکر کر دیا یاد رہے یہ زمینی تنازعہ کو گزشتہ چالیس سال سے زائد ہو رہا ہے انکا تنازعہ چلے رہے ہیں انکو خوش اسلوبی سے حل کر کے تنازعہ کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دی انہوں نے آخر میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قوموں اور تمام امت مسلمہ کو اتحاد واتفاق پیدا کریں تاکہ آئندہ ایسی تنازعات پیدا نہ ہو۔

پولیس کی لازوال قربانیوں کی بدولت عوام کا محکمے پر اعتماد بحال ہے، ڈی آئی جی نصیر آباد

نصیر آباد کے عام شاہراؤں لنک سڑکوں سمیت مختلف مقامات پر پولیس کی چوکیاں قائم ہیں جن میں پولیس اہلکاران ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں

پولیس کے نوجوانان 24 گھنٹے بلاتعطل اپنی فرائض نہایت ایمانداری اور جان فشانی سے سرانجام دے رہے ہیں، ایاز احمد بلوچ

ڈیرہ مراد جمالی/ نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد رینج ایاز احمد بلوچ نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے نوجوان تجربہ کار پولیس آفیسران اور پولیس اہلکاروں کی روز شبانہ محنت اور کوششوں کے باعث نصیر آباد عوام کا نصیر آباد پولیس پر بھرپور اعتماد ہے پولیس کی بیشمار قربانیوں کی بدولت آج پورے صوبے میں پولیس کا مورال بلند و بالا ہے عوام اپنی مال و جان کی تحفظ کے لئے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کر کے اپنی صفوں سے چور دہشت گرد عوام اور ملک دشمنوں کو نکالیں صحافی برادری نصیر آباد میں پولیس کی رہنمائی کے لئے معاشرہ کا اصل چہرہ واضح کریں کرائم بدامنی چوری اور ڈکیتی کو اجازت نہیں دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نمائندہ مشرق وحید رزاق بنگلزئی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا ایاز احمد بلوچ نے کہا کہ ضلعی پولیس پورے نصیر آباد میں عوام کی مال و جان کی تحفظ کے لئے 24 گھنٹے الرٹ کھڑے ہیں عوام کی تحفظ کے لئے پولیس نے لازوال قربانیاں دیں صوبے میں پولیس کا مورال بلند رکھنے میں باقی کسر نہیں چھوڑے ہیں پولیس کا دروازہ نصیر آباد عوام کے لئے ہر وقت کھلا ہے ایک سوال کے جواب میں ڈی آئی جی نصیر آباد ایاز احمد بلوچ نے کہا نصیر آباد کے مین شاہراؤں سمیت تمام لنک سڑکوں عام راستوں پر نصیر آباد پولیس کی چوکیاں قائم ہیں پولیس کے نوجوانان 24 گھنٹے بلاتعطل اپنی فرائض نہایت ایمانداری اور جان فشانی سے سرانجام دے رہے ہیں نصیر آباد عوام کو بھی چاہیے کہ وہ پولیس سے تعاون کریں تاکہ علاقے سے جرائم پیشہ افراد کا خاتمہ ہو

مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے کا غیر قانونی سلسلہ جاری ہے، بابو خادم علی

ویگن مالکان اپنی من مانیوں کے ذریعے نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں

نصیر آباد/ نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے سینئر رہنما بابو خادم علی ڈندور نے کوئٹہ سے جیکب آباد روڈ پر چلنے والی ویگنوں کے غیر قانونی اقدامات اور من مانیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویگن مالکان اپنی من مانیوں کے ذریعے نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں بلکہ مسافروں کی زندگیوں کو بھی سنگین خطرات سے دوچار کر رہے ہیں بابو خادم علی ڈندور نے کہا کہ مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے کا غیر قانونی سلسلہ جاری ہے، جو کسی بھی وقت بڑے حادثے کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ویگنوں کے اندر گنجائش سے زیادہ مسافروں کو زبردستی بٹھایا جاتا ہے، جس سے نہ صرف مسافروں کا سفر ناقابل برداشت ہو جاتا ہے بلکہ یہ انسانی وقار کے بھی خلاف ہے انہوں نے انکشاف کیا کہ ویگن مالکان مقررہ کرائے سے کئی گنا زیادہ رقم وصول کر رہے ہیں۔ ہر مسافر سے 1200 روپے کرایہ لیا جا رہا ہے، جو کہ غریب عوام کے لیے ایک ناقابل برداشت بوجھ ہے انہوں نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں اور ایسے حالات میں ٹرانسپورٹ کے اضافی کرائے ان کے مسائل میں مزید اضافہ کر رہے ہیں بابو خادم علی ڈندور نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے اس غیر معیاری اور غیر محفوظ نظام کی وجہ سے عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹرانسپورٹ مالکان کی جانب سے عوام کے ساتھ زیادتی ہے، اور متعلقہ حکام کی خاموشی ان کے لیے مزید تکلیف دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اور محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، لیکن حکام کی لاپرواہی اور غفلت نے عوامی مسائل کو بڑھا دیا ہے بابو خادم علی ڈندور نے حکام بالا، جن میں ایس ایس پی نصیر آباد، ہائی وے پولیس، ایس پی ٹریفک، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، کمشنر نصیر آباد ڈویژن، اور صوبائی سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ شامل ہیں، سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی کرایوں کو روکا جائے اور ویگن مالکان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ ہائی وے پر مستقل نگرانی کے لیے چیک پوسٹیں قائم کی جائیں تاکہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو عوام میں بے چینی بڑھ سکتی ہے اور احتجاج کا امکان پیدا ہو سکتا ہے۔ عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، اور اس میں مزید غفلت ناقابل قبول ہے

اوستہ محمد پیر پگارا کا دورہ بلوچستان اہم ہے، رپورٹ

اوستہ محمد (آن لائن) ملک کی سیاست میں تبدیلی سیاسی تبدیلی نظر آنے لگی پیر پگارے کا دورہ ایک نیا رخ ثابت ہوگا۔ جمالی خاندان کے ساتھ نوکہ پرانے تعلقات ہیں لیکن اس قسم کے جلسے یا ملاقات تبدیلی کی نشانی ہے۔ رپورٹ تفصیلات کے مطابق ایک سیاسی تجزیاتی رپورٹ کے مطابق ملک میں سیاسی تبدیلی نظر آنے لگی جس کی وجہ روحانی پیشوا پیر صبغت اللہ راشدی (پیر پگارو) کا دورہ بلوچستان ایک سیاسی رخ ہے گو کہ ان کے تعلقات میر ظفر اللہ خان جمالی (مرحوم) ان کے گھرانے۔ میر جان محمد خان جمالی اور جمالی خاندان کے ساتھ پرانے ہیں اس بار پیر صاحب کا دورہ اور ان کی سیاسی باتیں آنے والے الیکشن سے قبل ایک نیا سیاسی رخ ہے اسے ایک سیاسی پیغام کہا جائے تو غلط نہیں۔

جتک قبائل کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کے لیے کوشاں ہیں، میر اکرم جتک

قبائل اس جدید دور میں بھی زندگی کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم ہیں

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد جتک قومی اتحاد کا کوئی سیاسی مقاصد ہرگز نہیں ہے جتک قبائل کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کے لیے کوشاں ہیں موجودہ صورتحال میں جتک قبائل کو ایک ہونا پڑے گا تقریب سے چیئرمین میر اکرم جتک سینیئر رہنما نزیر احمد جتک سینیئر نائب صدر ڈاکٹر نصر اللہ جتک بھر کے جتک مقبول جان ڈاکٹر محمد عثمان جتک زاہد جتک کا خطاب تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جتک قومی اتحاد کا ساتواں سالگرہ کے موقع پر سادہ و پر وقار تقریب کا اہتمام کیا گیا اور اس موقع پر کیک کاٹ کر تقریب کا باقاعدہ آغاز کیا گیا تقریب میں جتک قبائل کے سینکڑوں لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب سے جب تک قومی اتحاد کے چیئرمین میر اکرم جتک سینیئر رہنما نزیر احمد جتک سینیئر نائب صدر ڈاکٹر نصر اللہ جتک بھر ک جتک مقبول جان ڈاکٹر محمد عثمان جتک زاہد جتک اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جتک قبائل اس جدید دور میں بھی زندگی کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم ہیں اور مختلف مشکلات ومسائل کا شکار ہیں

ل، جمعیت کے ضلعی ترجمان حافظ عبداللہ گورگیج یونین کونسل سرل میں بچوں اور بچیوں میں گرم ملبوسات تقسیم کر رہے ہیں

خاران اور واشک کے عوام کو پائیدار ترقی اور تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں، بی ایس او پجار

یہ خیراتی زکواۃ کے آٹے کی تقسیم محض علامتی اور وقتی فائدے تک محدود ہے، غنی حسرت بلوچ

خاران (نمائندہ خصوصی محمد عیسیٰ محمد حسنی) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) کے مرکزی کمیٹی کے رکن غنی حسرت بلوچ نے کہا کہ اس بات پر گہری تشویش ہے کہ ہر سال سعودی عرب کے شیخ بلوچستان کے علاقوں خاران اور واشک میں تلور جیسے نایاب پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔ یہ شکار نہ صرف مقامی ماحولیات کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ ان کے بدلے میں دی جانے والی خیرات اور مراعات نے مقامی عوام کے حقیقی مسائل کو حل کرنے میں کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ خیراتی زکواۃ کے آٹے کی تقسیم محض علامتی اور وقتی فائدے تک محدود ہے، جو عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھنے کی ایک حکمت عملی بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاران اور واشک کے عوام کو خیرات کے بجائے پائیدار ترقی اور تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

امن وامان کی صورتحال میں بہتری لائیں گے، ڈی سی دکی

لیویز اہلکاروں کی کارکردگی براہ راست عوام کے تحفظ سے جڑی ہوئی ہے، اس لیے کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا

اگر کوئی اہلکار اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، کلیم اللہ کاکڑ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی، کلیم اللہ کاکڑ نے لیویز تھانہ نریمن اور لیویز تھانہ ہوسڑی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ملازمین کی حاضری اور ان کی کارکردگی کا بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے لیویز اہلکاروں کو اپنی ڈیوٹی کے حوالے سے سخت ہدایات دیتے ہوئے تاکید کی کہ وہ ہر وقت اپنی ذمہ داریوں کے لیے تیار رہیں اور وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے حکم دیا کہ ہر آنے اور جانے والے شخص پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کو فوراً نوٹ کر کے بروقت کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ لیویز اہلکاروں کی کارکردگی براہ راست عوام کے تحفظ سے جڑی ہوئی ہے، اس لیے کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ اگر کوئی اہلکار اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ ادارے کی ساکھ برقرار رہے اور عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جا سکیں۔ یہ دورہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا کہ تھانہ جات کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال مزید مستحکم ہو۔

نیشنل پارٹی کی منشور عوامی خدمت ہے، علی احمد لانگو

مستونگ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے ساتواں ضلعی کنونشن بنام بی ایس او کے بانی چیئرمین و بانی نیشنل پارٹی شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ بیاد شہدائے نیشنل پارٹی مستونگ شہید میر غلام حسن سرپرہ شہید ہیڈری بلوچ شہید سردار نجیب خان ترین شہید نظام جان شاہوانی ڈسٹرکٹ کونسل ہال مستونگ میں منعقد ہوا۔۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا پہلا سیشن بند اجلاس اور ضلعی سیکرٹری رپورٹ ضلعی جنرل سیکرٹری سجاد دھوار نے پیش کی۔ ضلعی رپورٹ پر کونسلران نے تفصیلی بحث مباحثہ و تجاویز دیئے ضلعی کونشن سے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات علی احمد لانگو صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ مرکزی ضلعی صدر حاجی نذیر احمد سرپرہ و صوبائی لیبر سیکرٹری میر احمد بلوچ صوبائی ورکنگ کمیٹی کے ممبر آغا فاروق شاہ کوئٹہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی ریاض زہری سجاد دھوار نواز بلوچ میر سکندر ملازئی ظفر اقبال بلوچ حاجی نذیر احمد بنگلزئی شیر علم بلوچ نثار مشوانی و دیگر نے خطاب کیا۔

ہار جیت سیاست کا حصہ ہے، میر نورالدین نوشیروانی

حالیہ انتخابات میں پیپلز پارٹی کے جیالوں ورکرز نے رخشان ڈویژن میں زبردست ووٹ وسپورٹ کیا

خاران (نمائندہ خصوصی محمد عیسیٰ محمد حسنی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما پارٹی ٹکٹ ہولڈر چیئرمین میونسپل کمیٹی خاران میر نورالدین نوشیروانی نے کہا ہے کہ حالیہ انتخابات میں پیپلز پارٹی کے جیالوں ورکرز اور عام عوام نے پارٹی کو نہ صرف خاران بلکہ رخشان ڈویژن میں زبردست ووٹ و سپورٹ کیا، ہار جیت سیاست کا حصہ ہے، رخشان میں پارٹی نے قومی اسمبلی کی نشست پر پچیس ہزار کے لگ بھگ اور خاران میں ساڑھے چھ ہزار ووٹ لیا، مگر نہایت ہی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے پیپلز پارٹی جیسے نظریاتی پارٹی کے دور حکومت میں ہمیں سیاسی انتقام کا نشانہ بنا کر دیوار سے لگایا جا رہا ہے، میرے حلقہ انتخاب میں مختلف محکموں میں پوسٹ آئے جن میں مخالفین اور اپوزیشن پارٹیوں کو نوازا گیا، سننے میں آ رہا ہے، کئی محکموں میں پوسٹ بھک گئے ہیں، بیان میں کہا گیا کہ پیپلز پارٹی کے وزراء مخالفین کو پوسٹ و مراعات سے نواز کر نہ صرف پارٹی نظریے کی خلاف ورزی کر رہے ہیں بلکہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ شہید بینظیر بھٹو کے نظریے کو بھی دفن کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ دن رات محنت صدر مملکت جناب آصف علی زرداری چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور مرکزی قیادت نے کی، جس کے حوض دو صوبوں میں پیپلز پارٹی کا حکومت قائم کیا، سینٹ چیئرمین اور پریذیڈنٹ آف پاکستان کی کرسی بھی صدر آصف علی زرداری کی محنت کا نتیجہ ہے، اب بلوچستان کے پارٹی وزراء صدر مملکت جناب آصف علی زرداری چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سینئر قیادت کی قربانیوں کو ضائع کر کے پارٹی نظریے کو خاک میں ملا رہے ہیں، بیان میں مزید کہا گیا کہ نہایت ہی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ خاران میں حالیہ مختلف محکموں میں ہزاروں ووٹرز سپورٹرز اپنی جگہ ایک پرانے جیالے کو چپراسی کی فورتھ کلاس کی پوسٹ دینا بھی پارٹی وزراء نے گوارا نہ کیا، گزشتہ ایک سال کے حکومتی دورانیہ میں پیپلز پارٹی کے وزراء نے خاران میں ایک اینٹ بھی اٹھا کر نہیں دکھا سکتے ہم نے خاران کے جیالوں اور ورکرز کے لیے ایک اینٹ پارٹی کے نام لگا دیا، ایک روپیہ کا کام نہیں ہوا ہے، خاران میں پیپلز پارٹی کے نام، زراعت میں سینکڑوں پوسٹ آئے پیپلز پارٹی کو پس پشت رکھا گیا، پچیس ٹیوب ویل زراعت کے منظور ہوئے، پیپلز پارٹی کو پس پشت رکھا گیا، ابھی چند روز پہلے ہیلتھ کے آرڈر ہوئے، حالت یہ ہے کہ ایک پوسٹ بھی پیپلز پارٹی کے ورکر یا جیالے کو نہیں ملا اور نہ ہی میرٹ ہوا، اگر میرٹ ہوتا پھر بھی ہم صبر کرتے مگر افسوس کی بات ہے کہ میرٹ کا دور دور تک نام و نشان دکھائی نہیں دیا،

چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کے تمام میچز نیوٹرل وینیو پر منعقد ہونگے، محسن نقوی

چیمپئنز ٹرافی: بھارت کے نہ آنے سے پاکستان کو کوئی نقصان کیوں نہیں ہوا؟

فراڈ کیس، بھارتی کرکٹر کی گرفتاری کی خبروں پر ردعمل سامنے آگیا

ویرات کوہلی خراب فارم پر پریشان، روتے ہوئے دیکھا، انوشکا شرما نے بھانڈا پھوڑ دیا

پاک ویسٹ انڈیز ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ کراچی سے ملتان منتقل

دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ 16 سے 20 جنوری تک کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا ٹیسٹ شیڈول کے مطابق 24 سے 28 جنوری ملتان ہی میں ہوگا۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان 16 سے 20 جنوری تک کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں میچ شیڈول تھا، ذرائع کے مطابق نیشنل اسٹیڈیم میں تعمیراتی کام کی وجہ سے میچ کو ملتان منتقل کیا گیا۔

ہیوی ویٹ باکسنگ، اولیکسینڈر یوسیک نے ٹائسن کو شکست دیدی

ٹائسن فیوری اور اولیکسینڈر یوسیک کے شاندار مقابلے کے 12 راؤنڈز مکمل ہونے کے بعد اولیکسینڈر پوائنٹس کی بنیاد پر 116-112 پوائنٹس کے ساتھ فاتح قرار

تاریخی ایونٹ میں دنیا بھر سے شائقین باکسنگ نے شرکت کی، جبکہ مشہور باکسر عامر خان، حمزہ شیراز اور دیگر معروف شخصیات نے بھی اپنی موجودگی سے تقریب کو چار چاند لگا دیے

ریاض (این این آئی) یوکرین کے اولیکسینڈر یوسیک نے ہیوی ویٹ باکسنگ ٹائٹل فائٹ کے دوبارہ میچ میں برطانیہ کے ٹائسن فیوری کو شکست دی۔ ریاض میں ٹائسن فیوری اور اولیکسینڈر یوسیک کے درمیان شاندار مقابلے کے 12 راؤنڈز مکمل ہونے کے بعد اولیکسینڈر یوسیک پوائنٹس کی بنیاد پر فاتح قرار دے دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب میں ریاض سیزن کے تحت سب سے بڑے باکسنگ مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جہاں عالمی شہرت یافتہ باکسر ٹائسن فیوری اور اولیکسینڈر یوسیک کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ منعقد ہوا۔ اس تاریخی ایونٹ میں دنیا بھر سے شائقین باکسنگ نے شرکت کی، جبکہ مشہور باکسر عامر خان، حمزہ شیراز اور دیگر معروف شخصیات نے بھی اپنی موجودگی سے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ اس اہم مقابلے میں ہالی وڈ کے معروف اداکار جیسن اسٹیتھم نے بھی شرکت کی اور شائقین کے ساتھ اس یادگار لمحے کا حصہ بنے۔

ویسٹ انڈیز اور انڈیا ویمنز ٹیموں کے درمیان ون ڈے میچ میں ویسٹ انڈیز بیٹر کی گلیمن بولڈ کا منظر

پاکستان نے دیا ساتھ تو 30 دسمبر کو ٹاپ پر ہوگا ہندوستان

نئی دہلی (یو این پی) ہندوستان اور پاکستان کرکٹ بورڈز کے درمیان بھلے ہی کشیدگی رہتی ہو، لیکن دونوں ممالک کے درمیان میچ ہمیشہ ہی جوش پیدا کرتے ہیں۔ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں دونوں ٹیمیں کبھی نہیں ٹکرائیں لیکن فائنل کی ریس کیلئے ان کے میچ اہم ہو گئے ہیں۔ جس دن ہندوستان آسٹریلیا کے خلاف چوتھا ٹیسٹ میچ کھیلے گا، اسی دن پاکستانی ٹیم جنوبی افریقہ سے ٹکرائے گی۔ اگر ہندوستان اور پاکستان دونوں جیت جاتے ہیں WTC پوائنٹس ٹیبل میں اتھل پتھل یقینی ہے۔

ون ڈے کرکٹ کا ایک بدترین ریکارڈ عبداللہ شفیق کے نام ہوگیا

جنوبی افریقہ کے خلاف ون ڈے سیریز کے تینوں میچز میں عبداللہ شفیق بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے

جوہانسبرگ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی اوپنر عبداللہ شفیق کے نام ون ڈے کرکٹ کا بدترین ریکارڈ بن گیا۔ جنوبی افریقہ کے خلاف ون ڈے سیریز کے تینوں میچز میں عبداللہ شفیق بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ وہ ایک ون ڈے سیریز کے تمام میچز میں صفر پر آؤٹ ہونے والے پہلے اوپنر بن گئے۔ عبداللہ شفیق ایک سال میں سب سے زیادہ انٹرنیشنل ڈکس حاصل کرنے والے پاکستانی اوپنر بھی ہوگئے ہیں۔ 2024 میں عبداللہ شفیق انٹرنیشنل کرکٹ میں 7 مرتبہ صفر پر آؤٹ ہوئے۔

اے ٹی ایل اسٹالینز کی شاندار کارکردگی، 12 پوائنٹس کے ساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کر لی

ایم ٹی مارخورز اور نور پور لائنز کوالیفائر میں مدمقابل ہوں گی اور جو ٹیم جیتے گی وہ فائنل میں پہنچ جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) چیمپئنز ٹی 20 کپ میں اے بی ایل اسٹالینز نے شاندار کارکردگی کی بدولت 12 پوائنٹس کے ساتھ فائنل میں جگہ بنالی ہے، یو ایم ٹی مارخورز اور نور پور لائنز کوالیفائر میں مدمقابل ہوں گی اور جو ٹیم جیتے گی وہ فائنل میں پہنچ جائے گی۔ پی سی بی کے زیر اہتمام چیمپئنز ٹی 20 کپ کے دلچسپ مقابلے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری ہیں، لیگ میچز مکمل ہونے کے بعد اے بی ایل اسٹالینز اور یو ایم ٹی مارخورز نے 12، 12 پوائنٹس حاصل کیے۔

چیمپئنز ٹرافی، دبئی کا نام ہائبرڈ ماڈل کیلئے فائنل ہوگیا، ذرائع

بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گی جبکہ اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو ہی ہوگا

ایونٹ کے آغاز سے قبل چھ دن کا سپورٹ پریڈ رکھا گیا ہے، اس سپورٹ پریڈ میں ٹیموں کی آمد اور پریکٹس وغیرہ شامل ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی میزبانی میں شیڈول آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کے تمام میچز کی میزبانی دبئی کا نام فائنل کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کیلئے نیوٹرل وینیو دبئی ہوگا، جہاں بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز کھیلے گی جبکہ اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو کھیلا جائے گا۔ چیمپئنز ٹرافی کیلئے نیوٹرل وینیو دبئی ہوگا، جہاں بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز کھیلے گی جبکہ اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز ممکنہ شیڈول شیڈول میں بتایا گیا تھا کہ ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے ہوگا، افتتاحی مقابلہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں کھیلا جائے گا۔ قومی ٹیم اپنا تیسرا میچ 27 فروری کو بنگلادیش کے خلاف کھیلے گی، پہلا سیمی فائنل 3 مارچ اور دوسرا 4 مارچ کو کھیلا جائے گا، اسی طرح ایونٹ کا فائنل 9 مارچ کو لاہور یا نیوٹرل وینیو پر ہوگا۔ ایونٹ کے آغاز سے قبل چھ دن کا سپورٹ پریڈ رکھا گیا ہے، اس سپورٹ پریڈ میں ٹیموں کی آمد اور پریکٹس وغیرہ شامل ہے۔ یہ ٹائم پریڈ 12 سے 18 فروری تک ہوگا۔ قبل ازیں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے چیمپئنز ٹرافی کے ہائبرڈ ماڈل سے متعلق معاملات پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں میگا ایونٹ سمیت تمام ٹورنامنٹس میں 2027 تک نیوٹرل وینیوز پر کھیلیں گی۔

بمراہ وسیم اکرم جیسا ہے میرے لیے وہ ان کے دائیں ہاتھ کا ورژن ہے، جسٹن لینگر

بمراہ کی گیند دونوں طرف سوئنگ ہوتی ہے جو مجھے وسیم اکرم کے وقت کی یاد دلاتی ہے، آسٹریلوی کرکٹر

سڈنی (این این آئی) سابق آسٹریلوی کوچ جسٹن لینگر نے بھارت کے فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کا موازنہ پاکستان کے لیجنڈ فاسٹ بولر وسیم اکرم سے کردیا۔ سابق آسٹریلوی کرکٹر جسٹن لینگر نے بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کی بولنگ کی تعریف کی اور کہا کہ مجھے اس کا سامنا کرنے سے نفرت ہوگی کیونکہ وہ وسیم اکرم جیسا ہے میرے لیے وہ وسیم اکرم کا دائیں ہاتھ کا ورژن ہے۔

قومی ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ: ہنہ اوڑک روڈ پر ٹرائل کا انعقاد

قومی ٹی 20 ٹیم میں بہتری کیلئے 100 ہارڈ ہٹرز پر مشتمل اسٹرائیک فورس بنانے کا فیصلہ

اسٹرائیک فورس کے لیے تمام بلے بازوں کا انتخاب سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق کی سربراہی میں کیا جائے گا، اسٹرائیک فورس کی تیاری کے لیے ایک سال کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسٹرائیک فورس کے قیام کا مقصد قومی ٹی 20 ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ کے لیے تیار کرنا ہے، یاد رہے کہ رواں سال ٹی 20 ورلڈ کپ میں قومی ٹیم پہلے ہی مرحلے میں باہر ہوگئی تھی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 سے قبل قومی ٹی 20 ٹیم میں بہتری کے لیے 100 ہارڈ ہٹرز بلے بازوں پر مشتمل اسٹرائیک فورس بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ پی سی بی ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل قومی ٹی 20 ٹیم میں نئی روح پھونکنے کے لیے اسٹرائیک فورس بنانے کا فیصلہ کیا ہے، اسٹرائیک فورس 100 نوجوان ہارڈ ہٹنگ بیٹرز پر مشتمل ہوگی۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق اسٹرائیک فورس کے لیے تمام بلے بازوں کا انتخاب سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق کی سربراہی میں کیا جائے گا، اسٹرائیک فورس کی تیاری کے لیے ایک سال کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پروگرام کیلئے ہر 6 ماہ بعد 50، 50 کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا جبکہ منتخب کھلاڑیوں کو ہارڈ ہٹنگ کی تربیت دی جائے گی۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق اسٹرائیک فورس بنانے کا مقصد ٹی 20 سکواڈ کو بہتر اسٹرائیک ریٹ والے کھلاڑی مہیا کرنا ہے، ایک سال میں نیا ٹیلنٹ تیار کرکے ٹی 20 اسکواڈ کا حصہ بنایا جائے گا۔ اسٹرائیک فورس کے قیام کا مقصد قومی ٹی 20 ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ کے لیے تیار کرنا ہے۔

چیمپئنز ٹرافی: پی سی بی کو 4.5 ملین ڈالر (تقریباً 38.2 کروڑ روپے) ملنے کی توقع

ہائبرڈ ماڈل کے انتظام سے پی سی بی کو مالی نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، بھارتی کرکٹر و کمنٹیٹر

نئی دہلی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی کے ہائبرڈ ماڈل کو تسلیم کرنے پر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے اضافی معاوضے کی مد میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو 4.5 ملین ڈالر (تقریباً 38.2 کروڑ روپے) ملنے کی توقع ہے۔ سابق بھارتی کرکٹر و کمنٹیٹر آکاش چوپڑا نے اپنے یوٹیوب چینل پر بتایا کہ ہائبرڈ ماڈل کے انتظام سے پی سی بی کو مالی نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، آئی سی سی پاکستان کو غیر جانبدار مقامات پر میچز کے انعقاد کیلئے معاوضہ دے گا، جس میں اضافی اخراجات بھی شامل ہیں۔ آئی سی سی پاکستان کو 4.5 ملین ڈالر اضافی فراہم کرے گا تاکہ ملک سے باہر بھارتی ٹیم کے میچز کی میزبانی کے اخراجات کو پورا کیا جاسکے۔ ایونٹ کے ہائبرڈ ماڈل پر ہونے سے پاکستان کا کوئی مالی نقصان نہیں ہوگا، درحقیقت اس بار پی سی بی زیادہ فائدہ حاصل کرے گا۔ آکاش چوپڑا نے کہا کہ اگر بھارتی ٹیم دورہ پاکستان کیلئے جاتی تو وہ ان کے لئے یادگار رہتا کیونکہ میرا ذاتی تجربہ حیرت انگیز تھا، وہاں کے لوگوں نے ہمیں شاندار انداز میں خوش آمدید کہا، جو شاید میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ دوسری جانب آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا ممکنہ شیڈول منظر عام پر آگیا ہے، ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے ہوگا، افتتاحی مقابلہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں کھیلا جائے گا۔ چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 23 فروری کو نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائے گا۔

پاکستان ٹیم کے کھلاڑیوں کا جنوبی افریقہ میں سیر سپاٹے

کوئٹہ: تعلیمی سپورٹس کیڈیمی میں پی آر ایس پی کے تعاون سے انٹرنیشنل لیول جاپانی کیم اوکو چیمپئن شپ کے اختتام پر بیرسٹر راجہ جواد، عزیز اللہ خان، ڈاکٹر محمود خان، نسیم خان کھلاڑیوں میں گولڈ میڈل اور سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

کارپوریٹ سیکٹر کی ٹیموں کے درمیان کارپوریٹ چیلنج کرکٹ کپ کا آغاز

افتتاحی روز نو وامیڈ اور نیٹ سول کی ٹیموں نے حریف ٹیموں کو پچھاڑ کر اپنے اپنے میچز جیت لیے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر کی نامور ٹیموں کے درمیان ہر سال کھیلے جانے والے کارپوریٹ چیلنج کرکٹ کپ کا آغاز ہوگیا۔ افتتاحی روز نو وامیڈ اور نیٹ سول کی ٹیموں نے حریف ٹیموں کو پچھاڑ کر اپنے اپنے میچز جیت لیے۔ علی ٹرسٹ کرکٹ گراؤنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے پہلے میچ میں نیٹ سول نے آئی پی سی کو 7 وکٹوں سے شکست دی۔ نیٹ سول نے 135 رنز کا ہدف 18 ویں اوور میں حاصل کرلیا

جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ عبداللہ کے مجلس شوریٰ کا پہلا تعارفی اجلاس

مجلس شوریٰ کی اہمیت جماعت کی فعالیت اکابرین اور اسلاف کے قربانیوں پر سے روشنی ڈالی گئیں

حکومت ڈمی رجسٹریشن کے بنیاد پر دینی مدارس کے تنظیمات میں اختلاف کرنے پیدا کرنے کی ناکام کوشش کررہی ہے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ عبداللہ کے مجلس شوریٰ کا پہلا تعارفی اجلاس زیر صدارت ضلع قلعہ عبداللہ کے امیر مولوی فتح محمد صاحب بمقام سینیٹر حاجی عبدالشکور خان اچکزئی کے گیسٹ ہاؤس گلستان میں منعقد ہوا، اجلاس کا آغاز حافظ اشرف کے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس کی کاروائی سید محمد قرائی آغا نے کی، اجلاس میں شوریٰ اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اجلاس سے ضلعی امیر مولوی فتح محمد صاحب، سینیٹر حاجی عبدالشکور خان اچکزئی، مولوی سراج الدین، حاجی روز الدین کاکڑ، حاجی عبدالعلی کاکوزئی، محمد نسیم کاکڑ و دیگر مقررین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مجلس شوریٰ کی اہمیت ان کی ذمہ داریوں جماعت کی فعالیت اپنے اکابرین اور اسلاف کے قربانیوں پر سے روشنی ڈالتے ہوئے جماعت کی فعالیت کے لیے بہت اہم اور افادیت سے بھرپور تجاویز پیش کیں اجلاس میں دینی مدارس پر بیرونی قوتوں کی اشاروں پر مختلف ہتھکنڈوں سے زیر عتاب کرنے کے حوالے سے کہا کہ موجودہ حکومت ڈمی رجسٹریشن کے بنیاد پر دینی مدارس کے تنظیمات میں اختلاف کرنے پیدا کرنے کی ناکام کوشش ہورہی ہے جنہیں ہم اپنے سیاسی سلطان قائد محترم حضرت مولانا فضل الرحمن کے سربراہی میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اجلاس کے آخر میں جماعت کے مرحوم رہنما حاجی امیر حمزہ کاکڑ کیلئے دعا مغفرت کی اجلاس کے اختتام پر مولوی محی الدین صاحب نے دعا کرائی۔ بعد میں سینیٹر عبدالشکور خان اچکزئی کی جانب سے اجلاس کے شرکاء کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا

میزئی اڈہ، روح اللہ خان داوی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے گفتگو کر رہے ہیں

حکمران بلوچستان کو تعلیمی پسماندگی کی طرف دھکیل رہے ہیں، فتح خان مندوخیل

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل آرگنائزر عجب خان کاکڑ، اسد اللہ مردانزئی، عبداللطیف اریزئی، سفر خان اپوزئی، محمد ایوب مندوخیل حیات خان ناصر، شیخ امیر محمد مندوخیل، امان اللہ بابر، شاہ نواز مندوخیل، عالم جان سنگ، وال، رئیس احمد، خدائے نور بابر، امان اللہ کبزئی، محمد زبیر بابر، محمد ایوب کاکڑ، محمد صابر مندوخیل، اختر محمد بابر، محمد یاسین ناصر، عبدالکریم خروٹی اور شیر ولی کبزئی نیاپے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ چند سالوں سے اساتذہ کی بھرتی نہ ہونے کے باعث بلوچستان کے ہزاروں اور ژوب کے 140 کے قریب سکول بند ہیں 2023 میں ان سکولوں کو فنکشنل کرنے کے لیے SBK کے ذریعے اساتذہ کی بھرتی کا عمل پراسس مکمل ہوا لیکن 2 سال کے قریب عرصہ گزرنے کے باوجود ان اساتذہ کے آرڈر ایشو نہیں ہورہے جو حکمرانوں کی بدنیتی اور تعلیم دشمنی کی واضح مثال ہے جان بوجھ کر حکمران بلوچستان کو تعلیمی پسماندگی کی طرف دھکیل رہے ہیں اور بند سکولوں کو فنکشنل کرنے میں مخلص نہیں۔ عوام کے منتخب نمائندوں کی خاموشی بھی باعث افسوس ہے۔ 24 دسمبر بروز منگل سینٹرل کمیٹی نے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے سامنے حکومت کی بے حسی اور ہٹ دھرمی کے خلاف تاریخی دھرنے کا اعلان کررکھا ہے جو آرڈر ایشو ہونے تک جاری رہے گی۔ حکومت سے اپیل ہے کہ اساتذہ کو مزید امتحان میں نہ ڈالا جائے اور SBK شارٹ لسٹڈ اساتذہ کے آرڈر فوری ایشو کیے جائیں۔

قلعہ بلیک ٹاپ روڈ کا کام جاری ہے، عبدالرحمٰن کاکڑ

روڈ کی تعمیر سے عوامی مسائل کافی حد تک کم ہونگے، ایکسین

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی خصوصی ہدایت پر ایکسین مواصلات وتعمیرات نصیرآباد عبدالرحمٰن کاکڑ کی نگرانی میں چھتر تا ڈیرہ مراد جمالی روڈ کا کام تیزی سے جاری ہے اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے ترقیاتی فنڈز سے نئی بلیک ٹاپ روڈ کا کام بھی شروع کردیا گیا ہے ایکسین مواصلات وتعمیرات نصیرآباد عبدالرحمٰن کاکڑ نے کہا ہے کہ چھتر روڈ کی تعمیر کرکے مقامی رہائشیوں کا دیرینہ مسئلہ پایہ تکمیل تک پہنچانے کے قریب ہے روڈ کی عدم تعمیر سے عوام کو سفری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا روڈ کی تعمیر نہ ہونے سے منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہوتا تھا بارشوں میں بھی سفر کرنے میں شدید مشکلات پیش آتی تھیں اب چھتر روڈ کا کام روز و شور سے جاری ہے جس عوام کی مشکلات میں کمی ہوگی زیر تعمیر چھتر روڈ کے کام کو بہتر بنانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی صوبائی وزراء کی خصوصی ہدایت پر زیر تعمیر چھتر روڈ کے تعمیراتی کام کے معیار پر خصوصی توجہ مبذول کی جارہی ہے تاکہ تعمیراتی منصوبہ دیرپا ثابت ہو عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں محکمے کے معیاری منصوبوں کو صحیح معنوں میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے جدید مشینری سے کام لیا جارہا ہے ہمارا مقصد کڑی مانیٹرنگ کرکے عوام کے مفاد میں جاری اس منصوبے کو پی سی ون کے مطابق مکمل کیا جائے انہوں نے کہا کہ چھتر روڈ کی تکمیل کے بعد علاقہ مکینوں کو آمد و رفت میں حائل مشکلات کا ازالہ ممکن ہونے کے ساتھ ساتھ کسانوں کو بھی زرعی اجناس کو منڈیوں تک رسائی میں دشواریوں کا خاتمہ ممکن ہوسکے گا اور محکمے کی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جاسکے

ایڈز ایک لاعلاج اور خطرناک مرض ہے، یو این اے

شرکا نے حب چوکی میں ایچ آئی وی ایڈز کے بارے میں عوامی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا

حب (یو این اے) حب چوکی میں ایڈز کے کیسز کے حوالے سے یو این اے انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کی طرف سے ایک اہم ملاقات کی گئی۔ اس ملاقات میں اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ برائے انسانی حقوق (جنیوا) کے بلوچستان سیکرٹری جنرل وسیم حیات، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل کامران شاہ بلوچ، اور قلات ڈویژنل چیئرمین خورشید احمد زہری نے ایڈز پروگرام کے کیس مینیجر سے ملاقات کی، جس دوران ایچ آئی وی ایڈز کے کیسز کی تفصیلات حاصل کی گئیں۔ ملاقات کے دوران، تمام شرکا نے حب چوکی میں ایچ آئی وی ایڈز کے بارے میں عوامی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا، اور اس بات کا اعتراف کیا کہ ذین بلوچ کی انتھک محنت کی وجہ سے اس علاقے میں لوگوں کو ایڈز کے بارے میں آگاہی دی جارہی ہے۔ انہوں نے حکومتی اداروں سے اپیل کی کہ ایچ آئی وی ایڈز کے بارے میں پروگرامز کا انعقاد کیا جائے تاکہ عوام کو اس موذی مرض کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوسکیں۔ یاد رہے کہ ایڈز ایک لاعلاج اور خطرناک مرض ہے جو ایچ آئی وی (HIV) انفیکشن کے ذریعے پھیلتا ہے، جس کے نتیجے میں انسانی قوت مدافعت کمزور ہوجاتی ہے اور وہ مختلف بیماریوں کا شکار ہوسکتا ہے، جو کہ بعض اوقات موت کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ ایڈز کے علامات میں تھکاوٹ، بیماریوں کی تعداد میں اضافہ اور جسمانی کمزوری شامل ہیں۔ ایڈز کا کوئی مکمل علاج موجود نہیں ہے، لیکن مختلف علاجوں اور ٹیکنالوجیز کی مدد سے اس کی علامات کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کے مطابق، بلوچستان میں تقریباً 47,831 افراد ایچ آئی وی سے متاثر ہیں، اور یہ ملک میں ایچ آئی وی کے بوجھ کا تقریباً تین فیصد حصہ بناتا ہے۔ صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ ایچ آئی وی کے متاثرہ افراد کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہو سکتی ہے، کیونکہ بہت سے افراد ہسپتالوں میں جانے یا اسکریننگ کرانے سے گریز کرتے ہیں

اوچ پاور کمپنی کی تابکاری انسانوں اور جانوروں کیلئے کہیں مضر تو نہیں تحقیقاتی ادارے نوٹس لیں

چھتر (آن لائن) ضلع نصیر آباد اوچ پاور کمپنی کی تابکاری انسانوں اور جانوروں کے لیے کہیں مضر تو نہیں تحقیقاتی ادارے نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق ڈیرہ بگٹی اوچ لنک سے نکلنے والی گیس کا 24 فٹ پائپ کے ذریعے نصیر آباد کے ڈیرہ مراد جمالی علاقے میں اوچ پاور کمپنی بیرون ملک کی اشتراک سے قائم کیا گیا جہاں سے قریبا آٹھ سو میگاواٹ بجلی پیدا کرکے ملک مختلف قومی بجلی گھروں میں سپلائی کرتا ہے محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کے اپنے دور حکومت میں افتتاح ہوا علاقائی ترقیاتی منصوبوں کی قیام ساتھ ہیں کلومیٹر گرد و نواح میں مفت بجلی فراہم کرنا بھی اوچ پاور کمپنی کے معاہدے میں شامل تھا لیکن پچیس سال گزر گئے مفت بجلی فراہم کرنا تو دور کی بات قیمت کے عوض بجلی فراہم نہیں کررہا ہے ترقیاتی منصوبوں میں برائے نام کاغذی کارروائی ریکارڈ پورا کیا جاتا ہے اوچ پاور کی گیس جلنے سے آسمان پر ہمیشہ کالے سفید بادل تابکاری کی صورت میں نظر آتے ہیں خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے تابکاری کے زہریلے مواد ہوا میں مل کر علاقے میں پھیلتے رہتے ہیں جس کی وجہ علاقے میں آنکھوں کی بیماری تیزی کے ساتھ پھیل رہے ہیں کینسر جیسا موذی مرض آنے سے نوجوانوں بوڑھوں عورتوں بچوں کو اپنے لپیٹ میں لیکر موت کے منہ میں دھکیل رہا ہے اوچ پاور کی دھوئیں کی تابکاری انسانوں کو متاثر کررہا ساتھ میں علاقے میں زراعت کے شعبہ کو بھی متاثر کررہا ہے فصلیں سبزیاں اور ٹارگٹ سے کم پیداوار دے رہے ہیں علاقے میں مال مویشی عوام کی ذریعہ معاش ہے

ڈیرہ اللہ یار میں شہداء پٹ فیڈر کی یاد میں بزگر کانفرنس منعقد کیا گیا

شہداء پٹ فیڈر کی خون رائیگاں نہیں جانے دینگے ایک ایک قطرے کا حساب ہوگا، امداد قاضی فرحاد رند

کسانوں کے حقوق کی تحفظ کے لیے بلوچستان بزگر کمیٹی بنائی گئی ہے، جی ایم جمالی، نصیب اللہ کھوسہ

جعفر آباد (اے این این) بزگر کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے فرحاد رند، جی ایم جمالی امداد قاضی نصیب اللہ کھوسہ و دیگر مقررین نے کہا ہے کہ بزگر کانفرنس کا مقصد شہداء پٹ فیڈر کے عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت اور سرخ سلام پیش کرنا ہے سندھی بلوچی پشتون اور پنجابی ایک دوسرے کے بھائی ہیں جاگیردار ہمیشہ ہم سب کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں جاگیرداری نظام کا خاتمہ اتحاد اتفاق اور یکجہتی سے ممکن ہوسکتا ہے ہمارا کانفرنس سردار، میر، معتبر، بھوتار، چوہدری اور جاگیرداروں کے خلاف ہے آج ہمارے ملک میں محنت کشوں کے حقوق فقر سے غصب کیے جارہے ہیں پورے سال محنت کرنے والے کاشتکار کو کھانے کے لیے گندم تک دستیاب نہیں ہے کسان زمینداروں اور جاگیرداروں کے مقروض بن چکے ہیں بلوچستان بزگر کمیٹی کسانوں کے حقوق کی تحفظ کے لیے بنائی گئی ہے کسانوں کے حقوق کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور شہداء پٹ فیڈر کا خون رائیگاں نہیں جانے دینگے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی کونسل ہال ڈیرہ اللہ یار میں یوم شہداء پٹ فیڈر کے موقع پر بلوچستان بزگر کمیٹی کے زیر اہتمام بزگر کانفرنس منعقد کیا گیا جس سے قبل اوستہ محمد چوک سے ریلی بھی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ظالمانہ اور جاگیردارانہ نظام کے خلاف سخت نعرہ بازی کی ریلی کے شرکاء ضلعی کونسل ہال ڈیرہ اللہ یار پہنچ گئے جہاں پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا شہداء کی یاد میں بزگر کانفرنس میں سندھ پنجاب اور بلوچستان کے مختلف شہروں سے کسان کاشتکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی عبدالمالک پانیزئی نور محمد لالا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں، زرین خان مگسی

منظور ہوا اس پراجیکٹ میں نئے صنعتی یونٹس ماڈرن ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا قیام اور مقامی لوگوں کیلئے روزگار کی فراہمی بھی شامل ہے

100 ملین کی لاگت سے گرلز کالج اپ گریڈیشن بلڈنگ کی تکمیل جام خاندان کی عوام دوست پالیسی کا عکاس ہے، پارلیمانی سیکرٹری

حب (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر جام کمال خان حلقہ انتخاب کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کررہے ہیں 100 ملین کی لاگت سے گرلز کالج اپ گریڈیشن بلڈنگ کی تکمیل جام خاندان کی عوام دوست پالیسی کا عکاس ہے 2022 کے سیلاب سے متاثرہ حب پل کی دوبارہ تعمیر اور کامیابی سے تکمیل عملی اقدامات کا آئینہ دار ہے ضلع حب اور لسبیلہ میں تعلیم صحت اسپورٹس اور روڈ سیکٹر سمیت ایسٹرن بائی پاس منصوبہ جام کمال خان کے کارنامے ہیں فروری 2024 کے الیکشن میں عوام نے ترقی کے سفر کو جاری رکھنے کیلئے قومی اسمبلی کی نشست پر جام کمال خان اور صوبائی اسمبلی کی نشست پر انہیں صوبائی اسمبلی حلقہ پی بی 21 پر میر علی حسن زہری کو بھاری مینڈیٹ دیا ہے عوامی توقعات پر اترنے کیلئے وہ عوامی خدمت کے جذبے کیساتھ ہمہ وقت کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلدیاتی نمائندوں اور جام گروپ کے سپورٹرز عبدالوحید قلندرانی ممتاز شخصیت عظیم سیال لالہ یوسف بلوچ اشرف قادر لاسی سے ملاقات کے بعد میڈیا بریفنگ میں کی زرین خان مگسی نے کہا کہ بلوچستان عظیم ثقافتی روایات کا امین صوبہ ہے یہاں کے لوگوں کی مہمان نوازی اور سیاحتی مقامات دنیا بھر میں قدیم تہذیبوں میں شامل ہیں میر زرین خان نے کہا کہ بلوچستان کا ساحل دلفریب مناظر بھرپور ثقافتی ورثہ، اور ایک دلچسپ تاریخ کی سرزمین کے طور پر بین الاقوامی شہرت رکھتا ہے میر زرین خان مگسی نے کہا کہ شگفتہ جام کمال کا وژن رہا ہے کہ یہاں کے عوام کیلئے ایسی ترقیاتی اسکیمات پر کام ہو جو مفاد عامہ میں مثالی ہوں اسپیشل اکنامک زون پراجیکٹ جام کمال کے وزارت اعلیٰ کے دور میں منظور ہوا اس پراجیکٹ میں نئے صنعتی یونٹس ماڈرن ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا قیام اور مقامی لوگوں کیلئے روزگار کی فراہمی بھی شامل ہے

جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے، صاحبزادہ مولانا کمال الدین

اراکین علاقے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لائیں

پشین (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے ضلعی کابینہ کا ایک اہم اجلاس ضلعی امیر صاحبزادہ مولانا کمال الدین کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلعی جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا، سیکرٹری اطلاعات ملک باز محمد کاکڑ، اور دیگر کابینہ اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد جماعت کی فعالیت کو مزید مستحکم کرنا، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانا، اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی وضع کرنا تھا۔ اجلاس میں شرکاء نے جماعت کی تنظیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور اس بات پر زور دیا کہ جماعت کو مزید فعال اور متحرک کرنے کے لیے تمام اراکین کو اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور خلوص کے ساتھ نبھانی ہوں گی۔ مقررین نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے جو دین اسلام کی سربلندی اور عوامی خدمت کے لیے میدان عمل میں موجود ہے۔ اس موقع پر علاقے میں جاری سیاسی، سماجی اور اقتصادی مسائل پر بھی گفتگو کی گئی اور ان مسائل کے حل کے لیے جماعت کے کردار پر روشنی ڈالی گئی۔ اجلاس کے دوران ضلعی سطح پر مختلف شعبوں میں تنظیمی کام کو بہتر بنانے کے لیے کئی اہم فیصلے کیے گئے۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ کارکنان اپنی صفوں میں اتحاد اور یکجہتی کو فروغ دیں اور عوام کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں تاکہ جماعت کا پیغام گھر گھر تک پہنچ سکے۔ اجلاس میں عوامی مسائل، بالخصوص علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم، صحت اور امن و امان کی صورتحال پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی

تعلیم و تحقیق کا چولی دامن کا ساتھ ہے، پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی

بچوں وبچیوں کی تعلیم وتحقیق اور ذہنی ومعاشی ترقی کیلئے سازگار ماحول میں پرورش پانے کے آرزومند ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد خان بازئی نے کہا کہ والدین اپنے بچوں وبچیوں کی تعلیم و تحقیق اور ذہنی ومعاشی ترقی کے لئے سازگار ماحول میں پرورش پانے کے آرزومند ہیں سائنس و ادب اور ٹیکنالوجی و ڈویلپمنٹ کے نئے زاویے بدلتی ہوئی دنیا کے تقاضے ضروریات زندگی تبدیل ہوتے جارہے ہیں والدین و خاندان اور پرائیویٹ اداروں سکولز مساجد کا کردار و عمل بنیادی و فیصلہ کن درجہ رکھتے ہیں لیڈرز اور ڈی سی سکول اینڈ کالج جیسے ادارے کوئٹہ کے ماحول میں تحت غیر معتبر کردار کیا جاتے ہیں سالانہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے تحقیق و ماہر تعلیم زاہد جان مندوخیل نے کہا کہ تعلیم و تحقیق کا چولی دامن کا ساتھ ہے سائنسی بنیادوں کی عدم تشکیل و تعمیر کے باعث معاشرتی و سماجی شعور کی بیداری اور انسانی زندگیوں میں بہتری و توانائی لانے کا وسیلہ ختم ہوکر رہ گیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ معاشرے میں بدلتے ہوئے حالات و رجحانات کے متعلق مثبت و توانا آواز اٹھانے کے مواقع فراہم کیا جائے اور مستقبل قریب و بعید میں رونما ہونے والے تبدیلیاں ایڈریس کیا جائے پرائیویٹ پبلک پارٹنرشپ کے ماڈل و تجربات کو مثالی و احساس دردمندی کے ساتھ بھرپور طریقے سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے قبل ازیں لیڈرز اور ڈی سی سکول اینڈ کالج کے سینئر منیجمنٹ نے اساتذہ کرام اور طلبہ و طالبات کے ساتھ سالانہ تقریب میں بھرپور مکالمے و ذہانت کی برجستگی کے لئے مختلف الخیال پروگرام پیش کئے گئے جبکہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد خان بازئی اور صدر ادارہ لیڈرز و ڈی سی سکول اینڈ کالج زاہد جان مندوخیل نے طلبہ و طالبات اور اساتذہ کرام و والدین میں انعامات و اعزازات تقسیم کئے گئے پروگرام کے اختتام پر معزز مہمانوں و والدین کی ضیافت کی گئی۔

خضدار شہر میں آوارہ کتوں کی بہتات عوام کی زندگی اجیرن

میونسپل کارپوریشن خضدار کی جانب سے آوارہ کتوں کے خلاف کوئی بھی مہم نہیں چلائی جارہی ہے

خواتین بچے اور عمر رسیدہ افراد خطرناک آوارہ اور پاگل کتوں کا نشانہ بن رہے ہیں، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں کتوں کی بھرمار شہر میں آوارہ کتوں کے غول کے غول شہر میں قبضہ جمالیا ہے میونسپل کارپوریشن خضدار کی جانب سے آوارہ کتوں کے خلاف کوئی بھی مہم نہیں چلائی جارہی ہے شہر میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کی کیسز میں اضافہ ہورہا ہے تاہم انتظامیہ کی جانب سے آوارہ کتوں کے خلاف کوئی مہم نہیں چلائی جارہی ہے غالباً ایک سال قبل شہر میں سگ گزیدگی کے کیسز مختلف اسپتالوں میں رپورٹ ہوئے تاہم محکمہ صحت اور دیگر ذمہ دار اداروں کی جانب سے کسی بھی قسم کے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے جس کے نتیجے میں ہر سال سگ گزیدگی یعنی کتوں کے کاٹنے کے کیسز بڑھتے جارہے ہیں واضح رہے کہ شہری خوف و ہراس کا شکار ہیں کئی برس سے مؤثر اقدامات نہ ہونے کے باعث آوارہ کتوں کی آبادی تشویشناک حد تک بڑھ گئی ہے گلی محلوں، تعلیمی ادارے، بس اسٹاپ اور بازار حتیٰ کہ اسپتال تک میں آوارہ کتوں کے غول قبضہ جمائے ہوئے ہیں۔ چلائی جارہی ہے مگر خطرناک کتوں سے شہریوں کے تحفظ کے لیے اقدامات نظرانداز کردیئے گئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق کتوں کے خاتمے کی مہم نہ چلنے کے سبب شہر بھر میں کتوں کی بھرمار ہے۔ آوارہ اور پاگل کتے شہریوں کے لیے بڑا خطرہ بنے ہوئے ہیں محکمہ صحت اور میونسپل کارپوریشن کی سطح پر کتوں کی آبادی کو قابو پانے کے لیے نس بندی مہم

تحصیل کرخ میں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی اور کرخ پولیس کے درمیان مشترکہ اجلاس

امن و امان کی بحالی اور معاشرتی جرائم کے خاتمے کے لیے حکمت عملی ترتیب دی گئی اجلاس میں کئی اہم فیصلے کیے گئے

خضدار (آن لائن) تحصیل کرخ میں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی اور کرخ پولیس کے درمیان ایک مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں امن و امان کی بحالی اور معاشرتی جرائم کے خاتمے کے لیے حکمت عملی ترتیب دی گئی۔ اجلاس میں کئی اہم فیصلے کیے گئے تاکہ علاقے میں پائیدار امن قائم کیا جا سکے۔ اجلاس میں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کرخ کے چیئرمین حاجی میر غلام یاسین بنگلزئی، وائس چیئرمین میر نذیر احمد موسیانی، جنرل سیکرٹری انجینئر خورشید احمد رند، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ محمد آدم چھلگری، رابطہ سیکرٹری محمد رفیق آخوند، فنانس سیکرٹری جمیل احمد رند، پریس سیکرٹری محمد عمر جانزئی محمد صادق موسیانی، سعید احمد موسیانی، ماچھی خان جاموٹ اور عبدالرشید چھلگری نے شرکت کی۔ کرخ پولیس کی جانب سے ڈی ایس پی محمد امین لاسی، ایس ایچ او کرخ خان محمد قلندرانی اور دیگر پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او سرخان مینگل اے ایس آئی اشفاق احمد چھلگری، اللہ بخش بنگلزئی، محمد رفیق جانزئی موجود تھے۔ فیصلہ کیا گیا کہ کرخ میں کاروبار، مزدوری یا زمینوں کی آبادکاری میں مصروف بیرونی افراد کی رجسٹریشن لازمی قرار دی گئی ہے۔ ان افراد کا ریکارڈ کرخ پولیس تھانے میں محفوظ کیا جائے گا تاکہ علاقے میں مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھی جاسکے۔ کرخ بازار اور دیگر اہم علاقوں میں پولیس گشت بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنایا جاسکے

تمبو، صوبائی وزیر محمد خان لہڑی مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں

بقیہ 1 اسپیکر قومی اسمبلی
انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کی جانب سے بھی حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف سے مذاکرات کیلئے حکومتی کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ملکی سلامتی اور قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا۔وزیراعظم شہباز شریف نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی تجویز پر حکومتی اتحاد کے ممبران پر مشتمل مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی کی کاوش کو سراہتا ہوں ۔ رہنما پاکستان تحریک انصاف شیر افضل مروت نے حکومت کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کے بعد اپنی پارٹی کو سول نافرمانی کی تحریک کو موخر کرنے کی تجویز دیدی۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت کا کہنا تھا حکومت کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی کا قیام خوش آئند ہے، پارٹی کو تجویز دیتا ہوں کہ ہمیں سول نافرمانی کی تحریک کو موخر کرنا چاہیے اور حکومتی کمیٹی کو موقع دینا چاہیے۔شیر افضل نے کہا امید ہے کہ مذاکراتی عمل میں دونوں فریقین مثبت کردار ادا کریں گے، سیاسی استحکام کے لیے مذاکراتی عمل انتہائی ضروری ہے، امید ہے مذاکراتی عمل کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے اگر مطالبات نہ مانے گئے تو سول نافرمانی کی تحریک شروع کریں گے، بیرون ملک سے آنے والے زرمبادلہ بند کرنے کا کہیں گے،ہری پور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا بانی پی ٹی آئی نے مذاکراتی کمیٹی نیک نیتی سے بنائی اب حکومت نے بھی مذاکراتی کمیٹی بنا دی،مطالبہ ہے 9مئی اور 26نومبر کے واقعات کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے ،مطالبات نہ مانے گئے تو سول نافرمانی کی تحریک شروع کریں گے،اٹک سلا میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا مذاکرات کیلئے پہلے ٹی او آر طے، ایجنڈا سیٹ کرنا ہے پھر بات آگے چل سکتی ہے،مذاکرات میں عمران خان کی رہائی ایجنڈے میں شامل نہیں ہوگی، نہیں ہوسکتا پہلے آپ سول نافرمانی کی کال دیں پھر کہیں 9مئی میں ریلیف مل جائے،عدالتوں کے فیصلے اور نظام ہے،عدالتی سسٹم اپنا راستہ اختیار کریگا،مشیر قانون و انصاف نے کہا اگر کوئی سمجھ رہا ہے مذاکرات کی آڑ میں ڈیل یا ڈھیل ملے گی تو غلط فہمی ہے، مذاکرات میں کہیں نہیں لکھا آپ کو عام معافی دی جائے گی، 9مئی کے کیسز اپنے منطقی انجام کو پہنچیں گے،مذاکرات الگ چیز ہیں اور قانون کا حرکت میں آنا الگ چیز ہے،بیرسٹر عقیل ملک نے کہا حکومت پہلے بھی سنجیدہ تھی اور اب بھی سنجیدہ ہے،10مہینوں سے اتحادی اور ہم یہی راگ الاپ رہے ہیں مسائل کا حل صرف مذاکرات میں ہے۔

بقیہ 2 آرمی چیف
اورانسداد دہشت گردی کیخلاف جاری کارروائیوں پر جامع بریفنگ دی گئی، آرمی چیف نے افسروں ،جوانوں کیساتھ بات چیت کی اور دہشتگردی کے مقابلے میں غیرمتزلزل لچک وثابت قدمی کو سراہتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو قوم کا حقیقی ہیرو قرار دیا، جنرل سید عاصم منیر نے کہا قوم کو دہشتگردی سے نبرد آزما جوانوں پر فخر ہے، شہدا پاکستان کا فخر ہیں ،قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کیا جائے گا،قوم کی پرعزم حمایت سے پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ مل کر ملک بھر میں پائیدار امن و استحکام کی بحالی کو یقینی بنائے گی، دہشتگردی اور انتہا پسندی کی تمام شکلوں کو ختم کیا جائے گا جس کیلئے پرعزم ہیں،پاکستان کی مسلح افواج کی جرات، لچک اور غیرمتزلزل عزم ملکی خودمختاری کا سنگ بنیاد ہے، جنرل سید عاصم منیر نے فتنہ الخوارج کے تعاقب کیلئے پاک فوج کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہاریاست کیخلاف مذموم سرگرمیوں، سہولت کار کیساتھ ساتھ مالی معاونت کرنے والوں کا بھی خاتمہ کیا جائے گا،قبل ازیں وانا پہنچنے پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ 3 علاج کی سہولیات
کی بندش سے شہری بحرانی کیفیت سے دوچار ہیں، اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاختم ہوچکیں،ادھرمقامی ذرائع کے مطابق راستوں کی بندش سے علاج نہ ملنے سے اب تک مبینہ طور پر50 بچے دم توڑ گئے،31اموات ڈی ایچ کیو اور باقی اطراف کے ہسپتالوں میں ہوئیں،دوسری جانب کرم انتظامیہ کا کہنا ہے مسافر گاڑیوں پر حملوں اور جھڑپوں کے بعد سیکیورٹی خدشات کے باعث راستے بند کیے

بقیہ 4 ارشدلنگڑیال
نہیں ملے گی، جو لوگ ٹیکس نہیں دے رہے ان سے ٹیکس اکٹھا کرنا ہوگا،اس لیے منی بجٹ کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔چیئرمین ایف بی آر نے اعتراف کیا کہ انکم ٹیکس کی مد میں صرف امیر طبقے سے 1200 ارب روپے لینے ہیں۔ان کا کہنا ہےکہ جو فائلر نہیں ہیں وہ بینک میں صرف آسان اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں، اگر بزنس کرنا ہے تو فائلر بننا پڑیگا۔چیئرمین ایف بی آر کا کہنا ہےکہ نان فائلر نارمل کرنٹ اکاؤنٹ اور سیونگ اکاؤنٹ نہیں کھلوا سکے گا۔

بقیہ 5 آئینی ماہرین
کو ریویو کرے گی، یاد رہے گزشتہ روز ملٹری کورٹ نے 9مئی کے واقعات میں ملوث 25 ملزموں کو سزا سنائی تحریک انصاف کی جانب سے سزاؤں کو آئین سے متصادم قرار دیتے ہوئے سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا گیا۔

بقیہ 6 عطا تارڑ
ہیں،معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اور مہنگائی میں نمایاں کمی آئی، روپیہ مستحکم ،اسٹاک مارکیٹ اوپر جارہی ہے،وزیراطلاعات نے کہا9مئی ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، پی ٹی آئی والوں نے ملکی دفاع اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی،شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کی گئی،سیاست کی آڑ میں ملک پر حملے کئے گئے، پاکستان ہے تو سب ہیں، سیاسی دہشت گردی نہیں چلے گی، سیاست تہذیب و تمدن کے دائرے میں رہ کر کی جائے۔

بقیہ 7 فتنہ الخوارج
فتنہ الخوارج کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے دوران شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہونے والے شہدا کی نماز جنازہ بنوں کینٹ میں ادا کی گئی، جمرود کے رہائشی سول کیمرہ ٹیکنیشن وقاص احمد شہید کی نماز جنازہ بھی ادا کی گئی، نماز جنازہ میں کور کمانڈر پشاور، پاک فوج کے سینئر افسروں، جوانوں اور عمائدین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا شہدا کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں عزم وحوصلے کو دوام بخشتی ہیں۔

بقیہ 8 یونان کشتی حادثے
ایف آئی اے گوجرانوالہ زون نے یونان کشتی حادثے میں ملوث عناصر کیخلاف مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی سمگلر سمیت 2 ملزموں کو گرفتار کر لیا،بیان کے مطابق گرفتار ملزموں میں اسلم اور سعید احمد شامل ہیں،ملزم اسلم یونان کشتی حادثے میں ملوث ہے،ایف آئی اے کے مطابق ملزم انسانی سمگلنگ میں ملوث بین الاقوامی گینگ کا کارندہ ہے۔

بقیہ 9 مطالبات
کی فہرست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا نام سرفہرست رکھا گیا، مذاکرات کے دوران سیاسی قیدیوں کی رہائی،9 مئی اور26 نومبر کے واقعات کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قیام کے مطالبات رکھے جائیں گے،تیار ڈرافٹ کے مطابق جوڈیشل کمیشن سپریم کورٹ کے 3 انتہائی سینئر ججز پر مشتمل ہونے کا مطالبہ بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 10 حامد خان
ہیں۔ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ 26ویں ترمیم کے بعد حکومت کی نیت ٹھیک نہیں ہے، بیرسٹر گوہر مذاکرات کی کوشش کرکے دیکھ لیں،اگر کوئی حل نکلا ہےتو اچھی بات ہے،ہم نہیں کہلوانا چاہتے کہ پی ٹی آئی نے کوشش نہیں کی،پی ٹی آئی مظلوم جماعت ہے، ڈیڑھ سال سے بانی چیئرمین سے لے کر رہنماؤں کو جیلوں میں بند کیا ہوا ہے۔انہوں نے کہا میں سمجھتا ہوں معاملات کو چلنا چاہئے

بقیہ 11 نادرا
نشانات والے بزرگ شہریوں کی سہولت کے لیے متعارف کرایا گیا ہے جو 15 جنوری 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ چہرے کی شناخت کی تصدیق پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے یا نادرا مراکز پر کرائی جاسکے گی۔نادرا حکام کے مطابق اقدام کا مقصد شناختی تصدیق کے نظام کے تحت انگلیوں کے مدھم نشانات والے شہریوں بالخصوص پینشنرز اور بزرگ شہریوں کو تصدیق میں پیش آنے والے مسائل سے نمٹنا ہے۔

بقیہ 12 اظہاراطمینان
شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی ملاقات ہوئی،محسن نقوی نے ملکی امن و امان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی،ملاقات میں ملک کی سیاسی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعظم نے ملک میں امن وامان کیلئے کیے جانے والے اقدامات پر اظہار اطمینان کیا۔

بقیہ 13 وائٹ واش
کی شاندار سنچری کی بدولت مقررہ 47اوورز میں 9 وکٹ پر 308 رنز بنائے۔ اننگ تاخیر سے شروع ہونے پر پاکستان کا ایک رن کم ہوگیا اور جنوبی افریقہ کو308 رنز کا ہدف ملا۔اوپنر صائم ایوب نے 101 رنز کی اننگز کھیلی، صائم ایوب نے سنچری 91 گیندوں پر بنائی، ان کی اننگ میں13 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ان کے علاوہ کپتان محمد رضوان نے 53 اور بابر اعظم نے 52 رنز بنائے، نائب کپتان سلمان آغا نے 48 اور طیب طاہر 28 رنز بنا کر نمایاں رہے۔میزبان ٹیم کی جانب سے راباڈا نے تین، مارکو جینسن اور فورٹوین نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے ون ڈے کے لیے پاکستان ٹیم میں تین تبدیلیاں کی گئیں۔طیب طاہر،محمد حسنین اور سفیان مقیم پلیئنگ الیون میں شامل کیے گئے جب کہ عرفان نیازی، حارث رؤف اور ابرار کو ڈراپ کیا گیا؟۔قومی ٹیم میں کپتان محمد رضوان ، صائم ایوب، عبداللہ شفیق، بابر اعظم، کامران غلام،سلمان آغا،طیب طاہر، شاہین آفریدی،نسیم شاہ،محمد حسنین اور سفیان مقیم شامل ہیں۔

بقیہ 14 شاہد خاقان
سے اپنی پارٹی میں نہیں لے سکتا وہ ناراض ہیں ہاں اگر وہ دونوں سمجھتے ہیں ہماری پارٹی اصولوں پر کھڑی ہے تب لیا جاسکتا ہے،اڈیالہ جیل جا کر عمران خان سے ملنے کیلئے تیار ہوں، ان سے کہوں گا کہ ملکی مفاد کی خاطر بیٹھیں اور بات کریں، 21 اکتوبر 2023 کو نواز شریف کی لندن سے وطن واپسی پر خود استقبال کے لیے نہیں گیا، اس روز میں لاہور میں ایک دوست کی شادی پر گیا تھا اگر جھوٹ بولنا ہوتا تو کہہ دیتا ٹریفک جام کی وجہ سے پہنچ نہیں سکا،انٹرویو میں سابق وزیراعظم نے کہا کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے سیاسی طور پر بانی پی ٹی آئی کو عوام کی حمایت حاصل ہے، جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف کارروائی فوج کا اندرونی معاملہ ہے،عمران خان کے معاملے پر امریکہ کا دباؤ بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ 15 فیصلہ موخر
نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے 23 دسمبر کو سنانے کا اعلان کیا تھا اب ذرائع کے مطابق بانی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ آج نہیں سنایا جائے گا،190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت آج اڈیالہ جیل کی بجائے احتساب عدالت اسلام آباد میں ہوگی، عدالتی عملے کی جانب سے پی ٹی آئی وکلا کو آگاہ کر دیا گیا، احتساب عدالت اسلام آباد 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر فیصلے کی نئی تاریخ دے گی، 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ جنوری 2025 کے پہلے ہفتے میں سنایا جائے گا۔

بقیہ 16 فواد چوہدری
تحریک انصاف کی جانب سے اعلان لاتعلقی پر ردعمل دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ جب تک میں عمران خان سے ملاقات نہیں کرتا اور وجہ نہیں جانتا، میں کوئی تبصرہ نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی کیساتھ ہوں اور اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ بیرسٹر گوہر یا سلمان اکرم راجہ میرے موقف کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔واضح رہے گزشتہ روز چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا تھا کہ عمران خان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے پی ٹی آئی نے فواد چوہدری سے مکمل طور پر لاتعلقی اختیار کرلی ہے۔بیرسٹر گوہر نے کہا تھا کہ فواد چوہدری پارٹی کی جانب سے میڈیا پر بیان جاری کرنے یا ٹی وی ٹاک شوز میں شرکت کے مجاز نہیں۔

بقیہ 17 سائبیریا
ہے۔دوسری جانب، کوئٹہ شہر اور اطراف میں آج صبح سے مطلع ابر آلود ہے تاہم صوبے کے مختلف اضلاع میں ہلکی بوندا باندی کا امکان ہے۔کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی پانچ اور قلات میں منفی سات ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ زیارت، کان مہترزئی اور خانوزئی میں منفی چھ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔اس کے ساتھ ، چمن، نصیر آباد، لورالائی اور سبی میں بھی موسم سرد رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 18 وزیرخزانہ
2/2023 پر تحفظات سے آگاہی کیلئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے تفصیلی ملاقات کی، اس موقع پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرمین میاں عتیق الرحمان، سینئر رہنما اعجاز بٹ، عثمان اشرف اور میجر (ر) اختر نذیر نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کی نمائندگی کی ۔ ملاقات میں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اکرام الحق سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 19 عاطف خان
حکومت مذاکرات میں بے اختیار دکھائی دے رہی ہے،نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے عاطف خان نے کہا عدالت میں باضابطہ پیشی کے بغیر ورکرز کو سزائیں سنائی گئیں،سیاسی کارکنوں کو ملٹری کورٹس سے سزا یافتہ قرار دینا زیادتی ہے، قانونی طور پر معاملے کا جائزہ لے رہے ہیں،کارکنوں کی رہائی کیلئے ہر فورم پر جائیں گے،سزا یافتہ کارکنوں ،فیملیز کو سپورٹ کریں گے،مذاکرات بااختیار لوگوں سے کریں گے، عاطف خان نے کہا سول نافرمانی کے معاملات ابھی تک طے نہیں ہوئے ،سول نافرمانی پر بانی پی ٹی آئی کی ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

بقیہ 20 بلاول بھٹو
کرتے ہوئے کہا پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی، دہشتگردی انسانیت دشمنی ہے،پیپلز پارٹی رخان کیخلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہید اہلکاروں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔

بقیہ 21 جوائنٹ روڈ
لعل جان جعفر نے کہا کہ متاثرہ حصے کی مرمت کے لئے فوری کام کا آغاز کیا جا رہا ہے اور حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 22 رانا ثناء
ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا نے کہا 9 مئی کے واقعات پر مزید کچھ لوگوں کے فیصلے ایک 2 دن میں ہوں گے، بانی پی ٹی آئی کا 190 ملین پاؤنڈز کیس بھی شامل ہے، کیسز کا مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہیے، پی ٹی آئی رہنماؤں کیساتھ بیک چینل رابطے برقرار ہیں،

بقیہ 23 کے پی حکومت
ذرائع کے مطابق حکومت کے غیر جمہوری اقدامات کے خلاف اپوزیشن کو متحد کیا جائے گا،عمران خان کی ہدایت پر بیرسٹر سیف نے اپوزیشن جماعتوں کے کئی اہم رہنماؤں سے ٹیلیفونک رابطہ کیا،وزیر اعلیٰ ہاؤس میں اپوزیشن جماعتوں کی اہم بیٹھک رواں ہفتے متوقع ہے،وزیراعلیٰ کے پی کی جی ڈی اے رہنماؤں پیر پگاڑا اور ذوالفقار مرزا سے اسی ہفتے ملاقات کا امکان ہے، جماعت اسلامی اور جے یو آئی سمیت دیگر پارٹی سربراہوں کو بھی اعتماد میں لیا جائے گا۔

بقیہ 24 بلال اظہر کیانی
نہیں بنے گی مگر کسی کا خیال ہے مذاکرات کے نتیجے میں جرائم کی سزا سے چھوٹ مل جائے گی تو ایسا نہیں ہوگا، پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا 9 مئی میں جو بھی ملوث ہے سزا ملنی چاہیے، جرائم کی سزا میں تاخیر میں بھی میری نظر میں جرم ہے، بانی پی ٹی آئی 9 مئی اور 190 ملین پاؤنڈ کیس کے مجرم ہیں، سزائیں ملنی چاہئیں، بلال کیانی نے کہا قومی معاملات پر مذاکرات کیلئے پی ٹی آئی سمیت کسی سے بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں، تسلیم کرتے ہیں پی ٹی آئی قومی اسمبلی میں اپوزیشن جماعت ہے اور خیبر پختونخوا اسمبلی آپ کے پاس ہے، کسی بھی وقت بات چیت کیلئے تیار ہیں۔

بقیہ 25 گورنر کے پی
دی گئی، قائم کردہ کمیٹی صوبے کی خوشحالی اور سیاسی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے اہم معاملات پر مشاورت اور رابطہ کاری کے فرائض سرانجام دے گی، دوسری کمیٹی اہم تکنیکی معاملات پر مشاورت اور مختلف جماعتوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کیلئے کام کرے گی۔

بقیہ 26 مسعود خان
ہمارے پاس شکیل آفریدی ہے۔مسعود خان نے کہا کہ اس وقت ہمارا چیلنج ہے کہ ہم چین کے ساتھ تعلقات کو درست کریں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ سیاسی عدم استحکام اور خراب معیشت ہم پر منفی انداز میں اثرانداز ہوسکتی ہے۔

بقیہ 27 وزیر دفاع
کی ضرورت ہے کیونکہ 9 مئی کو حساس مقامات پر حملے کیے گئے، ہندوستان میں بھی ایسی لاکار نہیں ہوئی، منصوبہ بندی اور پلاننگ سے پاکستان میں بہت سی جگہ پر دفاعی تنصیبات پر حملے کیے گئے، ہجوم تربیت یافتہ تھا، عمران خان و دیگر کا مطالبہ تھا ویڈیو ریلیز کریں اب ہوگئیں، وزیر دفاع نے کہا جن 25 لوگوں کو سزائیں ہوئیں ان کے چہرے سامنے آگئے ہیں، بہت سے کیسز باقی ہیں ،جلد فیصلے آئیں گے،ملٹری کورٹ سے 9 مئی کے مجرموں کو سزا پاکستان کیلئے سنگ میل ہے، جس کو عبور کر رہے ہیں اور سیاست کو ان عناصر سے پاک کر رہے ہیں جو پاکستان کو اپنی سیاست کی بھینٹ چڑھا سکتے ہیں، خواجہ آصف نے کہا ساری قوم کیلئے لمحہ فکریہ ہے سیاسی معاملات یا تحفظات پر قومی یا وطن کے دفاع کو چیلنج کرنے کا معاملہ کبھی دنیا کی تاریخ میں پیش نہیں آیا،عمران خان اسٹیبلشمنٹ کا آدمی تھا اور اس کی پوری تاریخ ہے، جنرل باجوہ مانتے نواز شریف پر کام کرتے رہے ہیں، مجھ سے بھی معاملے پر رابطہ کیا گیا

بقیہ 28 کرم
گنڈاپور کی خصوصی ہدایات پر کرم کیلئے ہیلی کاپٹر سروس شروع کردی، گزشتہ روز صوبائی حکومت کے ہیلی کاپٹر ایم آئی 17 نے پشاور سے کرم کیلئے 2 پروازیں کیں، پروازوں کے ذریعے پاراچنار سے53 افراد کو پشاور منتقل کیا گیا، تیسری پرواز کے ذریعے ٹل میں پھنسے افراد کو پاراچنار منتقل کیا جائے گا، بیان میں علی امین گنڈاپور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا موجودہ صورتحال میں کرم کے عوام کو درپیش مشکلات کا بخوبی احساس ہے، صوبائی حکومت کرم کے عوام کو درپیش مشکلات کو کم کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 29 شیخ وقاص
ابھی تک برقرار ہے، سول نافرمانی کی کال صرف عمران خان واپس لے سکتے ہیں، حکومت نے مذاکراتی کمیٹی تشکیل دیدی، اندازہ ہوجائے گا حکومت مسائل کے حل کیلئے کتنی سنجیدہ ہے، کمیٹی حکومتی سنجیدگی کا اندازہ لگائے گی، کمیٹی ملاقات کے بعد اڈیالہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی خواہش رکھتی ہے، بانی پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیش رفت سے آگاہ کیا جائیگا۔

بقیہ 30 سیاہ باب
بعد مزاحمت کا ہی تسلسل تھا جب انہوں نے عدم اعتماد کی تحریک قومی اسمبلی میں کامیاب ہونے پر عوام کے جذبات سے کھیلتے ہوئے خالی کاغذ لہرا کر سائفر کا دعویٰ کیا تھا،26 نومبر کے احتجاج میں ملک کی عالمی حیثیت کو مجروح کرتے اور افراتفری پھیلاتے ہوئے سوشل میڈیا کو ایک بار پھر ریاست اور حکومت کیخلاف سوچے سمجھے طریقے سے پروپیگنڈے کیلئے استعمال کیا گیا، احتجاج سے پہلے اور اس دوران سوشل میڈیا اپیلی کیشنز اور یوٹیوب وی لاگز پر جو کچھ ہوا وہ ناگوار تھا تو بعد میں ہونے والی پیش رفت ریاست مخالف ہی تھی، احتجاج کے باعث لاجسٹکس جیسے اہم شعبوں میں آمدنی میں کمی کا سلسلہ جاری رہا، سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں 50 فیصد سے زیادہ کمی کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ 31 گورنر بلوچستان
فورسز کے جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک مذمتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم تمام تخریب کاروں اور دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ شہدا کے لواحقین سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے گورنر بلوچستان کہا ہے کہ شہداء کی قربانیوں کی بدولت امن وترقی کو مزید فروغ ملے گا ۔دنیا گواہ ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان اور اس کے عوام نے بیشمار قربانیاں دی ہیں ۔ انہوں نے جنوبی وزیرستان میں شہید ہونے والے بہادر جوانوں کے سوگوار خاندانوں کے ساتھ پوری یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 32 ایل پی جی
دونوں گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تربت مند روڈ پر نامعلوم افراد نے 2 ایل پی جی گیس بوزر پر فائرنگ کردی

بقیہ 33 انسانی المیہ پرنوٹس
ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی اپیل کردی ،نوٹس میں کہا گیا ہے8 لاکھ افراد اڑھائی مہینے سے محاصرے میں ہیں، خطے میں خوراک اور ادویات سمیت ضروری سامان کی قلت ہے، ادویات کی کمی کی وجہ سے اب تک 60 افراد جاں بحق ہوچکے،300 سے زیادہ مریض علاج کی عدم دستیابی کی وجہ سے دم توڑ چکے، مایوس باشندے اب گھاس کھا کر گزر بسر کرنے پر مجبور ہیں،

بقیہ 34 رانا احسان
پیدا کرنے کا سبب نہ بنیں،ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ ن سندھ کے سینئر نائب صدر اور سینٹرل ورکنگ کمیٹی ن لیگ رانا احسان کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا،سعید غنی نے کہا رانا احسان کے پیپلز پارٹی میں خوش آمدید کہتا ہوں، ملک میں پانی کی تقسیم کا آئینی اور قانونی طریقہ کار موجود ہے،صوبوں کے درمیان پانی کی تقسیم میں صدر کا کوئی کردار نہیں۔

بقیہ 35 ذاتی دشمنی
کو ہسپتال منتقل کرو دیا گیا،پولیس نے کہا واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش شروع کردی ، واردات میں ملوث ملزموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 36 فائرنگ حادثات
قریب ایک حجام کی دکان چلارہا تھا وقت واردات مقتول اپنے قریبی ہمسائے کے دکان کے سامنے جا کر اپنے دوستوں کے ساتھ مشترکہ کھانا کھا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح موٹرسائیکل پرسوار مسلح افراد آئے اور پسٹل سے ان پر فائر کردی جو موقع پر جاں بحق ہوئے جنہیں ضروری کارروائی کیلئے پنجگور ہسپتال پنجگور منتقل کر دیا گیا مزید تفتیش سٹی پولیس کر رہی ہے۔پنجگور کے علاقے میں ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار خاتون جاں بحق اور بچہ زخمی ہوگیا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے چتکان بازار میں تیز رفتار ٹرالر جاوید چوک کے قریب موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں خاتون جاں بحق اور بچہ زخمی ہوگیا پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کرکے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پنجگور پولیس کررہی ہے۔مسلم باغ کے علاقے میں ٹرک اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مسلم باغ کے قریب تیز رفتار ٹرک اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی مسلم باغ انتظامیہ کررہی ہے۔چمن کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل اور ایک کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں بوغرہ روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل اور ایک زخمی کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی چمن انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 37 نوابزادہ جمال خان
جذبے کے ساتھ ملکی بہتری کیلئے کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کیا ہے ہم نوجوانوں کے جوش اور جذبے کو اپنا ہتھیار بناکر عوام کی خدمت کرتے ہوئے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ ہاؤس کوئٹہ میں حلقہ کے لوگوں کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کرنے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنماء میر فرید رئیسانی اور دیگر بھی موجود تھے نوابزادہ جمال خان رئیسانی کی جنگ ہاؤس آمد کے بعد دونوں رہنماؤں نے ملکی سیاسی صورتحال اور بلوچستان میں امن وامان اور قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 264 میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا نوابزادہ جمال رئیسانی اور حاجی علی مدد جتک کی قیادت میں مختلف سیاسی و سماجی کارکنوں کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر انہیں پارٹی کے مفلر پہنا کر خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کے مسائل سننے اور ان کے حل کیلئے ان کی تجاویز پر عمل پیرا ہوکر نچلی سطح پر کارکنوں کو متحرک کرکے صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق ان کے سفیر بنکر بلوچستان کی تعمیر وترقی اور لوگوں کی پسماندگی دور کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کررہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ کارکنوں کو متحرک کرکے حلقے میں مسائل کا حل اور ترقیاتی کام کروائے انہوں نے کہا کہ حلقے میں 50 فیصد کارکنوں کی تعداد نوجوانوں پر مشتمل ہے کیونکہ نوجوان ہی ہمارا سرمایہ ہیں آنے والے دور میں نوجوان نسل نے ہی صوبے کی باگ ڈور سنبھالنی ہے نوجوانوں کے جوش اور جذبہ کو اپنا ہتھیار بناکر عوام کی خدمت یقینی بنائیں گے پیپلز پارٹی نے ہر دور میں عوام کی خدمت کی ہے اور لوگوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنائی کیونکہ عوام کی امیدیں اور توقعات پیپلز پارٹی سے وابستہ ہیں

بقیہ 38 حافظ نعیم الرحمن
سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری کے دور میں زندگی گزارنا مشکل ہے۔انہوں نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن میں تمام فریقین کو ذمے داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک پر نااہل لوگ مسلط ہیں، جس سے ملک مسائل کا گڑھ بنتا جارہا ہے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ چہرے بدلنے سے حالات ٹھیک نہیں ہوں گے، اجتماعی جدوجہد سے نظام بدلنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ امریکا اسرائیل مل کر فلسطین میں مسلمانوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں۔

بقیہ 39 یونان کشتی
سے آگاہ کیا تھا اس کے باوجود ایس ایچ او اور تفتیشی افسر کو چارج شیٹ کیا گیا،16 دسمبر کو ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت نے ملزم کی ضمانت منظور کی، ایک روزہ نوٹس پر جوڈیشل کردیا،17 دسمبر کو ایف آئی اے کی تفتیش کے بعد ملزم کو جیل بھیج دیا گیا۔

بقیہ 40 وفاقی حکومت
میں 4 ہزار 632 ارب روپے کا اضافہ ہوا تاہم مرکزی حکومت کے غیرملکی قرضوں میں 710 ارب کی کمی بھی ہوئی، اکتوبر 2024 تک کے دستیاب سرکاری ڈیٹا کے مطابق حکومتی قرضہ 69 ہزار 114 ارب روپے رہا تاہم نومبر اور دسمبر 2024 کے دو مہینوں کے حکومتی قرضوں کا ڈیٹا ابھی آنا باقی ہے،مرکزی بینک کی رپورٹ کے مطابق اکتوبر 2024 تک وفاقی حکومت کا مقامی قرضہ 47 ہزار 231 ارب اور وفاقی حکومت کا غیرملکی قرضہ 21 ہزار 884 ارب تھا،

بقیہ 41 مردان میں فائرنگ
کا تنازع بتایا جارہا ہے، ملزموں کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 42 خورشید شاہ
نہیں ہوں گے، اپنے بیان میں خورشید شاہ نے کہا حملے میں شہید ہونے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، امن کیلئے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 43 صدر
قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اپنی فورسز کے ساتھ ہے، دہشت گرد ملک وقوم اور انسانیت کے دشمن ہیں،ادھروزیراعظم شہباز شریف نے کہاسکیورٹی فورسز ملک کی حفاظت کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہیں، پوری قوم شہدا کو سلام پیش کرتی ہے، ملک سے ہر قسم کی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 44 پرنسل سیکرٹری
کرنے پر مبارک بادی ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی سیاست بلوچستان کے سیاسی معاملات سمیت دیگر مختلف باہمی دلچسپی کے موضوعات پر تبادلہ خیال ہوا اس موقع پر پرنسل سیکرٹری میرخان محمد زہری ودیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 45 پاکستان
کا تاثر بد قسمتی پر مبنی ہے 1954ء سے پاکستان اور امریکہ کے مثبت اور وسیع تعلقات رہے ہیں، بنا ثبوت بڑے غیرنیٹو اتحادی کیخلاف حالیہ الزامات دوطرفہ تعلقات کیلئے معاون ثابت نہیں ہوسکتے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دوطرفہ تعلقات کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہے امریکی پالیسیوں کے خطے پر اثرات کے نتیجے میں پاکستان آج بھی بھاری نقصان اٹھا رہا ہے ہمارے مشرقی ہمسایہ کی کہیں زیادہ طاقتور میزائل صلاحیتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے تحفظ دیا جارہا ہے

بقیہ 46 لیگی رہنما
جاوید لطیف نے کہا 8 فروری کے الیکشن میں بھی فیض حمید کے ذریعے سہولت کاری کی گئی، فیض حمید اکیلے سہولت کاری نہیں کرسکتے تھے، میں کیسے مان لوں فیض حمید سب کچھ کررہے تھے اور باجوہ کو علم نہ ہو؟ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ اس وقت کی عدلیہ بھی شامل تھی جو لوگ فیض حمید سے رابطے میں تھے انہیں بھی کٹہرے میں لانا چاہیے، جنرل باجوہ کو علم تھا نواز شریف اسٹیبلشمنٹ نہیں دیں گے

بقیہ 47 ہمسایہ ممالک
،سکھوں اور مسلمانوں کو اپنا گرویدہ بنالیا تھا یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان کے حصول کیلئے قائد کے شانہ بشانہ انکی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح شامل حال رہیں قائد نے قیام پاکستان کے بعد ایک آزاد اور خودمختار جمہوری پاکستان کی بنیاد رکھی۔ مختلف مواقع پر انکی تقاریر قوم اور حکمرانوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو ملک کا روشن مستقبل قرار دیا۔ ملکی ترقی وخوشحالی میں خواتین کے کلیدی کردار کو سراہا۔ اقلیتوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے احکامات صادر فرمائے

بقیہ 48 میر شعیب نوشیروانی
پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ امن وامان کے قیام کیلئے اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے۔

بقیہ 49 وزیراعظم
خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کو اپوزیشن جماعتوں سے مؤثر رابطوں کا ٹاسک دیا ہے۔عمران خان کی ہدایت کے بعد تحریک انصاف نے اپوزیشن سے رابطہ کیا ہے جس کے بعد آئندہ ہفتے وزیراعلیٰ ہاؤس میں اہم بیٹھک متوقع ہے۔ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی مذاکراتی عمل کے حوالے سے جماعت اسلامی، جے یو آئی اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جے ڈی اے) کے رہنماؤں کو اعتماد میں لے گی۔

بقیہ 50 ملاقاتے
سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں بلیک ٹاپ روڈوں کی تعمیر کے بعد عوام کی مشکلات میں کمی آنے کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں کے عوام کا دیرینہ بنیادی مسائل حل ہوں گے

بقیہ 51 دہشت گردوں
میرعبیداللہ گورگیج نے کہا کہ جنوبی وزیرستان کے علاقے میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بناتے ہوئے سیکورٹی فورسز کے16 جوانوں نے جام شہادت نوش جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں فورسز نے 8دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے ،عوام کی جان و مال کے تحفظ اور سرحدوں کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکار ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیاں انشاء اللہ رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری پاکستانی قوم پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہے مٹھی بھر دہشت گرد عناصر ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے انہوں نے حملے میں شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 52 پاکستان
شریک ہیں،یہ بات انہوں نے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہے ہیں، وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں اور آفیسرز کو پوری قوم سلیوٹ کرتی ہے، شہدا کی عظیم قربانیاں فراموش نہیں کی جاسکتیں ،تمام ریاستی ادارے یکجہتی کے ساتھ پاکستان کو لاحق چیلنجوں کا مقابلہ کررہے ہیں ،پوری قوم افواج پاکستان کے شہیدوں کی قرض دار ہے،قوم پاک فوج اور اپنے سیکورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ جذبہ ایمانی اور شوق شہادت سے سرشار افواج پاکستان کے آفیسرز اور سپاہی دہشت گردی کے خاتمے کے مشن پر گامزن ہیں پاک فوج قوم کی بھرپور حمایت سے جلد ہی دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے پاکستان کو امن کا گہوارہ بنادے گی انہوں نے کہا کہ پاک فوج کی قربانیاں پاکستان کی سلامتی کی ضمانت ہیں خوارج دہشتگردوں کی شکست قوم کے اتحاد سے ممکن ہے دہشتگردوں کے خلاف پاک فوج کی قربانیاں قابل فخر ہیں،خوارج کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 53 جنگلات
کے وژن کے مطابق جنگلات وجنگلی حیات کے تحفظ اور ترقیاتی کاموں کا معیار اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، غیر معیاری کام قبول نہیں ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میاں غنڈی ری کریئشنل پارک کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر انکے ہمراہ چیف کنزرویٹر اسلم بزدار اور پراجیکٹ ڈائریکٹر یوجی پی پی وائلڈ لائف کیمونٹ بلوچستان نیاز خان کاکڑ ودیگر بھی تھے۔ سیکرٹری نے پارک میں قائم ریسکیو سنٹر کا بھی معائنہ کیا۔ چیف کنزرویٹر اسلم بزدار اور نیاز خان کاکڑ نے سیکرٹری کو جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ اور پارک میں عوام کو فراہم کی جانیوالی سہولیات سمیت انگروتھمنٹ سے متعلق بریفنگ دی جس پر انہوں نے اپنے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قبضہ شدہ زمین فوری واگزار کروائی جائے

بقیہ 54 نجی ایئرلائن
15 دسمبر کو جمہوریہ چیک کے شہر اوسٹراوا سے کراچی پہنچا تھا۔ نیا طیارہ ایئر لائن کے لوگو اور پینٹ کے بعد پاکستان لایا گیا، 2 سال قبل قائم کی گئی فلائی جناح ملکی اور غیر ملکی 11 منزلوں پر پروازیں آپریٹ کررہی ہے، خیال رہے کہ فلائی جناح کے طیاروں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 6 ہوگئی اور مزید 3 طیارے آئندہ آنے والے عرصے میں فضائی بیڑے میں شامل ہوں گے۔

بقیہ 55 توبہ کاکڑی
سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکریٹری سلیمان خان بازئی، ضلعی سینئر ڈپٹی آرگنائزر نصیب اللہ کلیوال اور ضلعی ڈپٹی آرگنائزر سید فدا آغا نے حرمزئی علاقائی یونٹ تو تسیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں گزشتہ رپورٹ پیش اور آئندہ کے لائحہ عمل کیلئے فیصلے کیے گئے مقررین نے کہا کہ فارم 47 کی حکومت انتظامیہ اور ادارے عوام کے سرومال کے تحفظ میں ناکام ہوچکے ہیں معصوم بچہ مصور خان کاکڑ کی بحفاظت عدم بازیابی اس کا ثبوت ہے

بقیہ 56 عوام باشعور
فرسودہ کرپٹ نظام سے نجات کیلئے سیاسی میدان میں اترے ہیں فرسودہ نظام کے باعث ملک سیاسی اور معاشی بحرانوں سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ بددیانت اور مفاد پرست لوگوں نے سیاست کو بدنام کردیا ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ کرنا ناقابل تلافی نقصان پہنچایا گیا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کو قوم پرست اور مذہب پرست نے ہمیشہ نظر انداز کیا بنیادی مسائل کے حل کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی

بقیہ 57 اے این پی
خون سے ہولی کھیلنے پر نہیں بلکہ پنجاب کے ایک کھرب پتی کو ذہنی کوفت پہنچانے کی سزا میں گرفتار ہے عدل وانصاف کی اس انوکھے اور دہرے معیار پر پشتونوں کو من حیث القوم سوچنا ہوگا عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنوں اور رہنماں نے جانوں کے نذرانے تو پیش کئے لیکن دہشت گردوں انتہا پسندوں کیساتھ مصلحت نہیں کی آج پشتون خوا میں ریاست کو گالی دینے کے جرم میں سابق پشتون ایم این اے تو جیل میں ہے لیکن سانحہ اے پی ایس اور دیگر ہزاروں پشتونوں کے قاتل عیش عشرت کی زندگی گزار رہا ہے جب تک جنگی معیشت کو خیر باد نہیں کہا جائیگا پشتون خوا اور بلوچستان کے حصے میں تباہی اور بربادی پر مبنی آپریشن جبکہ پنجاب سندھ میں ترقی خوشحالی کیمرا کے پراجیکٹس پر کام چلتا رہیگا

بقیہ 58 گریڈ19
ڈیلوری یونٹ ایف بی آر ہیڈکوارٹر تعینات کردیا گیا، پروگرام آفس ڈائریکٹر پاکستان ریز ریونیو اور ڈائریکٹر ٹیکس سسٹم ڈیجیٹلائزیشن پراجیکٹ و چیف ٹیکس ریفارمز کے اضافی چارج بھی پاس رہیں گے

بقیہ 59 تنظیمی سرگرمیوں
دوروں کی قیادت ضلعی امیر مولانا عبدالرحمان رفیق ،سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب مولانا خدائے دوست حافظ مسعود احمد شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا نور محمد بڑیچ حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بڑیچ کر رہے ہیں ان کے ہمراہ سینئر ضلعی رہنماء شامل ہیں تنظیمی سرگرمیوں اور دوروں کا عمل 25 دسمبر اور باقی ماندہ یونٹوں کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائیگا

بقیہ 60 ملک
ترقی کے لئے اہم ہیں ان منصوبوں میں جاری سڑکوں کے منصوبے شامل ہیں جو بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے ساتھ ساتھ پڑوسی ممالک ایران اور افغانستان کے ساتھ ملاتے ہیں میرظہور بلیدی نے کہا کہ یہ سڑکیں صوبے کے اندر اندر اور مختلف اضلاع کے درمیان رابطے فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی، جس سے نہ صرف تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی بلکہ عوامی نقل وحرکت میں بھی سہولت ہوگی

بقیہ 61 مرکزی قائد
اپنے ڈویژن اضلاع ہیڈکوارٹرز میں بھرپور تقریبات کا اہتمام کریں اور پروگرامز کی مختصر ویڈیوز کلپ صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ کو ارسال کریں ان پروگراموں میں عہدیداروں سمیت ورکرز کی شرکت بھی یقینی بنائی جائے تاکہ مرکزی قائد میاں محمد نواز شریف کو بھی پارٹی سرگرمیوں سے متعلق آگاہی دی جاسکے۔

بقیہ 62 اے این ایف
کرکے قبضے میں لے لی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی انسداد منشیات ایکٹ کے تحت دونوں واقعات نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی گئی مزید کارروائی اے این ایف کا عملہ کررہا ہے۔

بقیہ 63 ٹوکیو
ن لیگ جاپان کے چیئرمین ملک یونس کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے شیخ قیصر محمود نے کہا کہ گوادر بندرگاہ پاکستان کے معاشی مستقبل کی کلید ہے اور اگر اوورسیز پاکستانیوں کو خصوصی مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ن لیگ ہمیشہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے میں پیش پیش رہی ہے اور آئندہ بھی رہے گی۔عشائیے کی تقریب میں ن لیگ جاپان کے صدر ملک نوراعوان نے بھی خطاب کیا

بقیہ 64 ولی محمد نورزئی
کے خلاف ملک کی افواج کی کارروائیاں بھرپور جاری رہنی چاہئیں تاکہ وطن عزیز کو امن وسکون کا گہوارہ بنایا جاسکے ان کا کہنا تھا کہ شہید ہونے والے فوجی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کیلئے باعث فخر ہیں اور ملک دشمن عناصر کو کسی بھی صورت میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا انہوں نے فوجی عدالتوں سے 9 مئی کے واقعات میں ملوث 25 ملزمان کو سزائیں دینے کے فیصلے کا خیر مقدم بھی کیا حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ فوجی عدالتوں کی کارروائیاں ملک کے مفاد میں ہیں اور یہ اقدامات انصاف کی فراہمی اور ملک کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے انتہائی ضروری ہیں انہوں نے حکومت اور افواج پاکستان کی کوششوں کو سراہا اور ملک میں امن واستحکام کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 65 مصنوعی قیادت
راہوں کا مسافر بننے سے بچاتے ہوئے ملک کی باگ ڈور میں کردار ادا کرنے کی طرف رہنمائی کی ہمیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ بلا کسی نسلی اور علاقائی تعصب کے متواتر صوبے کی گلیوں میں متحرک سیاست کی ہے انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ لسانی اور نسلی بنیادوں پر عوام کو گمراہ کرنے والے قوتوں کے مدمقابل جمعیت علماء اسلام نے اپنے کارکنوں کو حب الوطنی اور پاکستانیت کا درس دیا ہمارا دین اور ایمان تقاضا کرتے ہیں

بقیہ 66 ترجمان
پر کارروائی کرتے ہوئے عمرے کی آڑ میں گداگری میں ملوث 3 خواتین مسافروں کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے گوجرانوالہ کے مطابق مسافر خواتین کی شناخت روبینہ بی بی، عنایت بی بی اور مقصود بی بی کے نام سے ہوئی، گرفتار خواتین فلائٹ نمبر او وی 505 کے ذریعے سعودی عرب سے پاکستان پہنچیں۔بیان کے مطابق گرفتار خواتین کا تعلق ملتان، مظفر گڑھ اور رحیم یار خان کے مختلف علاقوں سے ہے، گرفتار خواتین عمرے کی آڑ میں گداگری میں ملوث پائی گئیں۔

بقیہ 67 دہشت گردی
مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی ڈپٹی سیکرٹری شیر جان صالح نے کہا کہ حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں نے ملک کو آگ وخون میں دھکیل دیا ہے طاقت کا استعمال کسی مسئلے کا حل نہیں آپریشنز اور طاقت سے ملک کی سلامتی تو داؤ پر لگانا عقلمندی نہیں غلط پالیسیوں کے باعث قوم جنازوں اٹھانے سے تھک کر ہار چکی ہے اور اس جنگ نے معاشی طور پر ملک کو بلین ڈالروں کا نقصان پہنچا کر تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا پرویز مشرف نے طاقت کے استعمال سے جو آگ لگائی اس سے آج بھی ملک جل رہا ہے اور اس کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے انہوں نے کہا کہ بدامنی کے جاری بحران اور معاملات سیاسی فہم وفراست اور تدبر سے حل کرنے کی متقاضی ہے مسائل کا حل طاقت سے ممکن نہیں آپریشنز ملک میں دہشت گردی میں فروغ کا باعث بنے ہیں انہوں نے کہا کہ حکمران ملک کی امن وترقی اور معیشت کی مضبوطی واستحکام چاہتے ہیں تو مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائیں انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز نمٹنے کیلئے سنجیدگی کی ضرورت ہے عدم سنجیدگی سے قوم اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہے۔

بقیہ 68 بلوچستان
سے ملاقات کی وفد میں جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ، احمد شاہ غازی، اسامہ ہاشمی ودیگر شامل تھے اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مولانا محمد خان شیرانی کو 29 دسمبر قومی قبائلی سربراہان مشاورت کا دعوت نامہ دے دیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اہل بلوچستان کو حقوق ،انصاف ،عدل کی فراہمی ،مظالم سے نجات کیلئے 29 دسمبر کو جماعت اسلامی نے قومی قبائلی سربراہان کا گرینڈ مشاورت طلب کیا ہے اس گرینڈ قومی قبائلی مشاورت میں بلوچستان کے تمام بلوچ پشتون سربراہان شرکت کرکے حقوق ،روزگار کے حصول، بارڈر وتجارت اور کاروباری بندش، لاپتہ افراد ،مصور کاکڑ کی عدم بازیابی ،بلوچستان میں وفاق ،سیکورٹی اداروں ،حکومتوں اور انتظامیہ کے مظالم وناانصافی کے خلاف گرینڈ مشاورت میں متفقہ لائحہ عمل طے کریں گے مولانا محمد خان شیرانی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے بلوچستان کے مسائل کو اجاگر اور حل کیلئے ایوان کے باہر اور اندر جو جمہوری ،سیاسی ،قبائلی جدوجہد شروع کی اہل بلوچستان سیاسی جمہوری دینی قبائلی قیادت وعوام ان کی تائید وحمایت حاصل ہے ہم سب تائید وحمایت کرتے ہیں

بقیہ 69 دہشت گردی
وطن کی حفاظت کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کر دیے ۔ ان کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ غمزدہ خاندانوں کو ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے اور شہدا کے درجات بلند کرے۔

بقیہ 70 پیر پگارا
نے تو پچھلے تمام ریکارڈ توڑ دیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے روجھان جمالی میں سابق وزیراعظم الحاج میر ظفر اللہ خان جمالی کے رہائش گاہ پر مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی بھی موجود تھے پیر پاگارا کا کہنا تھا کہ الحاج میر ظفر اللہ خان جمالی پارلیمنٹ میں ایک بلند اور توانا آواز تھے مرحوم جمالی کی ہمارے باپ دادا کے ساتھ محبت عقیدت کا تعلق تھا روجھان جمالی اس تعلق کو برقرار رکھنے کیلئے آیا ہوں

بقیہ 71 محسن نقوی
پر شہریوں نے پاسپورٹ وشناختی کارڈز بنوانے کے نظام کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا، محسن نقوی نے کہا شہریوں کو پاسپورٹ ملنے میں تاخیر کا ازالہ کیا جارہا ہے،شہریوں کو اب مقررہ مدت کے اندر پاسپورٹ ملیں گے، وزیر داخلہ نے بعض شہریوں کے شناختی کارڈز کے ایشوز کو موقع پر ہی حل کرنے کیلئے احکامات دیئے۔

بقیہ 72 پاکستان
بلوچ نے کہا کہ پسنی فش ہاربر اور بی ڈی اے ملازمین گزشتہ چھ ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، جس کے باعث وہ شدید معاشی بحران اور فاقہ کشی کا شکار ہیں انہوں نے جون کے بجٹ میں بی ڈی اے ملازمین کی تنخواہوں کے فنڈز میں 50 فیصد کٹوتی کو ملازمین کے بنیادی حقوق اور انسانی ہمدردی کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی اور ناقابل برداشت قرار دیا انہوں نے پسنی فش ہاربر کی تاریخی حیثیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ 1987ء میں شروع ہوا اور 1989ء میں مکمل ہوا، جس کا افتتاح پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹو نے کیا اس وقت گوادر میں کوئی ہاربر موجود نہیں تھا، اور پسنی فش ہاربر مکران ریجن کے لئے ماہی گیری اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز تھا اس کی بدولت بین الاقوامی معیار کی لانچیں اور ٹرالرز یہاں آکر اپنی سرگرمیاں انجام دیتے تھے

بقیہ 73 عوام
اور بالخصوص فارم 47 کے نمائندے ہیں، کوئٹہ شہر کے لاکھوں کی آبادی کیلئے گیس، بجلی، پینے کا صاف پانی، روزگار میسر نہیں، ہر علاقے میں عام سڑکوں پر احتجاج پر مجبور ہوچکے ہیں، سوئی سدرن گیس کمپنی گیس فراہم نہیں کررہی ہے، کیسکو نے عوام پر غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ مسلط کی ہے، شہر میں جرائم پیشہ عناصر مختلف وارداتوں میں سرگرم ہے ، چوری ، ڈکیتی، سٹریٹ کرائمز کے بڑھتے ہوئے واقعات اور اس میں شہریوں کو زدوکوب کرنا، قتل وغارت کے واقعات سے عوام سرومال کے تحفظ کے سنگین مسئلے سے دوچار ہیں حلقہ پی بی45 سے پارٹی کے امیدوار کی کامیابی کی صورت میں حلقے کے عوام کے مسائل میں مزید کمی لائی جائیگی ۔پہلے بھی پشتونخوامیپ نے اس حلقے میں بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی کی فراہمی ، سڑکوں ، نالیوں ، ڈیمز کی تعمیر ، بنیادی ہیلتھ مراکز اور سکولوں کی تعمیرات کو یقینی بنائی ہے عوام کی فلاح وبہبود کے لئے جو کام کئے گئے ہیں

بقیہ 74 فلائٹ شیڈول
کے نیٹ ورک میں وسعت اور پراڈکٹ کے معیار میں بہت بہتری آئے گی رواں ہفتے سے پی آئی اے نے اندرون ملک پروازوں میں ان فلائٹ انٹرنیٹ سسٹم بھی متعارف کروایا گیا ہے جو مسافروں میں مقبولیت حاصل کررہا ہے سی ای او پی آئی اے خرم مشتاق نے ایک بیان میں کہا ہے پی آئی اے کے فلائٹ شیڈول میں 90 فیصد ریگولرٹی، آپریشنل بیڑے میں اضافہ اور پراڈکٹ میں بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات ہماری کمٹمنٹ کا حصہ ہیں۔

بقیہ 75 میر اسد اللہ بلوچ
کے دوران کیا۔اس موقع پر بی این پی عوامی کے مرکزی جوئنٹ نائب صدر چیئرمین ظریف زگر بلوچ۔مرکزی رہنما سینیٹر شکیل احمد بلوچ ودیگر افراد بھی موجود تھے ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال اور پارٹی میں تنظیم سازی ودیگر حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی

بقیہ 76 نان ٹیکسٹائل
سے ویلیو ایڈڈ مصنوعات میں بہتری اضافے کی بنیادی وجہ قرار پائی ہے۔ رواں مالی سال میں برآمدات میں مثبت رحجان بین الاقوامی منڈیوں میں اعتماد کی بحالی کی علامت ہے۔انجینئرنگ مصنوعات کی برآمدات میں 31 فیصد جبکہ سیمنٹ کی برآمدات میں12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 77 یونیورسٹی
استقبال کیا اس موقع پر سینئر سیاستدان واجہ ابوالحسن، معروف صحافی، کالم نگار اور دانشور امتیاز عالم اور مقامی ٹی وی کے چیئرمین محمد اقبال بلوچ بھی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے ہمراہ تھے ملاقات کے دوران وائس چانسلر نے معزز مہمانوں کو یونیورسٹی کی نمایاں کامیابیوں، جاری ترقیاتی منصوبوں اور یونیورسٹی میں تعلیمی اور تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اپنی حکمت عملی کے علاوہ یونیورسٹی کو درپیش چیلنجز خصوصاً اعلیٰ تعلیمی اداروں کو درپیش مالی مشکلات کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے یونیورسٹی آف تربت کی ترقی کیلئے اپنی مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ یونیورسٹی کی ترقی کیلئے بھرپور کوشش کرینگے ان کا کہنا تھا کہ تربت یونیورسٹی قومی اثاثہ ہے اور یونیورسٹی کی مزید ترقی کیلئے تمام لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کا بھی دورہ کیا اور یونیورسٹی میں تعلیمی اور تحقیقی ماحول کو فروغ دینے کیلئے اساتذہ کرام اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 78 بجلی نرخوں
کے مطابق رواں سال میں ماہانہ فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 8مرتبہ اضافہ اور 4دفعہ کمی ہوئی، یوں صرف فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مجموعی طور پر 32 روپے 68 پیسے فی یونٹ کا اضافہ ہوا۔ڈسکوز صارفین کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں چار مرتبہ نرخ بڑھے۔سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 6روپے 57 پیسے کا اضافہ ہوا،کراچی کے صارفین کیلئے بجلی کی قیمتوں میں 26روپے 11 پیسے اضافہ ہوا، فیول کاسٹ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی علاوہ کیپسٹی پیمنٹس کا بوجھ بھی صارفین پر بھاری رہا۔سال 2024 میں زیادہ تر بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی خبریں ہی شہ سرخیوں میں رہیں، 4دفعہ کمی ہوئی، یوں صرف فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مجموعی طور پر 32 روپے 68 پیسے فی یونٹ کا اضافہ ہوا

بقیہ 79 گوادر
کو پورا کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ، ادارہ مہارت پرمبنی تربیتی کورسز کی ایک متنوع رینج پیش کرتا ہے، جس میں میری ٹائم اور پورٹ مینجمنٹ، سافٹ ویئر ٹیکنالوجی، ٹورازم مینجمنٹ، ای کامرس، میکاٹرونکس ، چینی اور انگریزی زبان ، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، تعمیراتی انجینئرنگ ،اور اوور ہیڈ کرین آپریشن شامل ہیں۔گوادر پرو کے مطابق ان میں سے 34 طلبا انگریزی زبان میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ کررہے ہیں،14 چینی زبان اور ثقافت کی تعلیم حاصل کررہے ہیں،13 پورٹ مینجمنٹ میں، 3 میکاٹرونکس میں، 7 ای کامرس میں، 14 ٹورازم مینجمنٹ میں اور 18 سافٹ ویئر ٹیکنالوجی میں زیر تعلیم ہیں،ادارہ مہارت پرمبنی تربیتی کورسز کی ایک متنوع رینج پیش کرتا ہے۔

بقیہ 80 امیر مقام
شدید مذمت کرتے ہوئے 16 شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے ضلع شانگلہ کے علاقے پورن سندوی سے تعلق رکھنے والے سپاہی جنید خان سمیت تمام شہداء کی قربانیوں کو سراہا اور کہا کہ یہ بہادر سپاہی قوم کے لیے باعث فخر ہیں، جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔انجینئر امیر مقام نے شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، اور پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے دشمن کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، اور ہم متحد ہو کر اپنے وطن کے تحفظ کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، اور پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 81 کراچی
سے گاڑی، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا ہے۔ڈی آئی جی ساؤتھ کا بتانا ہے کہ مغوی بزرگ نذیر احمد کو گزشتہ روز ان کے گھر خیابان اتحاد کے باہر سے اغوا کیا گیا تھا،مغوی فجر کی نماز کی ادائیگی کے لیے گھر سے باہر آئے اور گاڑی میں اپنے نواسے کا انتظار کر رہے تھے۔ان کا بتانا ہے کہ کار سوار 4 اغوا کار مغوی کو اسلحے کے زور پر لے گئے،مغوی کا نواسا آیا تو اس کو نانا گاڑی میں نہیں ملے،مغوی کے نواسے نے سی سی ٹی وی چیک کی تو نانا کے اغوا کا پتہ چلا تو اس نے پولیس کو اطلاع دی اور واقعے کا مقدمہ ساحل تھانے میں درج کیا گیا تھا۔دوسری جانب ٹی حسن پل کے قریب پولیس نے مقابلے کے بعد 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق ملزمان سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔

بقیہ 82 یو اے ای
کے پاسپورٹ بلاک کردیے گئے ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ یو اے ای کی جانب سے شہریوں کے مختلف جرائم میں ملوث ہونے کی تفصیل دیے جانے پر ان کے پاسپورٹس بلاک کیے گئے ہیں۔منشیات کے جرائم میں ملوث 2470 افراد جبکہ فراڈ، دھوکہ دہی اور جنسی ہراسانی میں ملوث 100 اور چوری کے جرم میں قید 704 پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کیے گئے۔قتل اور راہزنی میں ملوث 216 پاکستانی شہریوں کے پاسپورٹ بھی بلاک کیے گئے۔ذرائع نے بتایا کہ غیر قانونی طور پر یو اے ای میں رہائش پذیر 375 پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کیے گئے ہیں۔

بقیہ 83 حج
ظلم وستم کا دور انشاء اللہ ختم ہوگا۔چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے کہا کہ امت کو اس وقت اتحاد کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ فلسطین، شام، عراق اور کشمیر میں اپنے بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔

دہشتگردی کی لعنت کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے، صدر مملکت، وزیراعظم

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی فورسز کے ساتھ ہے، دہشتگرد ملک و قوم اور انسانیت کے دشمن ہیں

سیکورٹی فورسز ملک کی حفاظت کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہیں، پوری قوم شہدا کو سلام پیش کرتی ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف زرداری نے کہا ہے دہشت گردی کی لعنت کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے، صدر آصف زرداری نے جنوبی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے 16 بہادر جوانوں کی شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا، آصف زرداری نے کہا دہشتگردی کی لعنت کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے، پوری .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارا مشن لوگوں کی فلاح و بہبود سیاست کا محور عوامی خدمت ہے، محمد خان لہڑی

حلقہ انتخاب کے عوام کی طرف سے ملنے والی محبت، عزت اور پیار کبھی فراموش نہیں کر سکتے، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

تعلیم، صحت، آبنوشی، آبپاشی اور مواصلات کے شعبوں پر ترقیاتی اسکیمات کو اولین ترجیح دی عوام سے محبت کا رشتہ قائم رہے گا، صحافیوں سے بات چیت

تمبو (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب پی بی 14 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے علاقائی سطح پر عوامی مشکلات میں کمی آئے گی حلقہ انتخاب کے عوام سے کئے وعدوں کو پورا کیا جا رہا ہے ہماری عوامی خدمت حلقہ عوام کے اعتماد کا مظہر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس میں صحافیوں .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزرا احمد اورنگزیب، جام کمال خان، خواجہ محمد آصف کو پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبدالطیف ملک، چیئرمین میاں عتیق الرحمن ودیگر وفد مسائل سے آگاہ کر رہا ہے

قائداعظم کا یوم پیدائش پاکستان کے حکمرانوں و عوام کیلئے تجدید عہد کا دن ہے، محمد عبدالقادر

محمد علی جناح نے قیام پاکستان تک لازوال جدوجہد کی داستان رقم کی ہے، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا یوم پیدائش دراصل پاکستان کے حکمرانوں اور عوام کیلئے تجدید عہد کا دن ہے۔ قائداعظم نے حصول پاکستان کی جدوجہد سے قیام پاکستان تک لازوال جدوجہد کی داستان رقم کی ہے برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کیلئے الگ وطن کا حصول انتہائی کٹھن تھا قائداعظم نے اپنی گفتار و کردار سے ہندوؤں، انگریزوں .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کا قلع قمع کرنے میں فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، شعیب نوشیروانی

جنوبی وزیرستان میں دہشتگردی قابل مذمت ملک دشمن عناصر مذموم مقاصد کا حصول چاہتے ہیں، وزیر خزانہ

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ و مائنز اینڈ منرلز میر شعیب نوشیروانی نے جنوبی وزیرستان میں سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے حملے میں سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے شہادت نوش کی، دہشتگردی کا قلع قمع کرنے کیلئے فورسز کے جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاکستان دشمن عناصر امن وامان کو خراب کرنے کیلئے مذموم مقاصد کا حصول چاہتے ہیں، دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے عوام .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سول نافرمانی تحریک کو جاری یا موخر کرنے کا فیصلہ بانی کریں گے، شوکت یوسفزئی

پشاور (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ سول نافرمانی کی تحریک کو جاری رکھنے یا موخر کرنے کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی کریں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کے بعد بانی پی ٹی آئی

سویلین کا آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل حکومت کی ناکامی، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (م ڈ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سویلین کا آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل سول حکومت کی ناکامی ہے۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام کے ووٹ کی عزت نہ ہو تو عدم استحکام بڑھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد تنظیمات مدارس کے مطالبات پر اتفاق اچھا فیصلہ ہوگا۔

نوشکی، جے یو آئی کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نواب ثناء اللہ خان زہری سے رکن صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو کی ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی سیاست سمیت مختلف باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے انکی رہائشگاہ جھالاوان ہاؤس کراچی میں مسلم لیگ ن کے سینئر رکن صوبائی وزیر برائے ریونیو میر محمد عاصم کرد گیلو پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے سینئر رکن سردار زادہ میر ظفر اللہ خان ساسولی سابق بیوروکریٹ انور سادات کمبرانی و دیگر نے ملاقات کی نواب ثناء اللہ خان زہری کو سفر حجاز مقدس اور عمرہ کی سعادت حاصل .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے سپریم کورٹ بار کے صدر رؤف عطا ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کی علی امین گنڈاپور کو اپوزیشن سے رابطے کی ہدایت

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے مذاکراتی عمل تیز کرنے کے لیے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کو حزب اختلاف سے رابطے کا ٹاسک سونپ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے وزیراعلیٰ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ میں 93 طلبہ زیر تعلیم

گوادر (م ڈ) گوادر میں پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ (پی سی ٹی وی آئی) نے 10 سپیشلائزڈ ڈپلومہ پروگرامز میں 93 طالب علموں کے داخلہ کے ساتھ ایک سنگ میل عبور کرلیا ہے، خطے کی تیزی سے بڑھتی ہوئی ہائی ٹیک صنعتوں کی ضروریات .... بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

امیر مقام کی دہشت گرد حملے کی مذمت، شہداء کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی وزیر و صدر مسلم لیگ (ن) خیبرپختونخوا انجینئر امیر مقام نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ہفتہ کو یہاں جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے جنوبی وزیرستان کے علاقے کیکن میں سیکورٹی چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی .... بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خاتمے میں پوری قوم پاک فوج کیساتھ کھڑی ہے، عبیداللہ گورگیج

جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کے حملے ہمارے عزائم کو کمزور نہیں کر سکتے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی میر عبیداللہ گورگیج نے جنوبی وزیرستان کے علاقے میں دہشت گردوں کے حملے میں سیکورٹی فورسز کے 16 جوانوں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کی جنگ میں پوری پاکستانی قوم پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے مٹھی بھر دہشت گرد ہمارے عزائم کو کمزور نہیں کر سکتے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں رکن اسمبلی .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پوری قوم شہداء پاک افواج کی قرضدار ہے، بشریٰ رند

دہشتگردی کیخلاف جام شہادت نوش کرنے والے 16 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، سابق رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) سابقہ رکن صوبائی اسمبلی محترمہ بشریٰ رند نے جنوبی وزیرستان کے علاقے کیکن میں سیکورٹی چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے 16 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں پاک فوج کے 16 شہداء کو قوم سلام پیش کرتی ہے شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف مذاکرات کیلئے 9 مئی پر معافی مانگنے کا مطالبہ کرینگے، جاوید لطیف

پی ٹی آئی حکومت بنوانے میں انٹرنیشنل اسٹیبلشمنٹ کا کردار تھا، 8 فروری کے الیکشن میں بھی فیض حمید کے ذریعے سہولت کاری کی گئی

کیسے مان لوں فیض حمید سب کچھ کر رہے تھے اور باجوہ کو علم نہ ہو؟ عمران خان بیک ڈور چینلز سے فوری رہائی کا تقاضا کرتے ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) رہنما مسلم لیگ ن میاں جاوید لطیف نے کہا ہے نواز شریف مذاکرات کیلئے 9 مئی پر معافی مانگنے کا مطالبہ کریں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے جاوید لطیف نے کہا پی ٹی آئی حکومت بنوانے میں انٹرنیشنل اسٹیبلشمنٹ کا کردار تھا، عمران خان نے انٹرنیشنل اسٹیبلشمنٹ کا مفاد چھوڑا تو عدم اعتماد ہوگیا، پی ٹی آئی حکومت کیخلاف عدم اعتماد نہیں لانی چاہیے تھی، میاں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کے میزائل صلاحیتوں سے متعلق الزامات بے بنیاد ہیں، شیخ بلال مندوخیل

میزائل پابندیوں سے متعلق کریڈٹ پی ٹی آئی کی بیرون ملک قیادت کو جاتا ہے، رہنما پی پی

پاکستان نے امریکہ سے دوطرفہ تعلقات کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ امریکہ کی پاکستان کے میزائل صلاحیتوں سے متعلق الزامات بے بنیاد، غیر منطقی اور تاریخ سے لاعلمی پر مبنی ہیں پاکستان اپنے قابل بھروسہ کم از کم دفاع کے حق سے دستبردار نہیں ہوگا پاکستان کی میزائل صلاحیتوں اور ڈیلیوری سسٹم سے متعلق مبینہ خطرات .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ بارے کوتاہی برداشت نہیں، نور احمد پرکانی

ترقیاتی کاموں کی رفتار کو تیز کیا جائے عوامی مفادات کے منصوبوں پر کام کے معیار کو بہتر رکھنا اولین ترجیح ہونی چاہئے

چیف کنزرویٹر اسلم بزدار کی بریفنگ، سیکرٹری جنگلات نے جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا، موقع پر حکام کو ہدایت

کوئٹہ (ء ن) سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات نور احمد پرکانی نے کہا ہے کہ جنگلات اور جنگلی حیات کا تحفظ اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی کسی بھی قدرتی ماحول کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دینگے، ترقیاتی کاموں کی رفتار کو تیز کیا جائے عوامی مفادات کے منصوبوں پر سست روی ناقابل برداشت عمل ہے عملہ و افسران عوام کے خادم ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایک بچی کرسمس کے موقع پر ٹیبلو پیش کر رہی ہیں

تنظیمی دوروں کا عمل 25 دسمبر سے شروع کیا جائیگا، مولانا عبدالرحمان رفیق

جماعت کے اصول و ضوابط اور تنظیم کو مزید مضبوط بنایا جائیگا، رہنما جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام ماتحت یونٹوں اور تحصیلوں کے دورے بھرپور انداز میں جاری ہیں ان دوروں کا مقصد جماعت کے دستوری شعبہ جات کو مزید فعال اور مضبوط بنانا ہے۔ ماتحت یونٹوں نے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمان رفیق کی جانب سے خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی جماعت کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد کا اعلان کیا ہے 11 دسمبر سے شروع ہونے والے تنظیمی .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق کی مالی معاونت سے سڑکوں کے منصوبے ترقی کیلئے اہم ہیں، ظہور بلیدی

یہ سڑکیں دوسرے صوبوں کیساتھ ساتھ ایران اور افغانستان سے بھی جا ملتی ہیں، صوبائی وزیر

آرمی چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملہ قابل مذمت پوری قوم اپنے نوجوانوں کے ساتھ کھڑی ہے، ایکس پر بیان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا کہ بلوچستان میں وفاق کی مالی معاونت سے چلنے والے سڑکوں کے منصوبے صوبے کی .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پشین میں ہونے والی جعلی الاٹمنٹ عوام کو قبول نہیں، پشتونخوا نیپ

فارم 47 کی حکومت انتظامیہ عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہو چکے ہیں، عیسیٰ روشان، فقیر خوشحال کاسی

پشین (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشین شہر سمیت مختلف علاقوں میں چوری، ڈکیتی کے واقعات انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ضلع پشین میں ہونے والی جعلی الاٹمنٹ عوام کو کسی صورت قابل قبول نہیں فورسز کی جانب سے مختلف دیہات اور گھروں پر چھاپے قابل مذمت ہے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیپ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

اقتدار اور ذاتی مفادات جمعیت نظریاتی کا ہدف نہیں، قاری مہر اللہ

مسلط فرسودہ نظام سے نجات کیلئے سیاسی میدان میں اترے ہیں، رہنما جمعیت (ن)

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا عبدالصمد حاجی منہاج الدین ضلعی سیکرٹریٹ میں سیاسی وفود سے حلقہ 45 انتخابات کے حوالے سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول جمعیت نظریاتی کا ہدف نہیں انسانیت کی خدمت اور دین کی اشاعت کیلئے سیاست کر رہے ہیں اور ملک پر مسلط .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

25 دسمبر کو نواز شریف کی سالگرہ کے موقع پر تقریبات منعقد کی جائیں، مسلم لیگ (ن)

ڈویژن وضلعی صدور اور تقریبات کی ویڈیو کلپ جمال شاہ کاکڑ کو ارسال کریں، اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سیکرٹری جنرل احسن اقبال کی ہدایت کے تحت بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کے ایک اعلامیہ کے مطابق صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل نے پارٹی کے تمام ڈویژن صدور اور ضلعی صدور اور مختلف ونگز کو ہدایات جاری کی ہے کہ وہ 25 دسمبر کو مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کی سالگرہ اور قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کی مناسبت سے اپنے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اے این ایف کی کارروائی گوادر و قلعہ عبداللہ سے کروڑوں مالیت کی چرس برآمد

عملے نے گوادر کے ویران علاقے سے 800 کلو چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس کے عملے نے گوادر اور قلعہ عبداللہ کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اے این ایف کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر بلوچستان کے علاقے قلعہ عبداللہ میں ایک غیر آباد مقام پر چھاپہ مار کر چھپائی گئی 1270 کلو چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لی دوسری کارروائی میں گوادر کے ویران علاقے سے 800 کلو چرس برآمد .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امداد چوک پر روڈ کراس کرنے کیلئے بنائے گئے پل کو توڑا جا رہا ہے

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی مولانا محمد خان شیرانی سے ملاقات

29 دسمبر مظالم و ناانصافی کیخلاف گرینڈ مشاورت جرگہ میں متفقہ لائحہ عمل طے کریں گے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں وفد کا مولانا محمد خان شیرانی سے ملاقات 29 دسمبر قومی قبائلی مشاورت میں شرکت کی دعوت دی امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے وفد کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ و ممتاز عالم دین قبائلی رہنما مولانا محمد خان شیرانی .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی کیخلاف قوم پاک فوج کر ساتھ کھڑی ہے، عبدالعلیم خان

جوانوں نے مادر وطن کی حفاظت کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کر دیئے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے عفریت پر قابو پانے کے لئے ساری قوم پاک فوج کر ساتھ کھڑی ہے۔ جاری اپنے ایک بیان میں عبدالعلیم خان کا کہنا تھا عسکری اداروں کے جوانوں نے مادر .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ کی جانب سے مالکان کو پرائیویٹ ہاسٹل رجسٹریشن کرانے کی ہدایت

رجسٹریشن کیلئے 5 یوم مقرر بصورت دیگر ہاسٹل سیل اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، بیان

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے پرائیویٹ ہاسٹل مالکان کو ہاسٹل کی رجسٹریشن کرانے کی ہدایت کردی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک بیان میں پرائیویٹ ہاسٹل مالکان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 5 یوم کے اندر اندر اپنے ہاسٹل کی رجسٹریشن ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے کرائیں بصورت دیگر ہاسٹل کو سیل کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پشتونخوا وطن مالی بحران کیساتھ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، اے این پی

12 سالوں سے شہید بشیر احمد بلور کی مسکن پشتونخوا دہشت گردوں انتہا پسندوں کے ہاتھوں یرغمال اور مقید ہے

پشتون خوا میں 40 ہزار دہشت گرد دوبارہ آباد کیا گیا جس کی وجہ سے آئے روز بے گناہ پشتون تہہ تیغ ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں شہید امن بشیر احمد بلور کی 12 برسی کے موقع پر انہیں ان کی انمٹ قربانی اور شہادت پر خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ گزشتہ 12 سالوں سے شہید بشیر احمد بلور کی مسکن پشتونخوا دہشت گردوں انتہا پسندوں کی سیاسی ونگ کے ہاتھوں یرغمال اور مقید ہے دہشت گردوں کو دوبارہ آباد کرنے والے فیض پشتونوں کے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، ضیاء الدین آغا و دیگر مقامی ٹریولز ایجنسی کا افتتاح کر رہے ہیں

ان لینڈ ریونیو سروس کے مزید 14 افسر تبدیل کر دیئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ان لینڈ ریونیو سروس سے تعلق رکھنے والے گریڈ 17 تا 20 کے مزید 14 افسر تبدیل کر دیئے، نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کے ڈائریکٹر خالد جمیل کو چیف ان لینڈ ریونیو ٹرانسفارمیشن .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت گوادر میں اوورسیز کیلئے ایکسپورٹ پروسیسنگ زون قائم کرے، شیخ قیصر محمود

ٹوکیو (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما شیخ قیصر محمود نے کہا ہے کہ حکومت کو گوادر میں اوورسیز پاکستانیوں کے لیے ایکسپورٹ پروسیسنگ زون قائم کرنا چاہیے تاکہ بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی سرمایہ کاری کے ذریعے ملکی معیشت کو مزید مستحکم کر سکیں۔ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

جنوبی وزیرستان میں دہشتگرد حملے پاکستان کو کمزور کرنیکی کوشش ہے، ولی نورزئی

حملے میں شہید ہونے والے فوجی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کیلئے باعث فخر ہیں، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے جنوبی وزیرستان کے ضلع کیکن میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر خوارج کے حملے میں 16 اہلکاروں کے شہید ہونے کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے اس حملے کو دہشت گردی کی کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کے عوام اور افواج کے حوصلے کو کمزور کرنے کی مذموم کوشش ہے حاجی ولی محمد نورزئی نے مزید کہا کہ دہشتگردوں .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

3 خواتین سمیت گداگری میں ملوث سعودی عرب جانے والے 4 مسافر گرفتار

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کے امیگریشن سیل نے سیالکوٹ اور کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے گداگری میں ملوث 3 خواتین سمیت سعودی عرب جانے والے 4 مسافروں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے گوجرانوالہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے سیالکوٹ ایئرپورٹ .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارے اسلاف نے صوبے کے عوام کی بہترین رہنمائی کی، مولانا واسع

علماء کی یہ جماعت ملک کی نظریاتی سرحدات کی محافظ رہی ہے، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہر طرح کی تفریق بالاتر ہو کر صوبے کی محرومیوں کے خاتمے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے صوبے کے طول و عرض میں واحد جماعت جمعیت علماء اسلام عوام کو قابل قبول ہے صوبے کے سیاسی تناظر میں ہماری درخشاں تاریخ رہی، ہمارے اسلاف نے صوبے کے عوام کی بہترین رہنمائی کی، انہیں خوشنما نعروں اور تاریک .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

نجی ایئرلائن فلائی جناح میں ایک اور نئے طیارے کا اضافہ

کراچی (بیورو رپورٹ) نجی ایئرلائن فلائی جناح میں ایک اور نئے طیارے کا اضافہ کر دیا گیا، سستے ترین کرایوں کی حامل ملکی نجی ایئرلائن میں شامل نئے ایئربس 320 ساختہ طیارے کے ذریعے کراچی۔اسلام آباد کی پرواز 670 آپریٹ کی گئی اور طیارہ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی ڈیفنس میں پولیس مقابلہ، 2 اغواکار ہلاک، شہری بازیاب

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے ڈیفنس میں پولیس سے مقابلے میں 2 اغوا کار ہلاک ہو گئے اور شہری کو بازیاب کرا لیا گیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق مقابلے کے دوران 2 اغوا کار فرار ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے جبکہ ہلاک ملزمان .... بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

گداگری میں ڈی پورٹ شخص دوبارہ سعودی عرب جانے کی کوشش میں گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) گداگری کی وجہ سے ڈی پورٹ کیے گئے شخص کو دوبارہ سعودی عرب جانے کی کوشش میں گرفتار کر لیا گیا، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے ترجمان کا کہنا ہے مسافر الہانداد پنہور کو امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر آف لوڈ کیا، نام بلیک لسٹ کیٹیگری میں شامل تھا، الہانداد پنہور سال 2019ء میں عمرہ ویزا پر سعودی عرب گیا۔

ملک میں 75 سال سے شفاف انتخابات نہیں ہوئے، پیر پگارا

ملک کی سیاست میں کوئی چیز ناممکن نہیں تاہم اس ملک کیلئے ہمیں فوج کے ہاتھ مضبوط کرنے ہونگے، روحانی پیشوا

میر ظفر اللہ خان جمالی پارلیمنٹ میں ایک بلند اور توانا آواز تھے، ہمارے باپ دادا کے ساتھ محبت عقیدت کا تعلق تھا

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دھنی بخش مگسی) حروں کے روحانی پیشوا سید صبغت اللہ شاہ راشدی پیر پگارا نے کہا ہے کہ فوج کی ملک کو ضرورت ہے موجودہ حکومت کے ہاتھ اور پاؤں دونوں باندھے ہوئے ہیں ججز اپنی مرضی کے فیصلے کر رہے ہیں 75 سالوں سے کوئی غیر جانبدار الیکشن نہیں ہوئے 1970 میں غیر جانبدار الیکشن ہوئے تو اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا گیا جس کے نتیجے میں ملک کے دو ٹکڑے ہوئے 2024 کے انتخابات .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں نے پاکستان کو آگ و خون میں دھکیل دیا، جمعیت نظریاتی

طاقت کا استعمال کسی مسئلے کا حل نہیں آپریشنز کے ذریعے ملک کی سلامتی داؤ پر لگانا عقلمندی نہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی

اس جنگ نے معاشی طور پر ملک کو بلین ڈالروں کا نقصان پہنچا کر تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، مولانا عبدالرؤف، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مفتی فدا محمد

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پشین، چیئرمین پی اے سی رکن اسمبلی حاجی اصغر علی ترین و دیگر مقررین (ایس بی کے) سب کیمپس پشین کے نئی تعمیر شدہ عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کو اب مقررہ مدت کے اندر پاسپورٹ ملیں گے، محسن نقوی

کراچی میں پاسپورٹ آفس عوامی مرکز اور نادرا ڈیفنس میگا سینٹر کا دورہ، مسائل سنے

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے شہریوں کو پاسپورٹ کے اجرا میں ہونے والی تاخیر کا ازالہ کیا جا رہا ہے، اب مقررہ مدت کے اندر پاسپورٹ ملیں گے، وزیر داخلہ محسن نقوی نے 24/7 اوپن پاسپورٹ آفس عوامی مرکز اور نادرا ڈیفنس میگا سینٹر کے اچانک دورے کے دوران پاسپورٹ اور شناختی کارڈز بنوانے کے لیے آئے شہریوں سے ملاقات کی۔ محسن نقوی نے پاسپورٹ اور شناختی کارڈز بنوانے کے عمل کے بارے میں پوچھا جس .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ڈیرے سے شیر باہر نکل آیا، گارڈ نے ہلاک کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے علاقے ہربنس پورہ کی ہاؤسنگ اسکیم میں ڈیرے سے شیر باہر نکل آیا۔ ہاؤسنگ اسکیم کے گارڈز نے شیر کو گولیاں مار کر ہلاک کر دیا۔ واقعے کا مقدمہ وائلڈ لائف انسپکٹر کی مدعیت میں گارڈ کے خلاف درج کر لیا گیا۔ سوسائٹی میں شہری نے ڈیرے پر شیر پال رکھا تھا، ذرائع کے مطابق شیر گلیوں میں بھاگ رہا تھا۔

حج اور عمرہ کے لیے نہ کوئی بھکاری جائے گا اور نہ ہی منشیات فروش، طاہر محمود اشرفی

اسلام آباد (م ڈ) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستان سے حج اور عمرہ کے لیے نہ کوئی بھکاری جائے گا اور نہ ہی منشیات فروش۔ ایک بیان میں حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ بھکاری اور منشیات فروش ملک کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے فلسطین کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین کے خلاف .... بقیہ 83 صفحہ نمبر 7 پر

پسنی فش ہاربر و بی سی ڈی اے ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں، نیشنل پارٹی

پسنی فش ہاربر مکران ریجن کیلئے ماہی گیری و تجارتی سرگرمیوں کا مرکز ہے، رحمت صالح بلوچ

منظم سازش کے تحت پسنی فش ہاربر کو ناکارہ بنا دیا گیا، مرکزی رہنماء و رکن اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پسنی فش ہاربر اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (بی سی ڈی اے) کے ملازمین کی چھ ماہ سے تنخواہوں کی بندش کو حکومتی نااہلی اور ایک دانستہ سازش قرار دیا ہے انہوں نے اس صورتحال کو انتہائی قابل مذمت اور ناقابل برداشت قرار دیتے ہوئے حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے میر رحمت صالح .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

BOM-AP320 نئے انجنوں کیساتھ پی آئی اے آپریشنل بیڑے میں شامل

جہاز کو نئے پینٹ و کیبن کی تزئین و آرائش کے ساتھ ہینگر سے رول آؤٹ کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پی آئی اے کے آپریشنل فلیٹ میں تیزی سے اضافہ جاری، اضافہ ایئربس BOM-AP 320 ہے جسے نئے انجنوں کے ساتھ آپریشنل بیڑے میں شامل کیا گیا ہے جہاز کو نئے پینٹ اور کیبن کی تزئین و آرائش کے ساتھ ہینگر سے رول آؤٹ کیا گیا ہے پی آئی اے کے آپریشنل بیڑے میں اگلے چند دنوں میں طویل عرصے سے گراؤنڈ بوئنگ 777 اور ATR طیارے بھی شامل ہو جائیں گے فلیٹ بحالی سے پی آئی اے .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

یو اے ای میں قید 4 ہزار 700 پاکستانیوں کے پاسپورٹس بلاک

اسلام آباد (م ڈ) وزارت داخلہ نے متحدہ عرب امارات میں قید 4 ہزار 700 پاکستانیوں کے پاسپورٹس بلاک کر دیئے۔ ذرائع وزارت داخلہ کے مطابق متحدہ عرب امارات میں مختلف جرائم میں 5292 پاکستانی شہری قید ہیں جن میں سے 4700 پاکستانیوں ...... بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

بی این پی (عوامی) حق حاکمیت کی حقیقی جنگ لڑ رہی ہے، واجہ اسد بلوچ

اقتدار ہماری منزل نہیں ہر فورم پر بلوچستان کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے، مرکزی صدر

پارٹی ورکرز نے ہر مشکل گھڑی میں ساتھ دیا، کراچی میں خاران کے وفد سے گفتگو

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر رکن صوبائی اسمبلی واجہ میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ پارٹی کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مجھے اپنے کارکنوں پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں خاران کے وفد سے گفتگو بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی خاران کے ڈپٹی آرگنائزر میر حبیب خان ملازئی۔ آرگنائزنگ کمیٹی ممبرز و مرکزی کونسلران حاجی محمد یعقوب ساسولی۔ حافظ علی نواز ملازئی۔ برکت نواب نوشیروانی۔ ضلعی ترجمان تکری جہانگیر ملازئی ملاقات .... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

پی بی 45 کے عوام ووٹ کی پرچی سے اپنے روشن مستقبل کا فیصلہ کریں، پشتونخوا میپ

8 فروری کو جس بھونڈے انداز میں ڈاکہ اور فارم 47 کے نمائندے کو مسلط کیا گیا اس کے باعث آج بھی عوام مشکلات سے دوچار ہیں، عبدالقہار خان ودان

مسائل کے حوالے سے پارٹی کارکنوں کی تگ و دو عوام پر احسان نہیں یہ ان کا فریضہ ہے، سید شراف آغا و دیگر کا انتخابی مہم کے سلسلے میں اجلاسوں سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت پشتونخوا میپ کے شعار کا حصہ ہے، اجتماعی خدمت پارٹی کارکن عبادت سمجھ کر رہے ہیں، بلا رنگ و نسل، زبان تمام عوام کے مسائل حل کرنا ان کے ساتھ ہر شعبہ زندگی میں پارٹی کارکنوں کی تگ و دو عوام پر کوئی احسان نہیں بلکہ کارکنوں کا فریضہ ہے، انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محرومی کی ذمہ دار حکومت .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے ساتویں ضلعی کنونشن بنام شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کے موقع پر اسٹیج پر نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ، علی احمد لانگو و دیگر بیٹھے ہیں

نان ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں 4 ماہ کے دوران نمایاں اضافہ

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے نان ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 17.6 فیصد بڑھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے نان ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے برآمدات میں نمایاں اضافے کے باعث ملکی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے۔ نان ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 17.6 فیصد اضافے کے ساتھ 4.02 ارب ڈالر سے بڑھ کر 4.73 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ وفد کے ہمراہ جے یو آئی پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی سے ملاقات میں 29 دسمبر قومی قبائلی سربراہان مشاورت کا دعوت نامہ دے رہے ہیں

مدارس بل منظور ہو چکا نوٹیفکیشن لیا گیا تو انسانوں کا سمندر اسلام آباد کا رخ کریگا، مولانا حیدری

بل کو حکومتی جماعتوں نے اتفاق رائے سے پاس کیا، صدر مملکت نے 10 دن گزرنے کے بعد اعتراضات اٹھائے

بلوچستان اور خیبر پختونخوا جل رہے، حکومتی رٹ کہاں؟ پاکستان کہاں آگے جا رہا ہے؟ وسائل پر اپنا حق جتلانا غداری نہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سینئر رہنما عبدالغفور حیدری نے کہا ہے مدارس بل منظور ہو چکا، نوٹیفکیشن بھی آئے گا، یوٹرن لیا گیا تو انسانوں کا سمندر اسلام آباد کا رخ کرے گا، جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) لاہور کے زیر اہتمام فلسطین زندہ باد کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، خطاب کرتے ہوئے عبدالغفور حیدری نے کہا مدارس بل کو حکومتی جماعتوں نے اتفاق رائے سے پاس کیا، صدر نے 10 دن گزرنے کے بعد اعتراضات اٹھائے

بجلی کی آسمان کو چھوتی قیمتوں کے سبب 2024 صارفین کیلئے مشکلات کا سال رہا

ایک سال کے دوران ڈسکوز صارفین کیلئے بجلی 39 روپے 25 پیسے فی یونٹ اور کے الیکٹرک صارفین کیلئے 26 روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی

ڈسکوز میں سے کوئی بھی ہدف پورا نہ کر سکی اور کمپنیوں کی ناقص کارکردگی نے ایک سال میں قومی خزانے کو 596 ارب کا نقصان پہنچایا

کراچی (بیورو رپورٹ) بجلی کی آسمان کو چھوتی قیمتوں کے سبب 2024 صارفین کیلئے مشکلات کا سال رہا۔ ماہانہ اور سہ ماہی فیول ایڈجسٹمنٹس، لائن لاسز اور کاسٹی پے منٹس کی مد میں بجلی کے صارفین پر اربوں روپے کا بوجھ ڈالا گیا۔ ایک سال کے دوران ڈسکوز صارفین کیلئے بجلی 39 روپے 25 پیسے فی یونٹ اور کے الیکٹرک صارفین کیلئے 26 روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی ہوئی۔ دستیاب ڈیٹا .... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

تربت یونیورسٹی ہمارا قومی اثاثہ ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

یونیورسٹی کی مزید ترقی کیلئے تمام لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے، سابق وزیراعلیٰ

سربراہ نیشنل پارٹی کا دورہ یونیورسٹی مختلف شعبوں کا معائنہ اساتذہ کرام و انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا

تربت (آئی این پی) تجربہ کار پارلیمنٹیرین و رکن صوبائی اسمبلی اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے یونیورسٹی آف تربت کا دورہ کیا اپنے دورے کے دوران انہوں نے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی یونیورسٹی آمد پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا وائس چانسلر نے پرتپاک .... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر